www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | ہفتہ 29 ربیع الثانی 1446ھ 02 نومبر 2024ء، صفحات 08 | شمارہ 125

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

# سانحہ مستونگ پر دل دکھی ہے، تعلیمی اداروں کو ویران نہیں ہونے دینگے، معصوم بچوں، بے گناہ شہریوں کے خون کا حساب لیا جائیگا، وزیراعلیٰ

دہشت گردوں نے غریب مزدوروں کے بعد معصوم بچوں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا، دہشت گردی کا یہ واقعہ انسانیت سوز ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا

شہری آبادی میں مقامی افراد کو بھی دہشت گردوں پر نظر رکھنی ہوگی مل جل کر ہی دہشت گردی کے عفریت کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے، ہمارا عزم کمزور نہیں ہوا دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے، میر سرفراز

ہم نوجوانوں کو تعلیم یافتہ اور معاشرے کا باوقار فرد بنانا چاہتے ہیں دوسری جانب دہشت گرد نوجوانوں کو ورغلا کر ریاست کے خلاف زہر بھر رہے ہیں اور انہیں خودکش بنا رہے ہیں، طالبات خوب محنت کریں

ڈگری کالج کوئٹہ میں طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کی پروقار تقریب وزیراعلیٰ کا گرلز کالج میں ہائی ٹیک لیب قائم کرنے، بچیوں کو 50 پنک اسکوٹیز اور میرٹ پر مزید لیپ ٹاپ دینے کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر معصوم بچوں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا واقعہ پر دکھی ضرور ہیں لیکن دہشت گردی کی بیخ کنی کے خلاف ہمارا عزم کمزور نہیں ہوا دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے اور ایسی بزدلانہ حرکتوں سے خوفزدہ ہو کر اپنے تعلیمی ادارے ویران نہیں ہونے دیں گے بلوچستان کے ذہین طالب علموں کو دنیا بھر کے مایہ ناز تعلیمی اداروں میں تعلیمی مواقع فراہم کر رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کوئٹہ میں طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے گرلز کالج میں ہائی ٹیک لیب کے قیام، بچیوں کو 50 پنک اسکوٹیز اور میرٹ پر مزید لیپ ٹاپ کی فراہمی کا اعلان بھی کیا، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی بچیوں کو خود اعتمادی دیکر انہیں تعلیم......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

## چیف جسٹس سے خط لکھنے والے 6 ججز کی ملاقات

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے حلف اٹھانے کے اگلے روز ملے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے خط لکھنے والے اسلام آباد ہائیکورٹ کے 6 ججز نے ملاقات کی، ذرائع کے مطابق چیف جسٹس پاکستان نے حلف برداری کے بعد بائیکورٹس......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ سیکورٹی اہلکار دھماکے میں تباہ ہونے والی پولیس وین کا معائنہ کر رہا ہے

## وزیراعظم کے دورہ قطر کا اعلامیہ جاری، اقتصادی شعبوں میں سرمایہ کاری پر اتفاق

ملاقات میں دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز رہی، سرمایہ کاری اور تجارت پر خصوصی زور دیا گیا

شہباز شریف کا پرتپاک استقبال اور فراخدلی سے مہمان نوازی پر اظہار تشکر، تعلقات مضبوط بنانے اور موجودہ تعاون کو فروغ دینے کی خواہش کا اظہار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور قطر نے باہمی افہام و تفہیم بڑھانے، تعاون گہرا کرنے اور نئے افق کو تلاش کرنے کیلئے اعلیٰ سطح کے دوروں کے مسلسل تبادلے کی اہمیت پر اتفاق کیا، وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ قطر کا مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا، وزیراعظم شہباز شریف نے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی سے دوحہ میں ملاقات کی، الدیوان الامیری پہنچنے پر امیر قطر نے وزیراعظم اور ہمراہ وفد کا استقبال......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج میں لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

## مسلح افواج بھی مطلوب شخص کو 3 ماہ تک حراست میں رکھ سکیں گی، انسداد دہشتگردی ترمیمی بل پیش

آرٹیکل 10 اے کے تحت 3 ماہ کے بعد بھی قید رکھنا ممکن، زائد حراست یا نظر بندی میں شفاف ٹرائل کا حق دیا جائے گا

الزامات پر تحقیقات جے آئی ٹی کرے گی، ترمیم وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے لائی گئی، بل غور کیلئے کمیٹی کے سپرد

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997 میں مزید ترمیم کا بل قومی اسمبلی میں پیش کر دیا گیا، اسپیکر ایاز صادق کی زیر صدارت اجلاس میں وفاقی وزیر قانون نے انسداد دہشت گردی ترمیمی بل پیش کیا، انسداد دہشت گردی ترمیمی بل غور کیلئے کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا، مجوزہ ترمیم کے تحت مسلح افواج، سول مسلح افواج کو جرائم میں ملوث شخص کو 3 ماہ تک حراست میں رکھنے کا اختیار ہوگا جبکہ......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری مستونگ دھماکے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکار کے جنازے کو کندھا دے رہے ہیں

### بم پولیس کی گاڑی کو نشانہ بنانے کیلئے موٹرسائیکل میں نصب کیا گیا تھا، شہید ہونیوالوں میں ایک پولیس اہلکار، بینک منیجر اور راہگیر بھی شامل

# مستونگ: گرلز سکول کے قریب دھماکہ، 5 بچیوں سمیت 9 افراد شہید

صدر، وزیراعظم اور وزیر داخلہ کی مذمت

جمعہ کی صبح مستونگ میں نامعلوم افراد نے سول ہسپتال اور گرلز ہائی اسکول کے قریب موٹرسائیکل میں نصب بم کے ذریعے پولیس کی گاڑی کو نشانہ بنایا، دھماکہ اتنا شدید تھا قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے

بچوں کو سکول لے جانے والی وین بم دھماکے کی زد میں آ گئی، دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، ایف سی اور دیگر اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، زخمیوں اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کیا

11 زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویشناک حالت میں ٹراما سینٹر کوئٹہ منتقل کر دیا گیا دھماکے سے پولیس موبائل سمیت متعدد گاڑیوں اور رکشوں کو نقصان پہنچا، ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی

صدر آصف زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی، چاروں صوبوں کے گورنرز وزرائے اعلیٰ، چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینٹ، اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر، سیاسی جماعتوں کے قائدین کی شدید مذمت

مستونگ (سٹی رپورٹر + نامہ نگار) مستونگ میں موٹرسائیکل میں نصب بم دھماکے میں پولیس اہلکار اور اسکول کی بچیوں سمیت 9 افراد شہید جبکہ 34 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق جمعہ کی صبح مستونگ میں نامعلوم افراد نے سول ہسپتال اور گرلز ہائی اسکول کے......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

## خیبرپختونخوا میں غیر سنجیدہ حکومت ہے، قطر پاکستان میں 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کریگا، عطا تارڑ

معاشی ترقی کی وجہ سے مہنگائی 6.9 فیصد پر آ گئی، خارجہ محاذ پر پاکستانی عزت میں اضافہ، ملک 24 سال بعد فسکل سرپلس میں گیا

وزیراعظم کا دورہ سعودیہ، قطر انتہائی کامیاب رہا، گنڈاپور حکومت چلانے کے اہل نہیں، عوام جلد گریبان پکڑیں گے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ قطر پاکستان میں 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گا جس سے پاکستان کی معیشت کو مزید تقویت ملے گی، معاشی ترقی کی وجہ سے مہنگائی 6.9 فیصد پر آ گئی، خارجہ محاذ پر پاکستان......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

### لیگی منحرف رہنما عادل خان کی نااہلی کیلئے تیسرا خط الیکشن کمیشن کو ارسال

تیسرا خط ایڈوائزر قانون سازی مشتاق کی جانب سے سیکرٹری الیکشن کمیشن کو بھجوایا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے (ن) لیگ کے منحرف رکن اسمبلی عادل خان پارٹی کے نااہلی ریفرنس پر جلد فیصلے کیلئے الیکشن کمیشن کو تیسرا خط......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

### اقلیتی برادری کا پاکستان کی تعمیر و ترقی میں کلیدی کردار، گورنر، وزیراعلیٰ

اقلیتوں کو مذہبی آزادی حاصل، دنیا بھر کے ہندوؤں کو دیوالی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، جعفر مندوخیل

ہم اقلیتوں کو خود سے الگ نہیں سمجھتے، نجے کمار کی سرفراز بگٹی سے ملاقات، وزیراعلیٰ نے دیوالی کا کیک کاٹا

کوئٹہ (خ ن + آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری مذہبی امور نجے کمار کی سربراہی میں اقلیتی نمائندہ وفد نے ملاقات کی اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے اقلیتی برادری کو دیوالی کی مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اقلیتی رکن اسمبلی و وفد کے ہمراہ دیوالی کا کیک کاٹا اس موقع پر صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

## جی ایچ کیو حملہ کیس، عمران خان کو چالان کی نقول فراہم، 21 سنگین دفعات عائد

سابق وزیراعظم کا صحت جرم سے انکار

فرد جرم 8 نومبر کو عائد کی جائے گی، میرا کیس سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ میں تو گرفتار تھا، بانی پی ٹی آئی کا موقف

ملزمان نے سابق وزیر کی قیادت میں راجہ بشارت کی قیادت میں حملہ کیا، بغاوت کا سامان پیدا کیا گیا، چالان کا متن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جی ایچ کیو حملہ کیس میں انسداد دہشتگردی عدالت نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو چالان کی......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

## کبھی کبھی سپریم کورٹ کے ایک جملہ لکھنے سے کیسز 18، 18 سال چلتے رہتے ہیں، چیف جسٹس

رجسٹرار آفس کے اعتراضات کیخلاف اپیل سن رہا تھا، وکیل نے استدعا کی متعلقہ فورم سے رجوع کرنے کی ہدایت جاری کی جائے

حکم میں ایسا کچھ نہیں لکھیں گے جس سے دوبارہ سول کورٹ میں کیس شروع ہو جائے، جسٹس یحییٰ آفریدی کے ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے کہ کبھی سپریم کورٹ کے ایک جملہ لکھنے سے کیسز 18، 18 سال چلتے رہتے ہیں، سپریم کورٹ میں زمین تنازع کیس کی سماعت چیف جسٹس یحییٰ آفریدی......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

### پاک سعودی بھاری سرمایہ کاری کا روڈ میپ طے، جلد پیشرفت متوقع

پاکستان سرمایہ کاری کیلئے اہم شعبوں کی ترجیحی فہرست کے مطابق عملدرآمد یقینی بنائیگا، عبدالعلیم خان

ریاض (بیورو رپورٹ) پاک سعودی بھاری سرمایہ کاری کا روڈ میپ طے کر لیا گیا، ایم او یوز پر جلد پیشرفت متوقع ہے، وزیراعظم کے دورہ سعودی عرب سے متعلق......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

### مستونگ دھماکہ، زخمیوں کو فوری طور پر مختلف ہسپتالوں میں پہنچا دیا گیا

ٹراما سینٹر کوئٹہ میں 7، سی ایم ایچ میں 4 زخمی داخل، 2 طبی امداد کے بعد فارغ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ دھماکے میں زخمی ہونے والے 35 زخمیوں کو ٹراما سینٹر کوئٹہ سمیت دیگر ہسپتالوں میں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے ٹراما سینٹر کوئٹہ میں 7 زخمی......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

### توشہ خانہ ٹو کیس میں عمران خان کی درخواست ضمانت پر اعتراضات دور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ نے توشہ خانہ ٹو کیس میں بانی پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت پر اعتراضات دور کر دیئے اور رجسٹرار آفس کو......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

### 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس میں نیب کے آخری گواہ پر جرح مکمل نہ ہو سکی

بشریٰ کی پھر عدم پیشی، جان بوجھ کر کیس کو طول دینے کی کوشش کی جا رہی ہے، نیب پراسیکیوٹر

بانی پی ٹی آئی کو سردیوں کے کپڑے، گرم شالیں فراہم، کتابیں و دیگر سامان بھی دیدیا گیا، ذرائع

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان اور اہلیہ بشریٰ کیخلاف 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس میں 35 ویں سماعت پر بھی نیب کے آخری گواہ پر جرح مکمل......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

### ملکی ترقی، استحکام کیلئے دہشت گردی کا جڑ سے خاتمہ ناگزیر ہے، عمر ایوب

وطن کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالے بہادر جوان فخر ہیں، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے بنوں آپریشن کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے ملکی ترقی اور استحکام کے......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے نوابزادہ لشکری رئیسانی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

### بشریٰ کے زمان پارک میں قیام کا دورانیہ مزید بڑھ گیا

لاہور (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ زمان پارک میں رہائش پذیر ہیں اور قیام میں مزید توسیع ہو گئی، ذرائع کے مطابق بشریٰ مزید 2 سے 3 روز زمان پارک میں قیام کریں گی، بشریٰ کی 2 روز قبل ڈسچارجمنٹ......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

## مستونگ واقعہ دلخراش، تعلیم و قوم دشمنی پر مبنی بزدلانہ فعل ہے، صوبائی وزراء

قبائل میں خواتین و بچوں کو کسی صورت نشانہ نہیں بنایا جاتا یہ ہماری روایات کے برعکس ہے، علی مدد جتک، سردار مسعود لونی، زرک مندوخیل

دشمن عناصر بیرونی آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے جو گھناؤنا کھیل کھیل رہے ہیں انہیں ہر فورم پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑیگا، حاجی محمد خان طور اتمانخیل، سلیم کھوسہ

دہشتگرد عناصر کے عزائم بلوچستان میں امن و امان خراب کرنا اور ترقی کے سفر کو روکنا ہے، شعیب نوشیروانی، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

کوئٹہ (خ ن + اے این این) صوبائی وزراء، پارلیمانی لیڈر میر سلیم کھوسہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے ایگزیکٹو کمیٹی کے......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کی طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کر رہے ہیں

### گرفتار ریسکیو اہلکاروں کی رہائی، گنڈاپور کا استقبال، پروموشن کا اعلان

گنڈاپور نے اہلکاروں کو ملاقات کیلئے وزیراعلیٰ ہاؤس بلایا، گل پاشی، ویڈیو بھی بنائی گئی

وزیراعلیٰ نے ریسکیو اہلکاروں کو ون سٹیپ پروموشن، ایک ماہ کی اضافی تنخواہ دینے کا اعلان کیا

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور نے ڈی چوک احتجاج کے دوران گرفتار ہونے والے ریسکیو اہلکاروں کا پھول نچھاور کر کے استقبال کیا، وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور نے ڈی چوک احتجاج کے دوران پکڑے گئے 42 ریسکیو اہلکاروں......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

### مستونگ دھماکے میں دس کلو بارودی مواد استعمال کیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ میں دھماکہ موٹر سائیکل میں نصب ریموٹ کنٹرول سے کیا گیا، بم ڈسپوزل ذرائع......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

### جب کیس مرنے کے قریب پہنچتا تو ڈیل قرار دیا جاتا ہے، علیمہ خان

بشریٰ، ہزاروں کارکنوں کیخلاف کوئی کیس نہیں، تاقیوں کی طرح ایف آئی آرز بنائی جا رہی ہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے اشتعال انگیز تقریر پر گرفتار کیا گیا، میری بہن نے آج تک ایسی کوئی بات نہیں کی، انسداد دہشت......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

### مستونگ دھماکہ، ہندو برادری کی جانب سے دیوالی کی تقریبات منسوخ

واقعہ کی شدید مذمت، شہید اور زخمی ہونے والوں کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار

مستونگ (یو این اے) ہندو برادری مستونگ نے سانحہ مستونگ میں شہید اور زخمی ہونے والے دلخراش واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے ہندو برادری نے سانحہ مستونگ میں......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

### پیر میں چوٹ کی وجہ سے صدر آصف زرداری کا دورہ چین مؤخر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف زرداری کا دورہ چین مؤخر کر دیا گیا، ذرائع کے مطابق چینی صدر کی دعوت پر صدر آصف زرداری کو رواں ماہ چین کے دورے پر جانا تھا، صدر زرداری کے دورہ چین کی......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

### پی ٹی آئی کے ساتھ کوئی رعایت اور ڈیل نہیں ہوگی، سینیٹر عرفان صدیقی

امید ہے عدلیہ قانون پر عملدرآمد میں مساوات کا اصول برقرار رکھے گی، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹ میں مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے پی ٹی آئی کی سازشوں پر مبنی ایسی کارستانیوں سے موجودہ حکومت کے ترقی کے سفر کو پٹڑی سے نہیں اتارا جا سکتا، نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

## 190 ملین پاؤنڈ سکینڈل میں نام ای سی ایل میں تھے، نکال دیئے، وزیر قانون

نظرثانی کا معاملہ آئین و قانون کے مطابق دیکھتے، کن اراکین کے نام ای سی ایل میں ہیں یا نہیں لسٹ کی سکروٹنی کر لیں گے

ایک مرتبہ نام شامل ہو جائے تو پھر ریویو میں جانا پڑتا، پی ٹی آئی ارکان شناختی کارڈ نمبر سیکرٹری اسمبلی کو دیدیں، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ سکینڈل میں جو نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ای سی ایل) میں تھے نکال دیئے، قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی اراکین کے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ایگزٹ کنٹرول لسٹ سے نام نکالنے پر نظرثانی ہوتی ہے، پورے دعوے سے کہہ سکتا ہوں نظرثانی کا معاملہ آئین و قانون کے مطابق......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

### صوبائی وزیر صحت ٹراما سینٹر پہنچ گئے، زخمیوں کی طبی امداد کی نگرانی کی

حکومت وسائل بروئے کار اور مشکل وقت میں متاثرہ خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گی، بخت کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مستونگ دھماکے کے زخمیوں کی طبی امداد کا جائزہ لینے اور ان کی دیکھ بھال کی نگرانی کیلئے ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

## سانحہ مستونگ کیخلاف سیاسی جماعتوں کا 3 روزہ سوگ، وکلا کا عدالتوں کے بائیکاٹ کا اعلان

مستونگ واقعہ دلخراش، شہادتیں و 34 افراد کا زخمی ہونا المیہ سے کم نہیں، آج پہیہ جام ہڑتال کی کال واپس لیتے ہیں، بی این پی

معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں، ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن مستونگ

بے گناہ شہریوں کا قتل عام قابل مذمت، نیشنل پارٹی مستونگ واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت اور سہ روزہ سوگ کا اعلان کرتی ہے، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں مستونگ......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

### امریکی سفارتخانے کے وفد کی اڈیالہ جیل آمد، 3 قیدیوں سے ملاقات

وفد کو امریکی شہریوں عابد ملک، صدیقہ سعید، ایلکس پلیڈو تک قونصلر رسائی دی گئی، ذرائع

امریکی سفارتخانے کے وفد میں عرفان جان، مائیک مرفی اور راحیل جاوید شامل تھے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) امریکی سفارتخانے کے 3 رکنی وفد نے اڈیالہ جیل میں قید 3 ملزمان سے ملاقات کی، جیل ذرائع کے مطابق امریکی سفارتخانے کے وفد کو اڈیالہ جیل میں اسیر 3 ملزمان تک قونصلر رسائی دی گئی، امریکی سفارتخانے کے وفد میں عرفان ایکٹ......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، مستونگ میں ریموٹ کنٹرول بم دھماکے کے باعث زخمی ہونے والے سکول کی طلبہ وطالبات و دیگر زخمیوں کو ٹراما سینٹر میں طبی امداد دی جا رہی ہے

### آپ میرے باس نہیں، شیر افضل نے سلمان اکرم کو آڑے ہاتھوں لے لیا

عمران خان اور بیرسٹر گوہر کو ہی جوابدہ ہوں، کوئی دوسرا فرد حیثیت نہیں رکھتا، رہنما پی ٹی آئی

میرے باس بانی پی ٹی آئی اور بیرسٹر گوہر ہیں، کوئی دوسرا فرد حیثیت نہیں رکھتا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ سلمان اکرم راجہ کا میرے خلاف بیان افسوسناک ہے ان کے ساتھ کام کیلئے رضامند تھا لیکن وہ نہ میرے باس ہیں نہ ان کے پاس مجھے تابع کرنے کا اختیار ہے، شیر افضل مروت نے کہا میرے باس بانی پی ٹی آئی اور بیرسٹر گوہر ہیں اور وہی جوابدہ ہیں، کوئی دوسرا فرد حیثیت......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

## موجودہ دور ڈیجیٹل انفارمیشن کا ہے، انسان کا رشتہ قلم و کاغذ سے ختم ہونے والا ہے، گورنر

تمام محکموں کی کمپیوٹرائزیشن سے اچھی طرز حکمرانی اور انتظامی کارکردگی میں بہتری لائی جا سکتی ہے، جعفر خان مندوخیل

بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 27 ملین ٹیکس جمع کر کے نئی تاریخ رقم کی ہے، چیئرمین نور الحق بلوچ سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ٹیکس کی آمدنی کسی بھی ملک کے معاشی نظام کی جان ہوتی......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

### سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ترمیمی آرڈیننس سینٹ میں پیش

ایکٹ کے سیکشن 2 میں ایک ذیلی شق شامل، متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا

آرٹیکل 184 کی شق 3 کے تحت سماعت سے قبل مفاد عامہ کی وجوہات دینا ہوں گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹ میں سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ترمیمی آرڈیننس 2024 پیش کر دیا گیا، قائم مقام چیئرمین سیدال خان کی زیر صدارت سینٹ کا اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے پریکٹس اینڈ پروسیجر ترمیمی......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

## قائمہ کمیٹی سینٹ نے سپریم کورٹ کے ججز کی تعداد 25 کرنے کا بل منظور کر لیا

پی ٹی آئی، جے یو آئی کی مخالفت

25 ججز میں ایک چیف جسٹس اور 24 ججز شامل ہوں گے، چیئرمین قائمہ کمیٹی، حکومتی اقدام مرضی کے فیصلوں کیلئے ہے، حامد خان

25 اکتوبر کے بعد اب ججز بہترین انداز سے کام کر رہے ہیں، تعداد بڑھانے کی ضرورت نہیں، سینیٹر کامران مرتضیٰ کا اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف نے سپریم کورٹ کے ججز کی تعداد 25 کرنے کا بل منظور کر لیا، چیئرمین فاروق ایچ نائیک کی زیر صدارت سینٹ کی قائمہ کمیٹی قانون و انصاف کے اجلاس میں اکثریتی رائے سے سپریم کورٹ کے ججز کی تعداد 25 کرنے کی منظوری دی گئی......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

### مریم نے دیوالی منا کر اچھا پیغام دیا، آج سے میری لیڈر ہیں، دنیش کمار

3 صوبوں میں دیوالی سرکاری سطح پر منائی گئی، گنڈاپور سے کہیں خیبرپختونخوا میں بھی منائیں

بلوچستان میں جو ہندو بھی ہم آہنگی ہے وہ آپ کو پوری دنیا میں نہیں ملے گی، سینیٹر بی اے پی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹ اجلاس میں بلوچستان عوامی پارٹی (بی اے پی) کے دنیش کمار اور پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر ہمایوں مہمند کے درمیان خیبرپختونخوا میں سرکاری سطح پر دیوالی نہ منانے پر گرما گرمی ہوئی، دنیش کمار نے کہا 3 صوبوں میں......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

### علیمہ، عظمیٰ خان کی 3 مقدمات میں عبوری ضمانت منظور

لاہور (بیورو رپورٹ) 5 اکتوبر احتجاج اور پولیس تشدد کے تین مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں علیمہ خان اور عظمیٰ خان کی 3 مقدمات میں عبوری ضمانت منظور کر لی گئی، انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

### غریب و متوسط لوگوں سے حج اخراجات قسطوں میں لینے کی تجویز

حج پر جانے کے خواہشمند افراد 2 لاکھ روپے دے کر درخواست دے سکیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت مذہبی امور نے غریب و متوسط لوگوں سے حج اخراجات قسطوں میں لینے کی تجویز پیش کر دی۔ ذرائع کے مطابق حج فیس قسطوں میں ادائیگی کی تجویز کابینہ کو ارسال کر دی گئی، وزارت مذہبی امور کی تیار کردہ حج پالیسی کی منظوری وفاقی......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

### اداکارہ نرگس پر شوہر کا شدید تشدد، اداکارہ تھانے پہنچ گئیں

میاں بیوی میں پیسوں کے تنازع پر جھگڑا ہوا، اداکارہ نے کوئی درخواست نہیں دی: پولیس

لاہور (بیورو رپورٹ) اداکارہ نرگس کو پیسوں کے تنازع پر شوہر نے تشدد کا نشانہ بنا ڈالا، پولیس کے مطابق لاہور کے علاقے ڈیفنس سی میں اداکارہ نرگس کو شوہر انسپکٹر ماجد بشیر نے مبینہ تشدد کا نشانہ بنایا، دونوں میاں بیوی میں پیسوں کے تنازع پر جھگڑا ہوا، جھگڑے کے بعد اداکارہ نرگس گزشتہ......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچ اسٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

### ایف بی آر کو مالی سال 188 ارب 80 کروڑ کا شارٹ فال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو رواں مالی سال کے پہلے 4 مہینوں میں 188 ارب 80 کروڑ روپے کے شارٹ فال کا سامنا ہے، ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے رواں مالی سال......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

## خیبرپختونخوا حکومت 10 ارب سے زائد بولی کے ذریعے پی آئی اے خریدنے کی خواہاں

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کی جانب سے پی آئی اے کی نجکاری کے عمل کا حصہ بننا چاہتے ہیں، صوبائی بورڈ آف انوسٹمنٹ

کسی ملکی یا غیرملکی نجی ادارے کے پاس قومی سرمایہ نہیں جانے دیں گے، چاہتے ہیں قومی ادارے حکومتی تحویل میں ہی رہیں، خط

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا حکومت کے بورڈ آف انوسٹمنٹ نے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کی جانب سے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کی نجکاری کے عمل کا حصہ بننے کی خواہش ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے 10 ارب بولی سے زیادہ رقم دے کر قومی ایئرلائن حاصل......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

### بلوچستان آٹے کی قیمتوں میں 7 روپے کلو اضافہ

پنجاب اور سندھ سے سپلائی بند، بلوچستان سے گندم سندھ جا رہی ہے، فلور ملز مالکان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں آٹے کی قیمتوں کو پر لگ گئے، ایک ماہ کے دوران آٹے کی قیمتوں میں سات روپے فی کلو کا اضافہ ہو گیا، اکتوبر کے......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پیر محمد کاکڑ کی قیادت میں پاکستان ورکرز فیڈریشن کا وفد ملاقات کررہا ہے

## جامعہ تربت نے سپرنگ داخلوں کی تاریخ میں توسیع کردی

**اب 8 نومبر تک داخلوں کے لیے درخواستیں دی جاسکتی ہیں، اعلامیہ**

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ تربت نے مختلف انڈر گریجویٹ اور گریجویٹ پروگراموں میں سپرنگ 2025 کے داخلوں کے لیے درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 8 نومبر 2024 تک توسیع کردی ہے۔ تفصیلات کے مطابق مختلف انڈر گریجویٹ پروگراموں بشمول ایسوی ایٹ ڈگری ان بزنس، بی بی اے، بی ایس کامرس، اکنامکس، پولیٹیکل سائنس، سوشیالوجی، بلوچی، انگلش، کیمسٹری، کمپیوٹر سائنس، باٹنی، بائیو ٹیکنالوجی، بائیو کیمسٹری، ایل ایل بی اور بی ایڈ کے علاوہ مختلف گریجویٹ پروگراموں بشمول بلوچی اور بائیو کیمسٹری میں پی ایچ ڈی، جبکہ ایم فل بائیو کیمسٹری، ایم فل کیمسٹری، ایم فل بلوچی، ایم فل انگلش لٹریچر، ایم بی اے ایوننگ [ڈیڑھ سالہ پروگرام]، ایم بی اے ایوننگ [ڈھائی سالہ پروگرام] اور ایم ایس بزنس ایڈمنسٹریشن میں داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 8 نومبر 2024 تک توسیع کی گئی ہے۔ داخلہ لینے کے خواہشمند طلبہ وطالبات اور ان کے والدین کی سہولت کے لئے جامعہ تربت کے سٹی کیمپس میں واقع لاء ڈیپارٹمنٹ میں بھی ایک ایڈمیشن ڈیسک قائم کیا گیا ہے جہاں امیدوار اپنی درخواستیں جمع کراسکتے ہیں۔ امیدوار یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر داخلہ پورٹل https://uot.edu.pk/admission-portal/login کے ذریعے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ درخواست فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ https://uot.edu.pk/downloads/admission-form سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے جامعہ تربت کی رجسٹرار آفس یا داخلہ سیل یا ٹیلی فون نمبرز 0852-400514,400529,400539 اور لاء ڈیپارٹمنٹ میں قائم ایڈمیشن ڈیسک فون نمبر 03352575230 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے

## این ڈی ایم کے صوبائی بیان میں مستونگ دھماکے کی مذمت

## سوسائٹی آف نیورولوجی کی تین روزہ کانفرنس خوش آئند ہے، مجیب الرحمن پانیزئی

## معصوم بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی گھناؤنا جرم ہے، عبدالظاہر کاکڑ

### مستونگ بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، سنی علماء کونسل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل کوئٹہ کے صدر علامہ عبدالرحیم ساجد، ترجمان سنی علماء کونسل کوئٹہ مفتی محمد ایوب انصاری، نائب صدر مولانا مقبول الرحمن شاہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا فضل احمد صدیقی، محمد آصف مینگل، قاری نذیر احمد فاروقی، قاری سلیم فاروقی، شکیل احمد گجر، میر عبدالمالک رند و دیگر نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ مستونگ میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے معصوم بچے اور بچیوں عام شہری اور پولیس جوانوں کی شہادت اور زخمی ہونے والوں سے دلی افسوس کا اظہار مزید انہوں نے کہا ہے کہ معصوم بچوں اور عام شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں ہے۔

## بچوں کو نشانہ بنانے والے بزدل انسانیت دشمن ہیں، جماعت اسلامی

**انسانیت دشمنوں کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، ہدایت الرحمان، عبدالنعیم رند**

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء ایم پی اے عبدالمجید بادینی، زاہد اختر بلوچ، عبدالمتین اخوندزادہ، امیر کوئٹہ عبدالنعیم رند، مولانا عبدالکبیر شاکر، بشیر احمد ماندائی، ڈاکٹر عطاء الرحمان، پروفیسر محمد ایوب منصور، حافظ نور علی، حافظ مطیع الرحمان مینگل نے مستونگ دھماکہ اس میں معصوم بچے پولیس ودیگر قیمتی افراد کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دھماکے شدید مذمت کی۔ معصوم بے گناہ افراد اور بچوں کو ٹارگٹ بنانے والے انسانیت دشمن اور بزدل ہیں۔ انسانیت دشمنوں کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جماعت اسلامی ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف ہے معصوم طلباء اور لاتعلق افراد کو ٹارگٹ بنانے والوں کے خلاف سب کو متحد ہونا ہوگا۔ جماعت اسلامی غم کی اس گھڑی میں لواحقین وزخمیوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں سیکورٹی فورسز، حکومتی ادارے عوام کی جان ومال کی حفاظت میں ناکام ہوئے ہیں۔ حکومت زخمیوں کے علاج ومعالجے میں خصوصی تعاون اور شہداء کے لواحقین کو معاوضہ ادا کریں

### وظیفہ فارم 20 نومبر حاصل کیے جاسکتے ہیں، اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن کا اعلامیہ

کوئٹہ (پ ر) اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن اسٹیبلشمنٹ ڈویژن حکومت پاکستان کوئٹہ نے بلوچستان میں تعینات وفاقی ملازمین کے سرکاری اسکول، کالج اور یونیورسٹی جانے والے بچوں کے لئے وظیفہ فارم حاصل کرنے کی تاریخ میں توسیع کردی ہے۔ مذکورہ فارم اسٹاف ویلفیئر آرگنائزیشن ریجنل آفس، سی جی ایس کالونی، سٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ سے دفتری اوقات کار میں 20 نومبر 2024 تک حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے محمد ایاز اسٹاف ویلفیئر آفیسر فون نمبر 081-9211166 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کی اساتذہ مسائل سے آگاہ کررہی ہیں

## کوئٹہ میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں مسلسل اضافہ

**یونیورسٹی کے قریب صحافی فتح شاکر سے گن پوائنٹ پر بائیک چھیننے کی کوشش کی گئی**

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ سمیت گردونواح میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں مسلسل اضافہ ہوتا جارہا ہے جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے گزشتہ روز سریاب کے علاقے یونیورسٹی کے قریب سینئر صحافی فتح شاکر سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی تاہم چور کی جانب سے فائرنگ کی گئی تاہم معجزانہ طور پر محفوظ رہے عوامی حلقوں نے آئی جی پولیس اور ڈی آئی جی کوئٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ایگل سکواڈ اور پولیس کی گشت میں اضافہ کیا جائے پولیس رات 11 بجے تک گشت کرتے ہیں بعد ازاں وہ مین شاہراؤں سے غائب رہتے ہیں جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات درپیش ہے اسی طرح کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ برما ہوٹل کے قریب مسجد سے چوروں نے ایک شخص کی موٹر سائیکل چوری کرکے فرار ہوگئے کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ برما ہوٹل کے قریب مسجد سے چوروں نے ایک شخص کی موٹر سائیکل چوری کرکے فرار ہوگئے، تفصیلات کے مطابق جمعہ کے روز عبدالصمد نامی شخص جو سریاب روڈ برما ہوٹل کے قریب نماز جمعہ پڑھنے کے لیے نورانی مسجد گیا تھا، دوران نماز نامعلوم چوروں نے ان کی موٹر سائیکل چوری کرلی اور فرار ہوگئے، عبدالصمد نے میڈیا کے نمائندوں کو بتایا کہ جمعہ نماز پڑھنے کے لیے مسجد گیا جیسے باہر نکلا تو چور میرا موٹر سائیکل نمبر SMK-4614 ماڈل 2018 یونیک اسٹار لیکر فرار ہوگئے تھے انہوں نے پولیس اور انتظامیہ سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر میں بڑھتی ہوئی وارداتوں کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، چور ڈاکو بڑی آرام سے اپنا کام کرکے چلے جاتے ہیں، پولیس عوام کی جان ومال کی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں تاکہ عوام میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو۔

یونیسف اور اسلامک ریلیف کے زیراہتمام بین المذاہب بچوں کے تحفظ کے فورم کی تقریب میں ڈی جی شجاع علی کھوسہ شرکا کو شیلڈز دے رہے ہیں

### ڈیرہ مراد جمالی چور مسجد سے نمازی کا موٹر سائیکل لے گئے

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم چوروں نے مسجد سے ایک نمازی شخص کا موٹر سائیکل چوری کرکے رفو چکر ہوگئے تفصیلات کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی کی حدود میں اریگیشن کالونی کے مسجد سے جمعہ نماز کے دوران چابی چوروں نے ڈاکٹر سکندر کھوسہ کا سی ڈی موٹر سائیکل چوری کرکے لے گئے پچھلے جمعہ واپڈا آفس سے موٹر سائیکل چوری ہوئی تھی پولیس کو اطلاع دی گئی ہے مزید تفتیش پولیس کررہی ہے

## مستونگ دھماکہ ضلعی صوبائی انتظامیہ کی ناکامی کا ثبوت ہے، رمضان اچکزئی

**ایسے حملے انسانی، قبائلی معاشرتی اصولوں اور روایات کے خلاف ہیں، فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز**

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز کے رہنماؤں محمد رمضان اچکزئی، محمد رفیق لہڑی، عبدالحئی، محمد یوسف کاکڑ، عبدالباقی لہڑی، محمد یار علیزئی، سید آغا محمد اور دیگر نے ایک مشترکہ اخباری بیان کے ذریعے مستونگ دھماکے میں بے گناہ معصوم انسانوں، بچوں اور پولیس اہلکاروں کی شہادت اور کئی شہریوں کے زخمی ہونے کے واقعے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بے گناہ معصوم جانوں پر اس طرح کے حملے انسانی، اسلامی اور ہمارے قبائلی معاشرتی اصولوں اور روایات کے خلاف ہیں... کے گھر میں ایک سرکاری نوکری دینے کا اعلان کرکے اس پر عملدرآمد کیا جائے۔ انہوں نے حکومت سے کہا کہ تمام ضلعوں کے ڈپٹی کمشنرز اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرز کی میرٹ پر تعیناتیاں کی جائیں تاکہ وہ امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں اس وقت میرٹ کے برخلاف تعیناتیوں کی وجہ سے ضلعوں کے ڈپٹی کمشنرز اور اعلیٰ پولیس آفیسرز سمگلنگ اور دیگر ذرائع سے مال کمانے کو اپنی ذمہ داریوں پر ترجیح دے رہے ہیں اور ضلعوں میں ایسے افسران طاقتوروں کے...

### دہشت گردوں نے بلوچستان کی سرزمین کو لہولہان کردیا ہے، حافظ امجد اسلام

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی مسلم لیگ پاکستان بلوچستان کے صدر حافظ محمد امجد اسلام نے مستونگ دھماکے میں معصوم بچوں پولیس اہلکار شہری سمیت 8 افراد کی شہادت اور 30 شہریوں کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح دہشت گردانہ کارروائی میں سکول کے باہر دھماکا کر کے بلوچستان کے ننھے معصوم بچوں اور شہریوں کے خون سے صوبے کی زمین کو ایک بار پھر سرخ کیا گیا ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے حملہ بلوچستان دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

### حاجی نصراللہ خان ترین سوسال کی عمر میں انتقال کرگئے

### این پی کے نائب صدر سردار کمال خان بنگلزئی کی مستونگ دھماکے کی مذمت

### جمعیت نظریاتی کی جانب سے نواب نیاز احمد زہری کی والدہ کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ: صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، ڈاکٹر اسد رجب کامران کے ہمراہ مستونگ بم دھماکے میں زخمی بچوں کی عیادت کررہے ہیں

ایڈیشنل چیف سیکرٹری بلوچستان شہاب علی شاہ اور ڈی آئی جی کوئٹہ سول سنڈیمن ہسپتال کے ٹراما سینٹر میں زخمیوں کی عیادت کررہے ہیں

## دہشت گردی کے خاتمے کے لئے نیشنل ایکشن پلان پر عمل کیا جائے، تحریک جعفریہ

**مستونگ اسکول کی بچیوں پر حملہ کرنے والوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، صوبائی جنرل**

### ماسٹر حاجی فیض اللہ انتقال کرگئے

## دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، یونس بلوچ

**معصوم بچوں اور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانے والوں کو نشان عبرت بنایا جائے**

## پاکستان میں دیوالی کی تقریبات مذہبی ہم آہنگی کی عکاسی ہے، سربلند جوگیزئی

**ملک میں مذہبی اقلیتوں کے حقوق کو آئینی تحفظ حاصل ہے، رہنما پیپلز پارٹی کا بیان**

### ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کی کال پر ہڑتال

### لیبر لیڈر ہمیشہ محنت کشوں کے حقوق کی آواز بلند کرتے ہیں

## دہشت گرد انسانیت کے دشمن ہیں، فرید افغان

### معلومات کی شناخت میں مدد کی اپیل

## مستونگ دھماکہ تعلیم معصوم انسانوں کے خلاف کھلی جارحیت ہے، ڈاکٹر اسحاق بلوچ

**نااہل اور نااندیش حکمرانوں کے باعث بلوچستان کے مظلوم عوام لہولہان ہیں**

## ایک سازش کے تحت بلوچستان میں خون بہایا جارہا ہے، سید شجاع الحق ہاشمی

**صوبائی حکومت امن وامان قائم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے**

... آگاہ کیا تھا لیکن حکومت نے اس پر عمل نہیں کیا ابھی تک سانحہ مستونگ کی قاتلوں کو گرفتار نہیں کیا گیا حکومت امن و امان بلوچستان میں قائم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے اسے روز بم دھماکے ٹارگٹ کلنگ کسی بھی انسان کا جان مال محفوظ نہیں انہوں نے کہا کہ حکومت صرف توڑ جوڑ میں مصروف ہے اور کرپشن لوٹ مار میں ... کو ان کی زندگیوں کو بچایا جائے عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی حقائق کو بھی علمائے اہل سنت کے سامنے لایا جائے شہدائے مستونگ کے لواحقین کے غم میں برابر شریک ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ کریم شہید ہونے والے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور زخمیوں کو اللہ کریم جلد از جلد صحت یابی عطا فرمائے۔

### قبائلی شخصیت حاجی حبیب اللہ کاکوزئی انتقال کرگئے

... عبدالسلام رمضان کے والد تھے جبکہ قبائلی رہنما حاجی علی شاہ کاکوزئی مرحوم حاجی امیر حمزہ مرحوم عبدالحمید مرحوم حاجی عبدالظاہر کے بھائی سیف الدین کاکوزئی کے چچا تھے جس کو آبائی قبرستان ماچکہ میں سپرد خاک کردیا گیا مرحوم کے وفات پر فاتحہ خوانی کا سلسلہ کلی حاجی علی شاہ کاکوزئی ماچکہ میں ان کے رہائش گاہ پر جاری ہے

کوئٹہ: ٹاؤن اسکول کی طالبات کا سریاب مہرگڑھ میوزیم کے دورے کے موقع پر میوزیم گائیڈ منظور بلوچ گیلری میں رکھی گئی نوادرات سے متعلق بتا رہے ہیں

## نواب محمد خان شاہوانی کی مستونگ دھماکے کی شدید مذمت

**معصوم بچوں اور شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت دشمنی ہے، چیف آف سراوان**

### کوئٹہ سمیت شمالی اضلاع میں شدید سردی کی لہر

سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ منظور احمد ویگنوں اور لوکل بسوں کی چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے والوں کے خلاف کارروائی کررہے ہیں


## اشتہار برائے بھرتی کانسٹیبل جنرل (BPS-07)

بلوچستان پولیس کوئٹہ ڈسٹرکٹ میں کانسٹیبل BPS-7 کی خالی اسامیوں کو پُر کرنے کیلئے کوئٹہ کے لوکل/ڈومیسائل خواہشمند امیدواروں (مرد/خواتین) سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

| برائے کانسٹیبل (BS-07) | برائے لیڈی کانسٹیبل (BS-07) |
|---|---|
| i- تعلیمی قابلیت کم از کم میٹرک | i- تعلیمی قابلیت: کم از کم میٹرک |
| ii- قد: 5 فٹ 5 انچ | ii- قد: 5 فٹ |
| iii- چھاتی: 31" x 32 1/2" | iii- لوکل/ڈومیسائل امیدوار کے پاس بھرتی کے ضلع کا لوکل/ڈومیسائل ہونا لازمی ہے۔ |
| iv- لوکل/ڈومیسائل امیدوار کے پاس بھرتی کے ضلع کا لوکل/ڈومیسائل ہونا لازمی ہے۔ | iv- عمر 18 تا 30 سال: (آخری تاریخ فارم جمع کروانے تک 30 سال)۔ (عمر کی بالائی حد میں کوئی رعایت نہیں دی جائیگی، حکومت بلوچستان کی طرف سے دی گئی Age Relaxation یونیفارم فورسز پر لاگو نہیں ہوتی) |
| v- عمر 18 تا 28 سال (آخری تاریخ فارم جمع کروانے تک 28 سال)۔ (عمر کی بالائی حد میں کوئی رعایت نہیں دی جائیگی، حکومت بلوچستان کی طرف سے دی گئی Age Relaxation یونیفارم فورسز پر لاگو نہیں ہوتی) | v- امیدوار کو فزیکل امتحان اور انگریزی، اردو اور جنرل نالج کا تحریری امتحان میرٹ پر پاس کرنا ہوگا۔ |
| vi- امیدوار کو فزیکل امتحان اور انگریزی، اردو اور جنرل نالج کا تحریری امتحان میرٹ پر پاس کرنا ہوگا۔ | vi- امیدوار کو دوڑ کا امتحان بھی میرٹ پر پاس کرنا 1 Km (7 منٹ میں) |
| vii- امیدوار کو دوڑ کا امتحان بھی میرٹ پر پاس کرنا 1.6 Km (7 منٹ میں) | |

**نوٹ:** (1) درخواست فارم متعلقہ ضلعی پولیس آفس اور بلوچستان پولیس کی آفیشل ویب سائٹ www.balochistanpolice.gov.pk سے حاصل کیے جاسکتے ہیں اور درخواست فارم کی فیس مبلغ 300/- روپے (ناقابل واپسی) امیدوار کے فیزیکل ٹیسٹ کی مد میں متعلقہ ضلعی پولیس آفس میں فارم کے ساتھ جمع کرانی ہوگی (2) درخواست فارم کے ہمراہ تمام تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ، لوکل/ڈومیسائل (متعلقہ ضلع کا) اور 4 عدد تصاویر پاسپورٹ سائز تصدیق شدہ لازماً منسلک کریں (3) پہلے سے سرکاری، نیم سرکاری محکمے میں سروس کے حامل امیدوار اپنے محکمے کے توسط سے درخواستیں جمع کروائیں (4) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں کو زیر غور نہیں لایا جائے گا (5) تمام درخواستیں متعلقہ ضلعی پولیس آفس میں مورخہ 30 نومبر 2024 تک جمع کروائی جاسکتی ہے (6) رول نمبر سلپ درخواست فارم جمع کرنے کے ساتھ ہی جاری ہوگی (7) ٹیسٹ/انٹرویو میں آنے والے افراد کو کوئی ٹی اے/ڈی اے نہیں دیا جائے گا (8) 5% کوٹہ خواتین لیڈی پولیس کانسٹیبل کیلئے اور 5% کوٹہ اقلیتی برادری کیلئے بمطابق گورنمنٹ پالیسی مختص ہے (9) محکمہ ہذا بغیر کسی وجہ کے مذکورہ بالا اسامیوں کو ختم کرنے یا کمی بیشی کرنے کا مجاز ہوگا (10) محکمہ پولیس کامیاب امیدواروں کو کسی بھی یونٹ/ڈسٹرکٹ میں بھیجنے کا مجاز ہوگا متعلقہ جائے تعیناتی پر امیدوار کے ڈیوٹی سرانجام نہ دینے یا انکار کرنے پر محکمہ سے خارج/برخاست کیا جائے گا۔

**اے آئی جی پولیس اسٹیبلشمنٹ برائے انسپکٹر جنرل آف پولیس، بلوچستان کوئٹہ**

PRQ No 1739/01-11-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan



## TENDER NOTICE

**TSE-242510583953 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Executive Engineer Division Washuk invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2024 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

**Tender Fee Rs.2000/- and Bid Security 2%**

| S.No | Name of Work/s | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | CONST: OF FLOOD PROTECTION KILLI MIR ABDUL KALIQ ESSZAI, KILLI HASSAN SUMALANI BASIMA. | 13,000,000 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 9,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE04 , CE04(i) (Dams/Water Retaining Structures) , CE04(ii) (Irrigation & Flood Control Systems), CE10 . Original Original Completion Certificates duly attested by concerned agency **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 2,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 18 November, 2024during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 18 November, 2024till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: Irrigation Colony Old Karachi Road Khuzdar

Phone no: 3368520635 Email: aslamluni123@gmail.com

**Executive Engineer Irrigation Division Washuk**

PRQ No.1745/01-11-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan



## بابت فلی فنڈڈ اسکالرشپ پروگرام برائے شہدائے بلوچستان

**سول شہداء کے بچوں کیلئے مکمل طور پر فنڈڈ اسکالر شپ وکفالت پروگرام**

اطلاع دی جاتی ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر پشین کے توسط سے (شہید جینئس فلی فنڈڈ اسکالرشپ پروگرام برائے شہدائے بلوچستان) کے تحت محکمہ داخلہ وقبائلی امور کی جانب سے شہید قرار دیے گئے سول شہداء کے متعلقہ بچوں کیلئے پاکستان کے تمام اداروں میں مفت تعلیم، جس میں KG (06 سال) سے لے کر BS/ماسٹرز 05 کی سطح تک یعنی جس میں 16 سال تک کے تمام پروفیشنل ڈگری پروگرام شامل ہیں لہٰذا اس ضمن میں تمام سول شہداء کے بچوں کے کوائف ایک ہفتہ کے اندر اندر ڈپٹی کمشنر پشین کے دفتر میں جمع کرائیں تاکہ بروقت قانونی تقاضے پورے کیے جاسکیں۔

**ڈپٹی کمشنر ضلع پشین**

PRQ No 1740/01-11-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan



## نوٹس برائے توسیع تاریخ برائے ٹینڈر ایمرجنسی میڈیسن

تمام ٹھیکیداران جنہوں نے ایمرجنسی میڈیسن ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی کے ٹینڈر جو کہ PRQ.No 1539 مورخہ 18-10-2024 کو اخبارات میں شائع ہوا تھا جن کیلئے اپنے بڈز جمع کرائے تھے انہیں اطلاع دی جاتی ہے کہ مذکورہ بالا ٹینڈر کچھ ضروری وجوہات کی بناء پر پانچ (5) دن کیلئے ٹینڈر میں توسیع کی جاتی ہے لہٰذا مذکورہ بالا وجوہات کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹینڈر 10-11-2024 بوقت 11:00 PM تک لئے جائیں گے اور 12:00PM کو ٹینڈر کھولے جائیں گے۔

**میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی**

PRQ No1741/01-11-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

# ای سی سی نے پاسکو ذخائر سے صوبوں کو گندم کی فراہمی کی منظوری دیدی

پاسکو ذخائر سے مقامی، درآمدی گندم یکم فروری کے کوٹہ کے مطابق فراہم کی جائے اور گندم فراہمی سے قبل گندم کے قابل استعمال ہونے کا ٹیسٹ کیا جائے، اقتصادی رابطہ کمیٹی

**سندھ کے سیلاب زدگان کے لیے 30 ارب، نیب کے لیے 37 کروڑ 60 لاکھ روپے اور چین میں تجارت و سرمایہ کاری مشن کے لیے 22 کروڑ 60 لاکھ روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹس بھی منظور**

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے پاسکو کے ذخائر سے صوبوں کو ضروریات کے مطابق گندم کی فراہمی کی منظوری دے دی، ای سی سی نے ہدایت کی ہے کہ پاسکو ذخائر سے مقامی، درآمدی گندم یکم فروری کے کوٹہ کے مطابق فراہم کی جائے اور گندم فراہمی سے قبل گندم کے قابل استعمال ہونے کا ٹیسٹ کیا جائے۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ ای سی سی نے سی ڈی اے کے لیے 25 کروڑ 20 لاکھ روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ منظور کرلی۔ ای سی سی کے مطابق ضمنی گرانٹ وزیر اعظم آفس اور وزیر اعظم اسٹاف کالونی کے اخراجات کے لیے استعمال ہوگی۔ ای سی سی نے صدر، وزیر اعظم کیلیاروں کیا نجری اور ورل ہانگ کیلیا یک ارب 80 کروڑ روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ بھی منظور کرلی جبکہ ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹ کیا ای پاسپورٹ سسٹم مشینوں کی مد میں 2 ارب 93 کروڑ روپے کی گرانٹ بھی منظور کرلی گئی۔ ای سی سی نے سندھ کے سیلاب زدگان کے رہائشی منصوبے کے لیے 30 ارب روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ بھی منظور کرلی جبکہ نیب کے لیے 37 کروڑ 60 لاکھ روپے اور چین میں تجارت و سرمایہ کاری مشن کے لیے 22 کروڑ 60 لاکھ روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹس بھی منظور کرلی گئیں۔

## کملا کا انٹرویو کیوں نشر کیا، نیوز چینل پر 10 ارب ڈالر کا مقدمہ

واشنگٹن (م ر) سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سی بی ایس نیوز کے خلاف 10 بلین ڈالر کا مقدمہ دائر کیا ہے جس میں الزام لگایا گیا کہ ٹی وی چینل نے نائب صدر کملا ہیرس کے انٹرویو میں جوڑ توڑ کر 2024 کے صدارتی انتخابات کو متاثر کرنے کی کوشش کی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق مقدمہ ٹیکساس کی وفاقی عدالت میں دائر کیا گیا جس میں CBS نیوز چینل پر "بد نیتی پر مبنی" اور "فریب پر مبنی" ترمیم کا الزام لگایا گیا ہے جس کا مقصد کملا ہیرس کے حق میں "ترازو کو جھکانا" ہے۔

# بلوچستان ہیلتھ کارڈ سے 1 لاکھ 10 ہزار سے زائد مستحقین کا علاج کیا گیا، سمیع اللہ کاکڑ

کوئی بھی مریض ہیلپ لائن پر اپنی شکایت کا اندراج کر سکتا ہے

# جلد خاران ماسٹر پلان کا کام شروع کیا جائے گا، میر شعیب نوشیروانی

میونسپل کمیٹی میں پارٹی بازی نہیں ہونا چاہیے سیاست سے ہٹ کر ہمیں علاقے کی مفاد پر ایک ساتھ ہو کر کام کرنا ہے

## امریکا کے صدارتی الیکشن میں صرف چار روز باقی رہ گئے

**وائٹ ہاؤس پر کون براجمان ہوگا، گدھا جیتے گا یا ہاتھی بازی مارے گا دنیا بھر کی نظریں لگ گئیں**

**"گدھا اور ہاتھی" دنیا کے سب سے طاقتور ملک امریکا کی پہچان کیسے بنے؟ دلچسپ تاریخی کہانی**

واشنگٹن (م ر) امریکہ کے صدارتی الیکشن میں صرف چار روز باقی رہ گئے ... 1828 میں صدارتی امیدوار اینڈریو جیکسن کو مخالفین نے گدھا اور احمق کا لقب دیا۔ جیکسن نے نہ صرف اس لقب کو خوش دلی سے قبول کیا، بلکہ اپنے انتخابی پوسٹروں میں گدھے کی تصویر شامل کر لی۔ یوں گدھا ڈیموکریٹ پارٹی کا نشان بن گیا۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں

# پاکستان کے 20 اضلاع سے حاصل ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

ملک بھر کے 26 مقامات کے سیوریج کے نمونے لیبارٹری بھیجے گئے کوئٹہ، نوشکی، ژوب، لاہور، راولپنڈی، میانوالی، حیدرآباد، جامشورو، قمبر، پشین ودیگر کے سیوریج میں پولیو وائرس کی رپورٹ مثبت

**ماحولیاتی نمونوں میں جنگلی پولیو وائرس کی قسم ڈبلیو پی وی ون کی تصدیق ہوئی اسی طرح ضلع نوشکی اور میانوالی کے سوریج میں پہلی بار پولیو نمونے مثبت نکلے، مجموعی طور پر 74 اضلاع پولیو وائرس سے متاثرہ ہیں**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کے 20 اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کا انکشاف ہوا ہے، قومی ادارہ صحت کی ریجنل انسداد پولیو لیبارٹری نے بھی تصدیق کردی، اسلام آباد کے سیوریج کے پانی میں پولیو وائرس کے موجود ہونے کی تصدیق ہوئی، لاہور، راولپنڈی اور میانوالی کے سیوریج میں پولیو وائرس پایا گیا، حیدرآباد، جامشورو، قمبر، پشین، لکی مروت اور میرپور خاص کے سیوریج میں پولیو وائرس کی مثبت رپورٹ سامنے آئی اسی طرح کراچی سینٹرل، کراچی ساؤتھ، کراچی ایسٹ اور کراچی کورنگی کے سیوریج میں پولیو وائرس پایا گیا کوئٹہ، نوشکی اور ژوب کے سیوریج میں پولیو وائرس مثبت نکل آیا، پشاور اور ڈی آئی خان کے ماحولیاتی نمونوں میں بھی پولیو وائرس کی رپورٹ مثبت نکلی، ملک کے 20 اضلاع کے 26 مقامات کے سیوریج کے نمونے قومی ادارہ صحت کی لیبارٹری کو بھیجے گئے، ماحولیاتی نمونوں میں جنگلی پولیو وائرس کی قسم ڈبلیو پی وی ون کی تصدیق ہوئی اسی طرح ضلع نوشکی اور میانوالی کے سوریج میں پہلی بار پولیو نمونے مثبت نکلے، پولیو سے متاثرہ 20 اضلاع کی ڈبلیو پی وی ون وائرس سے متاثرہ کے طور پر درجہ بندی کردی گئی، مجموعی طور پر 74 اضلاع پولیو وائرس سے متاثرہ ہیں۔

# اوور لوڈنگ کرنیوالے ٹرانسپورٹرز کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی، منظور احمد

اکثر اوقات چھتوں پر مسافروں کو سوار کرنے سے حادثات رونما ہوتے ہیں اور قیمتی انسانی جانیں ضیاع ہوتی ہیں

**خستہ حال بسیں ٹرانسپورٹ کے شعبے پر بدنما داغ ہیں چنانچہ ان کا خاتمہ اور کنڈیشن کی درستگی ناگزیر ہو چکی ہے، سیکرٹری آر ٹی اے**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ اور چیئرمین آر ٹی اے کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات کے احکامات کی روشنی میں سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ منظور احمد کی نگرانی میں بادینی لنک سریاب روڈ پر مسافروں کو چھتوں پر بٹھانے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی گئی اس موقع پر ویگنوں اور لوکل بسوں کی چھتوں پر سوار مسافروں کو نیچے اتار کر ان کے کرایے واپس کر دیے گئے جبکہ ٹرانسپورٹروں کو سختی سے تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ اگر کسی مسافر کو چھت پر بٹھایا گیا تو متعلقہ ... چھتوں پر سوار کرنے اور خستہ حال بسوں کیخلاف سخت کارروائی کرنے کے احکامات صادر ہوئے ہیں جس پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوور لوڈنگ اور چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے سے کئی حادثات رونما ہو چکے ہیں، جس میں کئی قیمتی جانیں ضیاع ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خستہ حال بسیں ٹرانسپورٹ کے شعبے پر بدنما داغ ہیں چنانچہ ان کا خاتمہ اور کنڈیشن کی درستگی ناگزیر ہو چکی ہے۔

## مستونگ گرلز ہائی سکول چوک پر بم دھماکہ حکومت کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے

**تعلیمی اداروں اور عام شہریوں کو نشانہ بنانے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، بی ایس او پجار**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پجار کے مرکزی ترجمان نے جاری کردہ بیان میں کہا کہ مستونگ دھماکہ میں اسکول کے بچوں اور بے گناہ شہریوں کی شہادت افسوسناک ہے، ریاست اور حکومت کا شہریوں کی جان و مال کی تحفظ برائے نام ہے، مستونگ لہولہان ہے۔ ریاست اور حکومت بلوچ کی قتل و غارت میں خاموش تماشائی بن چکا ہے۔ اتنے بڑے پیمانے میں خون کا گرانا انسانیت کی تذلیل ہے۔ بی ایس او پجار مرکزی ترجمان نے مزید کہا کہ آئے روز تعلیمی اداروں اور طلبا پر دہشتگردانہ حملہ بلوچ قوم کو تعلیم و تدریس سے روکنے کا سازش ہے جو تشویش ناک حد تک بڑھ چکا ہے۔ بی ایس او پجار مرکزی ترجمان نے مستونگ واقعے میں شہید خاندانوں سے اظہار ہمدردی و افسوس کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ریاست عوام کی جان و مال اور تعلیمی اداروں کا تحفظ یقینی بنائیں، حملے میں زخمیوں کی صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں۔

# سکول کے معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انتہائی سفاکانہ اور بزدلانہ اقدام ہے، ولی محمد نورزئی

ایسے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں جو انسانیت سے گرے ہوئے ہیں، ایسے گھناؤنے عمل کی کسی بھی معاشرے میں اجازت نہیں دیتا ہے

**پوری قوم دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنی سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے، پارلیمانی سیکرٹری**

## بلوچستان کے اسپتالوں میں ادویات کی عدم دستیابی سے مریض پریشان

**بلوچستان کے اسپتالوں میں ادویات کی عدم دستیابی سے مریضوں کو پریشانی کا سامنا**

## کلاشنکوف کلچر سے قبائلی و قومی رنجشوں میں اضافہ ہوا ہے، اے این پی

**تنازعات کے خاتمے کیلئے غیر جانبدارانہ، منصفانہ اور بلاتفریق کردار ادا کرنا ہوگا، بیان**

## دشتگرد کا نشانہ بنانا قابل مذمت ہے

**مستونگ واقعہ قابل مذمت ہے شہدا اور زخمیوں کے لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں**

## مسلمان اپنی زندگی میں اسلامی تعلیمات کو عملاً نافذ کریں، مفتی محمد اسماعیل

**اسلام دین زندگی کے تمام پہلوؤں کے حوالے سے ہمیں رہنمائی کرتا ہے، مولوی نور الدین**

لاہور، ہندو اور سکھ کمیونٹی کے لوگ مذہبی رسومات ادا کر رہے ہیں

# ڈیمز اور بندات اجتماعی نوعیت کے پروجیکٹس، تعمیر معیاری ہونی چاہیے، کمشنر رخشان

حکومت نے ڈیمز اور بندات سے بارشوں سیلابی پانی کو لوگوں کے لئے بہتر منصوبہ بندی کے تحت کارآمد بنادیا ہے

**ایسے پروجیکٹس سے لوگوں کو زیادہ مستفید ہونے سے علاقے میں ترقی و خوشحالی آئے گی، مجیب الرحمن قمبرانی**

... کرنے کے لئے حکومت ڈیمز بندات اور ترقیاتی پروجیکٹس پر کام کر رہی ہے کمشنر رخشان نے کہا کہ حکومت نے ڈیمز اور بندات سے بارشوں سیلابی پانی کو لوگوں کے لئے بہتر منصوبہ بندی کے تحت کارآمد بنادیا ہے ایسے پروجیکٹس سے لوگوں کے زیادہ مستفید ہونے سے علاقے میں ترقی و خوشحالی آئے گی۔

## سریاب چوک انٹر چینج پراجیکٹ کے تحت 2 انڈر پاسز تعمیر ہونگے، وفاقی وزیر داخلہ

**شہریوں کی سہولت کیلئے 2 میگا پراجیکٹس کا سنگ بنیاد 5 نومبر کو رکھا جائیگا، محسن نقوی**

... وزیر داخلہ محسن نقوی نے پراجیکٹس کی مقررہ کردہ مدت میں تکمیل کے لیے سی ڈی اے کو ٹاسک دے دیا ہے۔ سی ڈی اے نے سریاب چوک انٹرچینج پراجیکٹ 10 ماہ اور ایف ایٹ انٹرچینج کو 12 ماہ میں مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن دی تھی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے تعمیراتی کام سے قبل متبادل ٹریفک پلان کی منظوری دے دی۔ ... آمد و رفت میں بہت سہولت ملے گی۔ سریاب چوک انٹرچینج اور ایف ایٹ انٹرچینج پراجیکٹس کے تعمیراتی کاموں کا آغاز باقاعدہ طور پر 5 نومبر کو کیا جا رہا ہے۔ سریاب چوک انٹرچینج 10 ماہ کی بجائے صرف 3 ماہ میں بنے گا، سریاب چوک انٹرچینج پراجیکٹ کے تحت 2 انڈر پاسز تعمیر ہونگے اور رابطہ سڑکیں بنیں گی۔

تربت، ڈپٹی کمشنر کیچ اسماعیل ابراہیم ڈسٹرکٹ ایمپلی منٹیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


### TENDER NOTICE

The Executive Engineer Building CW, PP&H Department District Kech (Turbat) invites sealed percentage tender based on Composite schedule of rates 2023, Government of Baluchistan (G.O.B) amended upto-date from interested Government Contractors/Firm who renewal for the year 2023, for the work listed below: - **The Tender Fee Rs: 1000/-and 3000/-Deposited in shape of Green Challan In Head of account**

**Earnest Money 2% and Time limit 24 Month**

| S.No | Name of Work | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | Construction of Shelter Shade for Grave Yard at Lellan Shahrak District Kech **TSE: 242511584373** | 14.852 M |

The Procurement shall be carried in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory / Authority rules 2014. **ELIGIBILITY:** Relevant Experience three years Turn-over of at Least last three years. The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category (C-4) and discipline and registration with tax authorities i.e (NTN and Sales tax Department) where applicable. **METHOD OF PROCUREMENT: -** Single stage one envelope procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: -** Issuance: - Documents will be issued from the date of publication till submission date and time on production of green challan form amounting to (Rs: **1000/-**) (as bidding documents charges) deposited in the head of account (C-02716) TB-7043 through Government Treasury District (Name of Treasury Office) in National Bank Pakistan. **Submission: -** Last Date of submission will be **18-11-2024** at (12.00 PM). **Opening: -** The Tender will be opened on **18-11-2024** at 1.0 P.M) (bids shall be opened within hour of the deadline for submission of bids) before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representative/ agents. **Place: -** of issuance submission inquires and opening will be: - **Validity: -** Validity of tender will be (60) days

Address: - Executive Engineer Building CW, PP&H Department District Kech (Turbat)

**Phone No. 0852-413280 Fax No. 0852-411677.**

**E-Mail address: -** executiveengineer2kech@gmail.com.

**PRQ No.1749/01-11-2024**

**Executive Engineer Building CW, PP&H Department District, Kech**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan



### TENDER NOTICE

**TSE-242510583733 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The ECONOMICE & MARKET COMMITTEE LORALAI SERETARY MARKET LORALIA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2024 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2%**

| S.No | Name of Work/s | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | CONSTRUCTION OF BOUNDRY WALLAND MAIN GATE AT LORALAI | 6,665,087 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 5,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **15 November, 2024** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 15 November, 2024 till 10:00 AM . **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 11:00 AM

Address: MARKET COMMITTEE LORALAI

Phone no: 3023890578 Email: mzahirmandokhail@gmail.com

**AB No.440/01-11-2024**

**DEPUTY DIRECTOR ECONOMICE & MARKET COMMITTEE LORALAI SERETARY MARKET LORALAI**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan



### NOTICE INVITING TENDER

| S.No | Item / Component | E/Money | T/Fee |
|---|---|---|---|
| 1 | Supply of Furniture for Workers Model Higher Secondary School Girls Sibi | 4% of Bid cost | 5000 |

Sealed Tenders are invited from well reputed firms / contractors / General Supplier for the descripted work. The tender process would be carried out under PPRA rules (updated). The earnest money in shape of call deposit in favour of Secretary, Workers Welfare Board Balochistan should accompany the bids. **ELIGIBILITY:** The bidders shall be registered with Income Tax & GST who are on Active Taxpayers List (ATL) of FBR, Relevant experience, turnover of at-least three years (evidence from FBR/income tax Department is required), registration with income tax, sales tax, for eligible to apply. Only required information needs to be provided, broacher/ irrelevant documents will lead to disqualification. **METHOD OF PROCUREMENT:** single stage two envelope procedure. The envelops must be marked separately "Technical" & "Financial" Proposal duly sealed properly. **EVALUATION CRITERIA:** Least and cost-based selection method. **TENDER DOCUMENTS:** All TORs / terms & conditions are mentioned in the bidding documents & part of NIT. The bidding documents can be obtained from office of the undersigned on payment of Rs. 5000/- (non-refundable) **DATE FOR ISSUANCE:** The tender form will be issued from the date of Publication upto 21-11-2024 from the office of under signed. **OPENING OF TENDER:** The tender will be received on 22-11-2024 at **02:00 pm** and all technical proposals will be opened on the same day at Secretary Workers Welfare Board office at **02:30pm** in presence of participating bidders and procurement committee members. Only technically qualified contractors will be invited through courier for financial bid opening. **ADDRESS:** Workers Welfare Board Balochistan, near Kidney Centre, Samungli Road Quetta, Ph.081-9204747. **PPRA TS550225E.**

**AB No.441/01-11-2024**

**SECRETARY WORKERS WELFARE BOARD BALOCHISTAN**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan



### TENDER NOTICE

The Executive Engineer (Building) CW PP&H Department Pishin invites sealed bids from eligible bidders who can prove their eligibility and qualification as mention in the bidding documents for the work mentioned below. The work estimated cost and other information of works as under tender based on Composite Schedule of Rates 2023. Government of Balochistan amended up-to-date as required from interested contractors / firms for the work listed below under BPPRA Rules. Tender Fee Rs.1000/- and Earnest Money 2%

| S. No. | Name of Work | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | CONSTRUCTION OF DISTRICT ZAKAT OFFICE AT PISHIN PSDO NO. 6010 Z2024.247 **TSE-242510583743** | 29.162 M |

Procurements shall be made under the Balochistan public Procurement Rules- 2014. **BASIC ELIGIBILITY**: Eligibility Criteria & Evaluation Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – one Envelop Bidding Procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: the Bidding document can be downloaded for www.bppra.pk and the same can also be obtained from the office of the under signed upon payment of prescribed tender fee deposited in the head of account C-02716 NBP Bank green challan is verified by treasury. **DEAD LINE OF SUBMISSION**: Manual Bid submit in the office of Executive Engineer Building CWPP&H Department District Pishin before 18, November, 2024 **at 11:30 Hrs. Opening**: "Technical Bids" will be opened on the same day i.e. 18, November, 2024, at 12:30 Hrs before procurement committee in the presence of bides.

Address: *Office of the Executive Engineer (Building) CWPP&H Department District Pishin*

**PRQ No.1750/01-11-2024**

**Executive Engineer (Building) CWPP&H Department District Pishin**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

# مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 2 نومبر 2024ء


## معیشت کی روز افزوں بہتری: بہتر مالیاتی پالیسیوں کی عکاسی!!

وزیر اعظم شہباز شریف کے حالیہ دورہ سعودی عرب اور قطر کے دورے کے فوری نتائج تو سعودی اور قطر کی جانب سے پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھانے کے اعلانات کی صورت میں سامنے آ گئے ہیں اور معاشی ماہرین کا ماننا ہے کہ یہ دورہ مستقبل میں پاکستان کی معیشت و معاشرت کے لئے انتہائی اہم نتائج کا حامل ثابت ہوگا کیونکہ سعودی عرب ہو یا پھر قطر ان کی جانب سے پاکستان میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری سے جہاں سرمایہ کاروں کو پاکستان آنے کی تحریک ملے گی وہاں مختلف شعبوں میں استحکام و جدت بھی آئے گا معاشی سرگرمیاں بھی بڑھیں گی اور فقط سرمایہ کاری ہی نہیں مجموعی معاشی منظر نامہ اس وقت اطمینان بخش حد تک بہتر اور سود مند ہوتا جا رہا ہے اور امید اس بات کی ہے کہ آنے والے دنوں میں معیشت و معاشرت کو درپیش مزید بہت سارے چیلنجز اور خطرات میں کمی آئے گا اس وقت تک جاری حکومتی اقدامات کے نتیجے میں معیشت بہتر ہوئی ہے مزید بھی بہتر ہو رہی ہے اور معیشت کی یہ بہتر ہوتی صورتحال دراصل بہتر مالیاتی پالیسیوں کی عکاسی کرتی ہے اس حوالے سے وزارت خزانہ نے ایک تفصیلی بیان بھی جاری کیا ہے جس میں جہاں ایک انگریزی روزنامے میں شائع ہونے والے ایک مضمون کا حوالہ دیتے ہوئے یہ بتایا گیا ہے کہ متذکرہ مضمون میں حقائق کے برعکس موقف اپنایا گیا اور جو اعداد و شمار دیے گئے وہ درست نہیں ہیں وہاں وزارت خزانہ کے ترجمان نے مصدقہ اعداد و شمار کے ساتھ مدلل انداز میں بہتر مالیاتی پالیسیوں کے نتیجے میں بہتر ہوتی معیشت کے چیدہ نکات پر بھی بحث کی ہے اور کہا ہے کہ آئی ایم ایف نے بھی معاشی اشاریوں کے حوالے سے حالیہ دنوں میں اپنی پیش گوئیوں پر نظر ثانی کی ہے جس کے بعد آئی ایم ایف کے اندازے اور تخمینے وزارت خزانہ کے معاشی تخمینوں سے قریب تر ہو گئے ہیں۔ وزارت خزانہ کے مطابق جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں کنزیومر پرائس انڈیکس پر مبنی افراط زر دس اعشاریہ دو فیصد کے حکومتی تخمینے کے برعکس بہتر معاشی پالیسیوں کی وجہ سے نو اعشاریہ دو فیصد رہا حقیقی اور تخمینوں پر مبنی معاشی اندازوں میں کسی قسم کا فرق پالیسی سازی اور بجٹ کی منصوبہ بندی کے حوالے سے زیر استعمال لائے گئے تخمینوں کے ماڈلز کا کلیدی جزو ہوتا ہے۔ وزارت خزانہ نے مختلف شعبوں کے حوالے سے اعداد و شمار کی روشنی میں یہ بتایا ہے کہ حکومتی اقدامات کے نتیجے میں صورت احوال بہتر سے بہتر ہوتی جا رہی ہے لارج سکیل مینوفیکچرنگ میں سہ ماہی نمو کے تخمینے کا ہدف پورا ہونے کی بھرپور توقع ہے کیونکہ جولائی میں اس شعبے میں شرح نمو توقعات سے بڑھ کر دو اعشاریہ پانچ دو فیصد رہی اگرچہ اگست کے مہینے میں اس میں عارضی کمی دیکھنے میں آئی ٹیکسٹائل سیکٹر جس کا مینوفیکچرنگ سیکٹر میں شیئر سب سے زیادہ ہوتا ہے، بھی پچھلے چوبیس مہینے مسلسل سکڑاؤ کا شکار رہنے کے بعد مثبت راہ پر چل پڑا ہے۔ علاوہ ازیں آٹو موبائل سیکٹر میں بھی پہلی سہ ماہی میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے افراط زر میں کمی کے مثبت اثرات، گرتی ہوئی شرح سود اور اس کے نتیجے میں قرض کے حصول کی لاگت میں ہونے والی کمی معیشت کے لیے نیک شگون ہے۔ معیشت کے اشاریوں کو سمجھنے اور ان کی درست عکاسی کرنے میں ماہانہ اور موسمیاتی رجحانات کے کلیدی کردار کی بہت اہمیت ہے عالمی سطح پر اشیا کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے باعث ماہانہ بنیادوں پر معاشی اشاریوں میں سامنے آنے والا اتار چڑھاؤ ایک عمومی اور متوقع امر ہے اور ملک کی معاشی نشوونما اور معاشی ترقی کے تخمینوں میں پنہاں ان عوامل کا درست ادراک انتہائی ضروری ہے۔ وزارت خزانہ نے بعض اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں میں ملک کی معاشی صورت حال کو غلط اندازوں اور تنگ بندیوں کی بنیاد پر مخدوش بتا کر آئی ایم ایف کے سات ارب ڈالر کے پیکج پر سوال اٹھانے کو بے بنیاد اور حقائق کے منافی قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ معاشیات کے کلیدی اشاریوں سے بے خبری کی عکاسی کرتی خبریں تک بندی اور قیاس آرائیوں کی بنیاد پر ہیں اور یہ عوام کو گمراہ کرنے کے مترادف ہے ملک کی معاشی صورتحال مالیاتی پالیسیوں کے موثر ہونے کی عکاس ہے، مالی سال کے وسط میں بجٹ میں کسی قسم کی ایڈجسٹمنٹ کے جواز کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوا وزارت خزانہ کے متذکرہ تفصیلی بیان کے بعد کسی قسم کا کوئی شک و شبہ نہیں رہنا چاہئے معیشت درست اور بہتر انداز میں آگے بڑھ رہی ہے بہتری اور استحکام کا یہ سفر اچانک یا اپنے آپ شروع نہیں ہوا بلکہ یہ جاری حکومتی اقدامات کا نتیجہ ہے اور حکومت کے اقدامات ہمہ گیر ہیں وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ اتحادی حکومت نے مشکل اور نامساعد حالات میں عنان اقتدار سنبھالا جس وقت یہ حکومت آئی کوئی شک نہیں معاشی منظر نامہ بھی چیلنجز سے لبریز اور پریشان کن تھا اور سیاسی منظر نامہ بھی چنداں اطمینان بخش نہیں تھا سیاسی منظر نامہ تو خیر اب بھی اطمینان بخش نہیں کہلایا جا سکتا آئے روز جلسے جلوس احتجاج، پارلیمنٹ کے اندر اور پارلیمنٹ سے باہر الزامات کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ رکے گا تو سیاسی استحکام آئے گا سیاسی استحکام کے لئے قومی سیاسی قیادت بالخصوص اپوزیشن جماعتوں کو حکمت و تدبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے حکومت کی کاوشوں اور کوششوں کا خیر مقدم کرنے پڑے گا پوری قیادت باہم بیٹھ کر معیشت و معاشرت کو درپیش چیلنجز پر غور و فکر کرے اور اس کے بعد درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے اجتماعی کاوشوں کو بروئے کار لائیں گے تو سیاسی استحکام آئے گا رہ گئی معاشی استحکام کی بات تو ہر چند کہ معیشت کے کلی استحکام کے لئے سیاسی استحکام بھی ایک اہم جزو ہے مگر یہ بات ماننی اور تسلیم کرنی چاہئے کہ ابتر سیاسی منظر نامے کے باوجود حکومت نے بہتر حکمت عملی اور تدبر کے ساتھ معاشی منظر نامے کو بہتر بنایا ہے اور بہتری جدت اور اصلاح کا یہ عمل ہنوز جاری ہے امید ہے کہ آنے والے دنوں میں مزید اچھی اور اطمینان بخش خبریں آئیں گی ضرورت ہے تو اس بات کی کہ سیاست سے بالاتر ہو کر تمام جماعتیں حکومت کی کارکردگی کو سراہیں تمام اسٹیک ہولڈرز مثبت تعمیری کردار ادا کریں معیشت سے متعلق گو مگو یا افراتفری کو بڑھاوا دینے والی بے بنیاد خبروں پر کان نہ دھریں اطمینان رکھیں حکومت بتدریج مسائل سے نمٹ رہی ہے اور قوی امید ہے کہ آنے والے ہفتوں اور مہینوں میں معیشت سے متعلق مزید اچھی اور اطمینان بخش خبریں آئیں گی ہاں البتہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ جدت بہتری اور اصلاح احوال کا جو سلسلہ شروع کیا گیا ہے اسے جاری رکھا جائے ابھی بہت سے اہداف باقی ہیں اور پائیدار اہداف کے حصول کے لئے پالیسی میں تسلسل اور اقدامات میں تیزی، وسعت اور مزید ہمہ گیریت کی ضرورت ہے۔

## قاضی فائز عیسیٰ سے بدسلوکی

برملا — نصرت جاوید



بدھ کے روز جس شخص سے بھی ملاقات ہوئی پریشانی کے عالم میں اپنا فون کھول کر مجھے برطانیہ کے شہر لندن میں سپریم کورٹ کے حال ہی میں ریٹائر ہوئے چیف جسٹس صاحب کے ساتھ ہوئے سلوک کی وڈیوز دکھانا شروع ہو جاتا۔ یہ سب دکھاتے ہوئے سوال یہ بھی پوچھا جاتا کہ برطانیہ میں رہنے والے پاکستانیوں کو کیا ہو گیا ہے۔ عرصہ ہوا بحث سے جند چھڑانے کی عادت اپنانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ صبر مگر اب جواب دے چکا ہے۔ فائز عیسیٰ کے ساتھ ہوئے سلوک کی وڈیو دکھا کر خود کو "شائستگی اور تہذیب" وغیرہ کے چوکیدار ثابت کرتے افراد کو یاد دلانے کو مجبور ہو گیا کہ لندن تو سمندر پار ہے۔ ہمارے اپنے شہر اسلام آباد میں ڈونٹ بیچنے والی ایک دوکان ہے۔ آج سے چند روز قبل فائز عیسیٰ چیف جسٹس کے عہدے پر فائز ہوتے ہوئے بھی اپنی اہلیہ کے ہمراہ وہاں خریداری کے لئے تشریف لے گئے تھے۔ وہاں موجود سیلز مین نے نہایت ڈھٹائی سے ان کے ساتھ بدزبانی کی۔ بدزبانی اتنی "برجستہ" تھی کہ چند ہی لمحوں بعد اس کی وڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ میرے ناقص علم کے مطابق پاکستان کے فقط چند فیصد افراد ہی ڈونٹ نامی شے سے واقف ہیں۔ "بیکری" ہماری تہذیب کا حصہ نہیں رہی۔ تندور سے روٹی، نان یا کلچہ نکال کر کھانے کے عادی ہیں۔ ڈونٹ کی وہ دوکان جہاں فائز عیسیٰ کی بے عزتی ہوئی تھی مگر چند ہی لمحوں میں ایک "مقدس" مقام میں تبدیل ہو گئی۔ ہمارے شہر کے عاشقان عمران جن کی اکثریت خوش حال گھرانوں سے تعلق رکھتی ہے اور امریکی یا برطانوی یونیورسٹیوں کی تعلیم یافتہ ہے یا وہاں جانے کی خواہش مند طویل قطاریں لگا کر مذکورہ دوکان سے ڈونٹ کو ایسے خریدنا شروع ہو گئی جیسے درباروں سے لنگر طلب کیا جاتا ہے۔ خود کو "مہذب" ثابت کرنے سے مگر ہم باز نہیں آتے۔ اس حقیقت کو چھپانے کی کوشش کرتے ہیں کہ بطور قوم ہمیں دوسرے افراد کی ذلت و رسوائی سے لطف محسوس ہوتا ہے۔

"توا" لگانا پنجابی زبان کا روزمرہ ہے۔ چند دوست مل بیٹھیں تو جانوروں کے غول کی طرح اکٹھے ہو کر وہاں موجود ذہنی اور جسمانی اعتبار سے کسی کمزور شخص کے اوپر طنز بھرے فقرے اچھالنا شروع ہو جاتے ہیں۔ جس کا "توا" لگ رہا ہوتا ہے وہ غصہ میں کھڑا ہو جائے اور ہمیں احساس ہو کہ وہ "توا" لگانے والوں میں سے چند ایک کو اچھی بھلی "کوٹ" لگا سکتا ہے تو ہم میں سے کوئی "سنجیدہ" شخص ناراض ہوئے فرد کو سمجھانا شروع ہو جائے گا کہ وہ "دوستوں کی محفل" میں بیٹھا ہے۔ وہاں موجود ہر شخص اس سے پیار کرتا ہے۔ ہنسی مذاق سے اتنا غضب ناک ہونے کی ہرگز ضرورت نہیں۔

فائز عیسیٰ کے ساتھ لندن میں جو ہوا وہ ہرگز اچانک نہیں ہوا ہے۔ ان کی لندن آمد سے قبل ہی لندن میں مقیم ایک مشہور انگریزی اخبار کی نمائندہ نے خبر دی تھی کہ جس روز وہ ایک تقریب میں شرکت کے لئے جائیں گے اس کے باہر تحریک انصاف کے کارکن جمع ہوں گے۔ فائز عیسیٰ کی تذلیل ایک حوالے سے "اشتہار" لگانے کے بعد عمل میں لائی گئی تھی۔ لندن میں مقیم چند پاکستانی اگر واقعتاً ان کی تذلیل روکنے کو فکر مند ہوتے تو کمیونٹی کو اس مقصد کی خاطر متحرک کیا جا سکتا تھا۔ لندن میں مقیم پاکستانی مگر "کمیونٹی" کے تصور سے نا آشنا ہیں۔ وہاں تو مسلکی بنیادوں پر مساجد چھیننے کا رواج بھی کئی برسوں سے جاری ہے۔

1981ء سے چند برس قبل تک اکثر لندن جاتا رہا ہوں۔ مجھے وہ شہر بنیادی طور پر عجائب گھروں، کتب خانوں اور تھیٹر کی وجہ سے بہت پسند ہے۔ وہاں جاؤں تو سڑکوں پر اکیلے چلنا میری ترجیح ہو جاتی ہے۔ 2007ء سے مگر تواتر کے ساتھ پاکستان کے مختلف چینلوں پر نمودار ہونا شروع ہو گیا تو پیدل چلنے کی لذت سے محرومی کا سامنا کرنا پڑا۔ چند قدم چلتا تو کوئی نوجوان میرا نام لے کر پکارتا۔ میں پیچھے مڑ کر دیکھتا تو وہ اپنا تعارف کروائے بغیر یہ پوچھنا شروع ہو جاتا کہ "پاکستان کب ٹھیک ہوگا"۔ بدقسمتی سے میرے پاس اس ضمن میں کوئی نسخہ موجود نہیں ہے۔ رب سے دعا مانگنے کا مشورہ دیتا۔ بتدریج سرراہ ملاقاتوں میں سلفی لینے والے بھی درآئے۔ تنگ آ کر میں نے پیدل چلنا چھوڑ دیا۔ اب لندن سے دور آباد چھوٹے دیہاتوں میں کہیں جا کر یہ شوق پورا کرتا ہوں۔ اتفاقاً میں اپنی شکل و صورت کی وجہ سے ایرانی ہونے کا ڈرامہ بھی لگا سکتا ہوں۔ آپ سے کیا پردہ لندن کی سڑکوں پر چلتے ہوئے 2015ء میں کئی بار میں نے جعلی فارسی بول کر یہ ثابت کر دیا کہ میں وہ "نصرت جاوید" نہیں جس کے ساتھ وہ سلفی بنانا چاہتے ہیں۔ فائز عیسیٰ کے ساتھ جو ہوا اچھا نہیں ہوا۔ تحریک انصاف مگر اس کے ذریعے ہماری عدالتوں کو یہ پیغام دینے میں کامیاب رہی ہے کہ اس کے ججوں کو سکون درکار ہے تو ان کے دلدار کو "گڈ ٹو سی یو" کہنا ہوگا۔ عدالت میں بیٹھے لوگوں کو اپنی عزت بچانا ہے تو جلد از جلد عمران خان کے خلاف مقدمات نمٹائیں۔ ویسے بھی ان کے خلاف بنائے مقدمات کا جواز نہیں کیونکہ سپریم کورٹ ہی کے ایک عزت مآب جج جناب ثاقب نثار نے انہیں صادق اور امین ٹھہرایا تھا۔ سپریم کورٹ سے "صادق اور امین" کی سند پانے والے عمران خان کی بدعنوانی کے الزامات کے تحت گرفتاری سادہ لوح عاشقان عمران کو ہضم نہیں ہوتی۔ لندن میں فائز عیسیٰ کے ساتھ جو ہوا وہ ان کی براہ راست بے عزتی بھی تھی مگر بنیادی طور پر یہ سپریم کورٹ اور دیگر عدالتوں میں بیٹھے ججوں کے لئے ایک وارننگ بھی تھی۔ امید ہے اس وارننگ پر عمل کرتے ہوئے عزت مآب جج صاحبان "گڈ ٹو سی یو" کی روایت کو پروان چڑھانا شروع ہو جائیں گے۔

## سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد بڑھانے کی تجویز

روزن — شہزاد ملک

وفاقی حکومت کی جانب سے سپریم کورٹ آف پاکستان میں ججوں کی تعداد بڑھانے سے متعلق بل قومی اسمبلی میں پیش کر دیا گیا ہے۔ جبکہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی نے سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد 17 سے بڑھا کر 25 کرنے کی منظوری دی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے اس حکومتی اقدام کو اعلیٰ عدلیہ کے ججوں کو دباؤ میں لانے اور من پسند افراد کو سپریم کورٹ میں تعینات کرنے کی سوچی سمجھی سازش قرار دیتے ہوئے اس پر تنقید کی ہے۔ اس مجوزہ بل کے تحت سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد 17 سے بڑھانے کی تجویز دی گئی ہے۔ یاد رہے کہ اس وقت سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد 19 ہے جس میں سے 17 مستقل جبکہ 2 ایڈہاک جج ہیں۔

حکومت کا مؤقف ہے کہ اس اقدام کی بنیادی وجہ عدالت عظمیٰ میں ہزاروں کی تعداد میں زیر التوا مقدمات کو نمٹانا ہے۔ سپریم کورٹ کے ریکارڈ کے مطابق اس وقت عدالت عظمیٰ میں زیر التوا مقدمات کی تعداد 60 ہزار سے زیادہ ہے۔ حکومت کے اس مجوزہ ترمیمی بل میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایسے ججز کو سپریم کورٹ میں تعینات کیا جائے جنھیں سائبر کرائم کے علاوہ ماحولیات، بین الاقوامی تجارت اور بین الاقوامی معاہدوں سے متعلقہ معاملات پر عبور حاصل ہو۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی نے سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد 17 سے بڑھا کر 25 کرنے کی منظوری دی ہے۔ قانون اور انصاف سے متعلق سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کا اجلاس کمیٹی کے چیئرمین فاروق ایچ نائیک کی سربراہی میں ہوا جس میں سینیٹر عبدالقادر کی جانب سے ججز کی تعداد بڑھانے سے متعلق پیش کیے گئے بل کو زیر بحث لایا گیا۔ آزاد حیثیت سے منتخب ہونے والے سینیٹر عبدالقادر نے یہ بل اس سال ستمبر میں پیش کیا تھا۔ اس بل میں مختصر سوچ بچار کے بعد اس بل کی منظوری دے دی گئی جس میں سپریم کورٹ میں ججز کی موجودہ تعداد 17 سے بڑھا کر 25 کرنے کی منظوری دی گئی۔ پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر حامد خان اور جمعیت علمائے اسلام کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے اس بل کی مخالفت کی ہے۔ سینیٹر حامد خان نے بی بی سی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ قائمہ کمیٹی میں سات ارکان موجود تھے جن میں سے پانچ نے اس بل کے حق میں جبکہ دو نے اس بل کی مخالفت کی تھی۔ انھوں نے کہا کہ ہم دونوں سینیٹرز نے کمیٹی کے ارکان کو بتایا کہ ججز کی تعداد بڑھانے سے متعلق پہلے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کو تو اعتماد میں لیں۔ حامد خان کا کہنا تھا کہ یہ اقدام اختیارات کی تکون کے منافی ہے۔ انھوں نے کہا کہ قائمہ کمیٹی کے چیئرمین نے بتایا کہ سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس انور ظہیر جمالی نے سینیٹ سے خطاب کے دوران سپریم کورٹ میں زیر التوا مقدمات کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ اس مقدمات کو نمٹانے کے لیے سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد کو 26 تک ہونا چاہیے۔ قائمہ کمیٹی سے اس بل کی منظوری کے بعد اس بل کو 4 نومبر کو سینیٹ کے اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔ دوسری جانب وزیر قانون پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ میں ترمیم کا بل بھی قانون اور انصاف سے متعلق سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کو بھجوا دیا ہے۔ یاد رہے کہ حکمران جماعت پاکستان مسلم لیگ ن سے تعلق رکھنے والے رکن قومی اسمبلی دانیال چوہدری نے سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد بڑھانے سے متعلق یہ بل رواں سال 3 ستمبر کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں پیش کیا تھا۔ تاہم پاکستان پی ٹی آئی کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی بیرسٹر گوہر نے اس پر اعتراض اٹھایا تھا کہ ایسا بل ایوان میں پیش کرنے کا اختیار صرف حکومت کے پاس ہے جس پر سپیکر قومی اسمبلی نے دانیال چوہدری کو یہ بل پیش کرنے سے روک دیا تھا۔ سینیٹ میں بھی پی ٹی آئی نے اس بل کی مخالفت کرتے ہوئے کہا تھا کہ اس بل کو لانے کا مقصد سپریم کورٹ میں آئینی عدالت بنا کر اس وقت کے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی مدت ملازمت میں توسیع دینا ہے۔ پاکستان بار کونسل کے سابق وائس چیئرمین امجد شاہ کا کہنا ہے کہ ان کی تنظیم کے علاوہ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے بھی ماضی میں متعدد بار سپریم کورٹ کے چیف جسٹس صاحبان سے ججوں کی تعداد بڑھانے کا مطالبہ کیا تھا لیکن اس پر کوئی عمل درآمد نہیں ہوا۔ انھوں نے کہا کہ سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد بڑھانے کو سیاست کی بھینٹ نہ چڑھایا جائے بلکہ اس معاملے کو اس تناظر میں دیکھا جائے کہ ججوں کی تعداد بڑھانے سے عام لوگوں کو ریلیف ملے گا۔ سینئر وکیل رہنما حامد خان نے بی بی سی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے سپریم کورٹ کے ججوں کی تعداد میں اضافہ ایک 'سوچی سمجھی سازش' کے تحت ہے۔ حامد خان کا کہنا تھا کہ انڈیا آبادی اور رقبے کے لحاظ سے پاکستان سے بہت بڑا ملک ہے اور وہاں پر سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد 34 ہیں۔ انھوں نے سوال کیا تو کیا پاکستان کی سپریم کورٹ میں 17 جج لوگوں کو انصاف فراہم نہیں کر سکتے؟ حامد خان کا کہنا تھا کہ ان کے ہم خیال وکلا چیف جسٹس کی تعیناتی میں سنیارٹی رول کو نظر انداز کرنے اور ججز کی تعداد بڑھانے کے خلاف ملک بھر میں احتجاج کریں گے جس کا لائحہ عمل آئندہ ایک، دو روز میں طے کر لیا جائے گا۔

## سیاسی اور ماحولیاتی "سموگ"۔

بیٹھک — سعید آسی
aeed.aasi@yahoo.com

بے شک یہ رب ذوالجلال کی جانب سے ہمارے لیے آزمائش کے مراحل ہیں کہ سیاسی فضا مکدر رہے تو بڑھتی، پھیلتی پھولتی سموگ نے بھی ہمارے اوپر مایوسی کی چادر تان رکھی ہے۔ آج لاہور کا کم و بیش ہر گھر مرد بیمار کا نقشہ پیش کر رہا ہے۔ ایک جانب سیاسی آلودگی ملک اور عوام کا مستقبل تاریک کرتی نظر آتی ہے تو دوسری جانب ماحولیاتی آلودگی ہمیں چاروں شانے چت کرنے پر تلی بیٹھی نظر آ رہی ہے۔ گویا "سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں"۔ وطن عزیز پر چھائے سیاسی گرد و غبار پر تو افراد اور اداروں سمیت ہر کوئی متفکر نظر آتا ہے اور سیاسی گرد و غبار کی جو "رونقیں" لگی ہوئی ہیں اس سے یار لوگ دور کی کوڑیاں لانے میں بھی کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے۔ شاید حکومتی اتحادی جماعتوں کی قیادتیں "معاملہ ہی کیا ہوا گر زیاں کیلئے" کی سوچ پر کاربند ہیں اس لئے انہیں کاروبار سیاست میں سود و زیاں کی کوئی پرواہ نظر نہیں آتی۔ مگر انگڑائی لے کر جوبن دکھاتے موسمیاتی ماحول پر ہمیں انسانی بقاء کے حوالے سے ضرور متفکر ہونا چاہیے جس سے نمٹنے کے لیے زبانی جمع خرچ کے سوا کوئی عملی اقدام اب تک اٹھایا جاتا نظر نہیں آ رہا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی مشیر خاص مریم اورنگزیب اپنی ماحولیات کی وزارت کی اس فیلڈ میں اچھی کارکردگی کی تشہیری مہم کے ذریعے یہ تاثر اجاگر کرنے کے معاملہ میں تو بہت مستعد نظر آتی ہیں اور آج انہوں نے وزیر اعلیٰ کے ایما پر شہریوں کے لیے ماسک پہننے کی لازمی پابندی کا حکم نامہ بھی جاری کر دیا ہے اور تعلیمی ادارے تاحکم ثانی بند کرنے کا عندیہ بھی دے دیا ہے مگر سموگ کے روٹ کاز کی خبر لینے کا جو اصل کام ہے وہ حکومتی گورننس کا کہیں حصہ بنا نظر نہیں آ رہا۔ رواں ماہ کے دوران وقفے وقفے سے لاہور اور پنجاب کے دوسرے شہروں کے علاوہ کراچی اور حیدر آباد سمیت سندھ کے مختلف علاقوں میں بھی فضا پر گرد و غبار کی جو چادر تنی نظر آ رہی ہے، اس سے عجیب اداسی کی کیفیت طاری ہو رہی ہے۔ ہمارے اکابرین اور اداروں کو سیاسی آلودگی والے ماحول کو لمحہ بھر کو جھٹک کر ماحولیاتی آلودگی کے مضمرات کے بارے میں بھی سنجیدگی سے غور کر لینا چاہیے کہ کہیں ذات باری تعالیٰ کی جانب سے ہمارے اعمال کی سزاؤں کا نقشہ تو نہیں بنایا جا رہا۔

ہمارے بعض روشن خیال حلقوں کو تو اس بات سے ہی چڑ ہے کہ طوفانوں، سیلابوں اور زلزلوں کی شکل میں رونما ہونے والی قدرتی آفات کے اسباب میں خالق کائنات خدائے بزرگ و برتر کی جانب سے انسانوں کے لئے آزمائش اور گناہوں کی سزا کا تذکرہ کیوں کیا جاتا ہے۔ اس دھرتی کو جھنجھوڑنے والے اور انسانی اوسان خطا کرنے والے زلزلوں پر میں نے اپنے ایک کالم میں اجتماعی توبہ کے لئے رب کائنات سے رجوع کرنے اور گڑگڑا کر اپنے گناہوں کی معافی مانگنے کی اپیل کی تو کئی "روشن خیال" احباب نے اسے میری دقیانوسی سوچ کے کھاتے میں ڈال دیا۔ انہیں زیر زمین پلیٹوں کے اپنے مقام سے سرکنے کے عمل سے تو زلزلے کے اسباب بنتے نظر آ جاتے ہیں مگر یہ پلیٹیں کس کے دست قدرت میں ہیں اور ان کے اوپر زمین کو کھڑا کس نے کیا ہے، ان کی روشن خیالی اس بحث کو دنیاوی سائنسی علوم کی ضد سمجھتے ہوئے انہیں اس کی تضحیک کے شوق میں مبتلا کر دیتی ہے۔ نظام کائنات کے بارے میں خالق کائنات سے بہتر بھلا اور کسی کو ادراک ہو سکتا ہے؟ اس کرہ ارض پر تخلیق و تباہی کے سارے اسباب اسی ذات باری تعالیٰ کے دست قدرت میں ہیں جس تک ناقص انسانی سوچ کی رسائی ممکن ہی نہیں۔ اگر رب کائنات نے خود اپنی کتاب ہدایت، صحیفہ آسمانی قرآن مجید میں زلزلوں اور دوسری قدرتی آفات کے ذریعے سرکش انسانوں کو آزمائش میں ڈالنے اور اپنے گناہوں سے معافی مانگ کر راہ ہدایت اختیار کرنے کی تلقین کی ہے اور زلزلوں کے ذریعے اس کرہ ارض کے جھنجھوڑے جانے اور پہاڑوں سمیت اس دھرتی پر موجود ہر چیز کے پرزے پرزے ہو کر روئی کے گالوں کی طرح اڑانے کے عمل کا قیامت کی نشانیوں کے طور پر تذکرہ فرمایا ہے تو اس کو رد کرنے کے لئے ناقص انسانی عقل کے تحت کسی منطق اور استدلال کی بنیاد پر بحث و تمحیص کی گنجائش بھلا کہاں نکلتی ہے۔ نظام کائنات بہر صورت رب کائنات ہی کے دست قدرت میں ہے۔ چنانچہ اس نظام کے حوالے سے کسی تغیر و تبدل پر ہمیں رب کائنات سے ہی رجوع کرنا ہے جس میں کسی بحث اور دلیل کی قطعاً گنجائش نہیں۔

ذرا اسی تناظر میں ارض وطن کی فضاؤں پر چھائے گرد و غبار کا جائزہ لیں تو اس کے پیش آمدہ مسائل ہم سے تفکر و تدبر کا ہی تقاضہ کرتے ہیں۔ اس گرد و غبار کو جو فوگ سے ہوتا ہوا سموگ تک آ پہنچا ہے، کئی دوست احباب دھند کا نام دیتے رہے ہیں حالانکہ دھند میں نمی ہوتی ہے اور وہ کبھی کبھار بارش کی طرح برستی بھی نظر آتی ہے مگر ہماری فضاؤں پر چھائے گرد و غبار کو کسی صورت دھند کے زمرے میں شامل نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اس میں نمی کا شائبہ تک نہیں ہے اور یہ خزاں آلود موسم کی طرح انسانی ذہنوں پر قنوطیت والے اثرات غالب کر رہا ہے۔ اکثر لوگ یہ شکایت کرتے بھی نظر آتے ہیں کہ اس گرد و غبار کی وجہ سے ان کی آنکھوں میں جلن شروع ہو جاتی ہے اور ان کے لئے سانس لینا بھی محال ہونے لگتا ہے۔ اس گرد و غبار کی وجہ سے ہی لوگ تسلسل کے ساتھ بخار کی کیفیت میں زندگی بسر کر رہے ہیں اور صحت مند زندگی کی جانب واپس لوٹنے کے لیے کوئی میڈیسن کارگر ہوتی نظر نہیں آ رہی۔ گذشتہ ایک ماہ سے میری اپنی بھی یہی کیفیت ہے جو میں اس سے قبل ڈینگی اور کرونا کے امراض کی شکل میں بھی بھگت چکا ہوں۔ مگر سموگ نے تو حشر ہی اٹھا دیا ہے کہ اس کا تسلسل ختم ہونے میں ہی نظر نہیں آ رہا۔ پھر یہ ہم سرکش انسانوں کے لیے قدرت کی آزمائش نہیں تو اور کیا ہے۔ یقیناً یہ گرد و غبار آکسیجن کو بھی اپنی جانب کھینچ رہا ہے جس کے نتیجہ میں فضاؤں میں آکسیجن کی کمی واقع ہو رہی ہے اور انسانوں کے لئے سانس لینا دشوار ہو رہا ہے۔ آپ اس ایک خیال سے ہی اندازہ لگا لیں کہ ہم کرّ و فر اور نخوت و تکبر کے سانچے میں ڈھلے انسان قدرت کی جولانیوں کے آگے کتنے بے بس ہیں۔ ذرا تصور کیجئے آج ایک لمحے کو کرہ ارض پر آکسیجن ناپید ہو جائے تو یہاں کہیں بھی زندگی کے آثار نظر نہیں آئیں گے۔ پھر نظام کائنات چلانے کی رب کائنات کی حکمت کے آگے بھلا کوئی پر مار سکتا ہے؟ بھی ہم یہ قیافے تو لگا سکتے ہیں، ناک ٹوئیاں تو مار سکتے ہیں کہ ارض وطن پر چھائی سموگ کا سبب ہماری جانب سے تیزی سے پھیلائی گئی ماحولیاتی آلودگی بھی ہو سکتی ہے جس میں ہمارے پڑوسی بھارت کا بنیادی کردار ہے مگر اس حقیقت سے چشم پوشی کر رہے ہیں کہ آج انسانی آبادیاں صنعتوں کی بھینٹ چڑھ رہی ہیں، سڑکوں پر گاڑیوں کے جم غفیر سے نکلتے زہریلے دھوئیں نے بھی ماحولیاتی آلودگی کے اسباب پیدا کئے ہیں اور ہماری جانب سے درختوں کو بے دریغ کاٹنے کے عمل سے بھی موسموں میں رد و بدل ہو رہا ہے جو ماحولیاتی آلودگی میں اضافے کا باعث بن رہا ہے۔ تو جناب مان لیجئے کہ انسانی بے تدبیریوں کے نتیجہ میں ہی ہماری فضائیں مکدر ہو رہی ہیں۔ سو ہماری فضاؤں پر طاری آج کا گرد و غبار انہی انسانی بے تدبیریوں کا شاخسانہ ہو سکتا ہے۔ بھارت میں تو آلودگی کے باعث سالانہ ایک لاکھ بچوں کی ہلاکتیں ہو رہی ہیں جبکہ آلودگی کے باعث ہماری حالت تو قابل رحم ہو چکی ہے۔ ماہرین ارضیات اسی حوالے سے گزشتہ کئی برس سے چیخ و پکار کر رہے ہیں کہ ہم نے ماحولیاتی آلودگی میں اضافہ کر کے موسمی تغیر و تبدل کے اسباب پیدا کر دیئے ہیں جو بالآخر اس کرہ ارض پر انسانی تباہی پر منتج ہوں گے۔ مگر اس پر نہ تو متعلقہ ادارے فکر مند ہیں، نہ حکومتوں کے کانوں پر جوں رینگتی نظر آتی ہے اور نہ ہم انسانوں نے انفرادی طور پر ماحولیاتی آلودگی کم کرنے میں اپنا حصہ ڈالنے کا کبھی سوچا ہے۔ گرد و غبار سے بچاؤ کے لئے وقتی طور پر تدابیر اختیار کی جاتی ہیں کہ اپنے گھروں، دفاتر اور گاڑیوں کے دروازے اور کھڑکیاں مکمل بند رکھی جائیں تاکہ اس گرد و غبار کی کوئی لہر اندر داخل نہ ہو سکے، اگر باہر نکلنا ہے تو مخصوص ماسک پہنے بغیر نہ نکلیں اور آکسیجن کی کمی محسوس ہونے کی صورت میں فوراً قریبی ہسپتالوں کا رخ کیا جائے۔ آنکھوں میں جلن محسوس ہونے پر عرق گلاب کے چھینٹے ماریں مگر قدرت کی منشا کے آگے سر جھکانے اور راضی برضا ہونے کی سوچ کہیں پیدا ہوتی نظر نہیں آتی۔ آج تو پورے ماحول پر ناصر کاظمی کے اس شعر جیسی کیفیت طاری ہوتی نظر آ رہی ہے کہ۔۔۔

ہمارے گھر کی دیواروں پہ ناصر
اداسی بال کھولے سو رہی ہے

جناب انسانی بقاء کے لیے کوئی چارہ کر لیجئے ورنہ ہماری داستاں تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں۔

## قاضی کو تاریخ کیسے یاد کرے گی؟

گرداب — عارف بہار
Arifbahar@hotmail.com



قاضی فائز عیسیٰ ایک سال تک اپنی طاقت کے جھنڈے اور ہتھوڑے کی طاقت کے کمالات دکھا کر تاریخ اور وقت کی وادیوں میں گم ہو گئے۔ کیا واقعی وہ تاریخ کی وادیوں اور صفحات میں گم ہو گئے؟ شاید ایسا نہیں وہ پاکستان میں عوام کے حق حاکمیت، شہری آزادیوں اور انسانی حقوق کے حوالے سے تاریخ میں ایک مثال کے طور پر زندہ رہیں گے۔ ان کی بدقسمتی یہ ہے کہ وہ مثال کسی مثبت حوالے کے طور پر استعمال نہیں ہوا کرے گی۔ مؤرخ سر شام ہی وٹس ایپ پر آنے والے بیانیوں کی جگالی کرنے والوں کی طرح سطحی اور وقتی مفاد کا اسیر نہیں ہوتا اس لئے وہ اپنے فیصلے سنانے اور رائے قائم کرنے میں بے رحم ہوتا ہے۔ قاضی فائز عیسیٰ نے 77 سالہ تاریخ کے ایک اہم موڑ پر جب پاکستان میں یہ طے ہونے کے لمحات آ گئے تھے کہ پاکستان نامی جغرافیائی حدود کے اندر اس کے پچیس کروڑ شہریوں کا مقام کیا ہے چڑیا کی مانند پھدک کر لکیر کی غلط سمت میں جا کھڑا ہونے کا فیصلہ کیا۔ جب یہ طے ہو رہا تھا کہ پاکستان نے اگلے 77 برس میں بھی یونہی قرضوں کی شراب کی مستی میں غرقاب رہ کر اپنا حلیہ یونہی بگاڑنا ہے یا آزاد رزق اور آزاد اڑانوں کی طرف جانا ہے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان جس ریاست کا نام رکھ چھوڑا ہے پچیس کروڑ انسانوں کا مسکن ہے اور پاکستان کے قیام سے ہزار ہا سال پہلے کی ثقافتوں تہذیبوں اور اکائیوں پر مشتمل ایک مشکل وفاق ہے۔ ان میں ہر ثقافت اور اکائی اپنا ایک الگ اور بھرپور وجود رکھتی ہے۔ ایک مکمل تاریخ اور تاریخی ہیروز اور ولن رکھتی ہے۔ ایک ایسا ملک جہاں ہر سال کروڑوں لوگ سن شعور کو پہنچتے ہیں اور یہ لوگ جدید ذرائع ابلاغ سے لیس ہوتے ہیں اور اپنے بڑھوں سے زیادہ باوسیلہ، زیادہ باشعور اور عصر حاضر کا زیادہ بہتر ادراک رکھتے ہیں۔ یہ کھلونوں سے بہلنے والی نسل نہیں۔ ایک ایسا ملک جو کئی اطراف سے ایسے ہمسایوں سے گھرا ہوا ہے جن میں دنیا کی دو ممتاز معیشتیں چین اور بھارت شامل ہیں۔ ساتھ میں ایران اور افغانستان ہیں جو دنیا کی دو معتوب معیشتیں ہیں۔ ایران انقلاب کے بعد سے ہی امریکہ کی اقتصادی پابندیوں کا شکار ہے اور افغانستان تو دہائیوں کی خانہ جنگی اور بیرونی مسلط کردہ جنگوں کے باعث زخم زخم اور گھائل ہے۔ ایران تیل کی دولت سے مالا مال ہے اس لئے وہ مغربی پابندیوں کو بے اثر بنا کر اپنی معیشت کو سنبھالا دیئے ہوئے ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے افغانستان ایک ملیشیا طرز حکمرانی کے اندر رہتے ہوئے پہلے امن قائم کرنے میں کامیاب رہا اور اس کے بعد سے خالص دیسی سٹائل میں کسی آئی ایم ایف کے جھنجھٹ میں پڑے بغیر معیشت کو سنبھالا دینے میں کامیاب ہو گیا۔ بات بین الاقوامی قبولیت اور قرضوں اور آئی ایم ایف کی تصدیقی سند کی نہیں بلکہ عام آدمی کی زندگی میں بہتری اور استحکام کی ہے۔ ابھی چند ہی برس پہلے کی بات ہے جب امریکی پاکستان کو افغانستان کے ساتھ بریکٹ کرنے کے لئے "افپاک" یعنی افغانستان اور پاکستان نام سے ایک اصطلاح گھڑنے کے بعد ادارے بنانے لگے تھے تو ہم بڑے بول بولتے تھے کہ ہمارا مقابلہ اور موازنہ تو بھارت سے کیا جا سکتا ہے افغانستان خانہ جنگی کا شکار سول سٹرکچر سے محروم ایک ملک ہے جس میں نہ منظم فوج اور جدید اسلحہ اور کارخانے اور کوئی دوسری ترقی بھلا ایسے ملک کو افپاک کے نام پر پاکستان کے ساتھ ایک دائرے میں رکھنا صرف دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت کی توہین ہے مگر وقت یوں پلٹا ہے کہ وہ افغانستان بڑی حد تک امن و امان کی نعمت سے بہرہ مند ہو چکا ہے اور اس کے اثرات اس کی معیشت پر نمایاں طور پر مثبت انداز سے مرتب ہو رہے ہیں اور دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت کی معیشت کی رونقوں کا سارا انحصار اور دارو مدار آئی ایم ایف کے قرض اور پھر اس سے جڑی دوسرے مالیاتی اداروں کی عنایتوں پر ہے۔ ڈوب مرنے کا مقام ہے کہ معاشی غلام نسلیں پیدا کر کے معیشت کا استحکام قرار دے کر اترانے کا عمل بھی پوری قوت سے جاری ہے۔ لمحہ موجود کو قرض کے ذریعے اچھے انداز سے گزارنے کو معیشت کی بہتری قرار دینا حکمران ذہن کی نفسیات بن چکی ہے۔ سیاست کا حال تو ناقابل بیان ہے۔ ان تمام وجوہات نے لوگوں کو طرز کہن سے نالاں اور ناراض کر دیا ہے۔ نازک موڑ، قومی مفاد، غداری، بدتمیزی جیسی فرسودہ اصطلاحات جن سے مخالف کی آواز بند کی جاتی تھی اب بے کار اور بے اثر ہو رہی ہیں۔ اس ملک میں یہ سوال اٹھتا رہا ہے کہ یہاں کروڑوں انسانوں کا کیا مقام ہے؟ ریاست کے سارے وسائل ایک مخصوص کلاس کے لئے کیوں مختص اور محدود ہیں؟ اب یار لوگ زیادہ شدت سے سوالات پوچھ رہے ہیں۔ ایسا ہو نہیں سکتا کہ آپ ہمیشہ کے لئے سیاہ کو سفید کہیں تو لوگ اسے مان لیں۔ کبھی کبھار لوگوں کی اطاعت تسلیم و رضا کا پیمانہ لبریز ہو کر چھلک پڑتا ہے اور اب یہ پیمانہ چھلک پڑا ہے۔

## افسوس کہ فرعون کو کالج کی نہ سوجھی

شہر یاراں — نجم ولی خان

یہ اسی اور نوے کی دہائی کے واقعات ہیں جب ایک طویل مارشل لاء کے بعد بینظیر حکومت نے طلبا یونینوں کی بحالی کا اعلان کیا تھا۔ 80 کی دہائی کے اواخر میں ہی ایک بار ان کے انتخابات بھی کروائے گئے تھے۔ ایک عمومی تاثر یہ ہے طلبا یونینوں کے ذریعے پڑھی لکھی، جرات مند اور ویژنری لیڈر شپ ملتی ہے۔ بلدیاتی اداروں کے بعد اسے جمہوری رہنماؤں کی تیاری کی بڑی نرسری بھی کہا جاتا ہے اور اگر ہم اصولی اور کتابی باتوں تک ہی محدود رہیں تو یقیناً ایسا ہی ہے لیکن اگر زمینی حقائق پر جائیں تو نتائج ایک سوالیہ ڈگری پر بھی ملتے ہیں اور بہت زیادہ ملتے ہیں۔ میں خود ان لوگوں میں سے ہوں جنہوں نے سٹوڈنٹ پالیٹکس کی ہے۔ کالج اور یونیورسٹی میں صدر اور سیکرٹری وغیرہ بننے کا نشہ ہی اپنا ہوتا ہے۔ میں لاہور کے ایم اے او کالج میں ایم ایس ایف کے یونٹ کا جنرل سیکرٹری رہا۔

میں نے جو سٹوڈنٹ پالیٹکس دیکھی اس میں ارشد امین چوہدری، عابد چوہدری، عاطف چوہدری وغیرہ وغیرہ کے نام بہت اہم تھے۔ اس دور میں ارشد امین چوہدری اور خواجہ سعد رفیق دو مختلف مکاتب فکر کے نام تھے مگر سب ایم ایس ایف کے ہی رہنما تھے۔ ارشد امین چوہدری کی سیاست دہشت اور قبضوں پر تھی جبکہ خواجہ سعد رفیق جمہوریت اور ترقی کی بات کرتے تھے۔ ان کا سب سے بڑا مقابلہ جمعیت کے ساتھ تھا۔ گورنمنٹ کالج میں راویئنز کے ساتھ ساتھ انجینئرنگ یونیورسٹی میں کیو ایس ایف بھی تھی۔ کہیں کہیں پی ایس ایف اور این ایس ایف کا تڑکا بھی مل جاتا تھا۔ لاہور سے باہر بریلوی مکتبہ فکر کے نوجوانوں کی تنظیم اے ٹی آئی بہت مقبول تھی۔ اچھرے میں جہاں مولانا مودودی رحمۃ اللہ علیہ کی پہلے رہائش اور پھر مقبرہ ہے اسی علاقے میں جمعیت کا ہیڈ کوارٹر بھی تھا۔ بےنظیر بھٹو کی طرف سے سٹوڈنٹس یونینز کے الیکشن کروانے کے اعلان کے بعد سب نے صف بندی کر لی تھی اور میری یہاں صف بندی سے مراد صرف اور صرف تعلیمی اداروں پر قبضے تھے۔ پنجاب یونیورسٹی، ایف سی کالج، سائنس کالج اور اسلامیہ کالج سول لائنز جمعیت کے ہولڈ میں تھے اور وہاں مخالف پر نہیں مار سکتے تھے اور اسی طرح ایم اے او کالج، دیال سنگھ کالج، اسلامیہ کالج ریلوے روڈ، کمرشل کالج اقبال ٹاؤن سمیت دیگر پر ایم ایس ایف کے قبضے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ پی ایس ایف والے ایم اے او کالج میں قبضہ کرنے کے لئے گھسے تو ان کے سر پھاڑ کے روانہ کیا گیا اور معاملہ صرف سر پھاڑنے تک ہی محدود نہیں تھا بلکہ اس دور میں درجنوں نوجوان قتل ہوئے جن میں بڑی تعداد ایم ایس ایف اور جمعیت والوں کی تھی۔ میں جمعیت کو زیادہ جمہوری اور نظریاتی جماعت مانتا ہوں مگر اس سے بھی انکار نہیں کرتا کہ قبضے کرنے میں بھی اس کا کردار کہیں زیادہ ہے۔ لاہور سے باہر نکلوں تو کراچی میں اے پی ایم ایس او کے ذریعے الطاف حسین کو بار پیدا کر کے سیاست میں لانے والی بھی جمعیت ہی تھی جس کے بعد جماعت اسلامی نے کراچی میں علامہ شاہ احمد نورانی والی جے یو پی سمیت باقیوں کے چراغ بھی بجھا دیئے۔ میں سوچتا ہوں کہ اگر جمعیت مار کٹائی نہ کرتی تو شاید آج ایم کیو ایم بھی نہ ہوتی یا کم از کم نوے کی دہائی والی نہ ہوتی۔

بہت سارے لوگ دعوے کرتے ہیں اور درست دعوے کرتے ہیں کہ قیام پاکستان میں طلبا کا بہت بڑا کردار تھا یعنی ایم ایس ایف کا۔ اسلامیہ کالج ریلوے روڈ ایم ایس ایف کا گڑھ ہوا کرتا تھا مگر ان لوگوں کو یہ بھی یاد کرواتا ہے کہ قائد اعظم نے پاکستان کی منزل کے حصول کے بعد تو جوانوں کو سیاست کی بجائے تعلیم پر توجہ دینے کی ہدایت کی تھی اور مجھے یہ کہنے میں عار نہیں کہ ایک وقت آیا تھا کہ پہلے میاں نواز شریف اور بعد میں چوہدری پرویز الٰہی نے بھی اپنی اپنی مسلم لیگوں کے دستور سے ایم ایس ایف والا باب ہی ختم کر دیا تھا۔ میں نے سٹوڈنٹ پالیٹکس باقاعدہ مقدمات اور گرفتاریوں کی صورت بھگتی ہے اور پھر مجھے میری امی نے کہا تھا کہ بیٹا ہم تھانے کچہری نہیں بھگت سکتے تب میرے سر سے انقلاب کا بھوت اترا تھا ورنہ ہر نوجوان سٹوڈنٹ لیڈر کی طرح میں یہی سمجھتا تھا کہ میں ہی دو جہان ہوں جس کے سر پر یہ دنیا ٹکی ہوئی ہے اور جب میں سر ہلاتا ہوں تو دنیا ہلتی ہے۔ یہ وہ دور تھا جب مائیں امام ضامن باندھ کے اپنے بیٹوں کو کالجوں میں بھیجا کرتی تھیں اور سٹوڈنٹ پالیٹکس کے اسی دور کے بارے میں اکبر الہ آبادی کا یہ شعر بیان کیا جا سکتا ہے 'یوں قتل سے بچوں کے وہ بدنام نہ ہوتا، افسوس کہ فرعون کو کالج کی نہ سوجھی'۔ میں مانتا ہوں کہ لیاقت بلوچ سے جاوید ہاشمی تک اور سعد رفیق سے جہانگیر بدر تک سٹوڈنٹ پالیٹکس سے بہت سارے لیڈر ملے مگر میرا خیال ہے کہ مجموعی طور ارشد امین چوہدری جیسے جرائم پیشہ بہت دیئے۔

علی امین گنڈاپور نے خیبرپختونخوا میں سٹوڈنٹ یونینز کی بحالی کا اعلان کر دیا ہے تو میں بدنصیب کے پی کے بارے کچھ زیادہ نہیں کہنا چاہتا کہ جہاں پی ٹی آئی نے اس صوبے کا ستیاناس کیا ہے وہاں سوا ستیاناس کر دے، میرا کیا جاتا ہے مگر میں سچ بولے بغیر نہیں رہ سکتا کہ آج بھی اگر آپ سٹوڈنٹس پالیٹکس کی طرف جائیں گے تو معاشرے کو لیڈروں سے زیادہ بدمعاش، قبضہ گروپ، بھتہ خور، ڈکیت اور قاتل دیں گے۔ معاملہ تب بھی یہی تھا اور اب بھی ہے کہ ہماری سیاسی جماعتوں نے سرکاری کالجوں کو اپنی نرسریاں بنا رکھا ہے۔ یہ سیاسی جماعتیں اپنے بدمعاشوں کے ذریعے تعلیمی اداروں پر قبضے کرتی ہیں اور پھر وہاں دلیل کی بجائے دھونس، دھاندلی اور گولی کی زبان میں ہی بات ہوتی ہے۔ مجھے کہنے میں عار نہیں کہ ماں اور باپ اپنے بچوں کو تعلیمی اداروں میں سیاستدان بننے کے لئے نہیں بلکہ افسر، انجینئر اور ڈاکٹر بننے کے لئے بھیجتے ہیں۔ بہت سارے لوگ یہ فکری مغالطہ پیدا کرتے ہیں کہ اس سے شعور پیدا ہوتا ہے تو جواب ہے کہ شائد ستر اور اسی کی دہائی تک یہ بات درست ہو کہ اب آپ کے ہاتھوں میں موجود موبائل آپ کو ہر طرح کا شعور دے رہا ہے بلکہ ایسا شعور دے رہا ہے جس سے ہم سب شریف اور بھلے لوگ پناہ مانگ رہے ہیں۔ بےنظیر بھٹو جیسی ویژنری لیڈر نے بھی ایک ہی مرتبہ سٹوڈنٹ یونینز کے الیکشن کروائے اور اس کے بعد بلاول کو دیکھ لے تو یہ کر لی کہ کون ماں اپنے بچوں کے کالجوں کو مقتل بنا سکتی ہے۔ ویسے بھی یہ مفت کا بدمعاشی والا شعور سرکاری کالجوں وغیرہ میں ہی ملتا ہے اشرافیہ کے مہنگے سکول، کالج اور پرائیویٹ یونیورسٹیاں اسے قریب نہیں پھٹکنے دیتیں۔ مجھے امید ہے کہ مریم نواز جب علی امین گنڈاپور کے اس اعلان کو سنیں گی تو کہیں گی، استغفار، میرے بچو! میں تمہارے ساتھ یہ ظلم نہیں کر سکتی، تمہیں سیاست کا ایندھن نہیں بنا سکتی۔ تم پہلے اپنی تعلیم مکمل کرو۔ ماں باپ کے خواب پورے کرو پھر ان کاموں کے لئے عمر پڑی ہے۔

## جیوے پنجاب

خیالات — رسول بخش رئیس

چند مرتبہ لاہور میں پنجابی ادبی کانفرنس اور اس نوعیت کی دیگر نشستوں میں شرکت کا موقع ملا۔ اس زبان کی فصاحت و بلاغت کے تو ہم صوفی شعرا کا کلام پڑھنے کے بعد سے قائل ہی تھے مگر جدید دور میں شاعری اور نثر میں اس کا برتاؤ دیکھ کر بہت ہی مسرت ہوئی۔ یقین جانیں جس روانی، سادگی اور خوبصورت الفاظ کی بنت اور اظہار خیال کا فطری بہاؤ دور حاضر کی پنجابی میں دیکھا ہے اس کی وجہ سے پنجابی کتابیں پڑھنے کا اشتیاق بڑھ گیا ہے۔ ہماری اپنی سماجی شناخت کے کئی پہلو ہیں۔ پنجابیوں سے ہمیشہ پنجابی میں بات کی ہے اور سرائیکی وسیب میں یا کہیں کوئی قسمت کا مارا سرائیکی مل جائے تو اپنی مادری زبان میں۔ پڑھا اور لکھا تو انگریزی میں اور اب کئی سالوں سے اردو میں لکھنے کی مشق کر رہے ہیں۔ ہمارے ہاں بھی عجیب و غریب خیال کے لوگ بستے ہیں اور آپ دنیا میں کہیں بھی چلے جائیں ان کی کوئی کمی نظر نہیں آئے گی۔ جو زبانوں میں بھی انسانوں کی طرح اچھی بری احمقانہ قسم کی تفریق روا رکھتے ہیں۔ ہمارے ملک میں کسی پر کوئی فطری افتاد آن پڑے، سیلاب آئے، پانی کی کمی ہو یا جہالت اور غربت کے سائے ان کے اپنے سماجی نظام کی بدولت گہرے ہوتے جائیں، گالی پنجاب کو ہی دی جاتی ہے۔ اب ہم کس کس کی بات کریں۔ بہت سوں نے پنجاب کو برا بھلا کہہ کر اپنے مخصوص لسانی گروہوں میں گمراہ کن باتیں پھیلا کر اپنی سیاست کی دکان پر خریداروں کا رش لگایا ہے۔ پنجاب کے زور پر ہی ایک عوامی حکومت پاکستان کو دولخت کرنے کے بعد جس پر اثر انداز میں وجود میں آئی اس نے ایک صوبے میں پنجابیوں کو اپنی زمینیں اونے پونے بیچ کر ہجرت کرنے پر مجبور کر دیا۔ آج کل ایک صوبے میں پنجابی مزدور کئی سالوں سے تواتر سے نشانہ بن رہے ہیں لیکن کوئی ان کے حق میں زبان تک نہیں کھولتا۔ اس کے بجائے عدم مساوات، لوٹ کھسوٹ اور استحصال کا تجزیہ طبقاتی بنیادوں پر کیوں نہیں کیا جاتا؟ ہمارے اکثر علاقائی دانشوروں نے تنقید کا رخ بڑے صوبے پنجاب کی طرف کئی عشروں سے کر رکھا ہے۔ ایسی حکمت عملی چھوٹے صوبوں کے قبائلی سرداروں، جاگیرداروں اور گدی نشینوں کو راس آتی ہے کہ ان کی طرف کوئی انگلی نہیں اٹھتی۔

اس طرح پنجابی زبان کے بارے میں بھی غلط مفروضے بدقسمتی سے اکثر خود نیم خواندہ پنجابیوں نے گھڑ رکھے ہیں کہ اس زبان میں تو صرف "گالی" دی جا سکتی ہے۔ کتنے افسوس کی بات ہے کہ یہ لوگ احساس کمتری کا شکار ہیں۔ مذہب، زبان، انسان اور کسی ثقافت میں تفریق مصنوعی اور من گھڑت مفروضوں پر مبنی ہوتی ہے۔ اس میں کوئی معروضی معیار نظر نہیں آتا۔ سب اپنی اپنی جگہ قابل احترام ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ ذات پات کا سلسلہ جو انسانوں کی گروہ بندی سے شروع ہوا تھا اب زبانوں اور ثقافتوں تک پھیل چکا ہے۔ ہم بعد از جدیدیت کے اس فلسفے پر یقین رکھتے ہیں کہ کوئی ایک ثقافت، زبان یا مذہب اپنی عالمگیر اور فطری سچائی کا دعویٰ تو کر سکتا ہے مگر یہ سچائی ان کے دعووں تک ہی محدود ہے۔ ہر کوئی اپنی سچائی بیان کرنے اور اس کا دعویٰ کرنے کا حق رکھتا ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ زبانیں، مذاہب، ثقافتیں اور مختلف شناختوں کے لوگ آپس میں ہم آہنگی اور باہمی احترام کی فضا میں زندہ ہیں۔ یہ زبانوں اور تہذیبوں کے امتزاج کا نشہ سامراجی دور میں شروع ہوا کہ مغرب کے استعماری ممالک اپنے اپنے رنگ میں نوآبادیوں کو رنگنا چاہتے تھے اور ایسا کرنے کے لیے محکوموں کو ان کے تاریخی ورثے، ادب، ثقافت، علم اور زبانوں کے حوالے سے احساس کمتری میں مبتلا کرنا ضروری سمجھا گیا۔ شاید آپ کو یاد ہو کہ لارڈ میکالے نے برصغیر کے لیے نئے تعلیمی نظام کو ترتیب دینے کے جواز میں یہ ہرزہ سرائی کی تھی کہ سارے ہندوستان کا علمی ذخیرہ اس کی الماری کے چند خانوں سے زیادہ نہیں۔ انگریز سرکار کے اس کل پرزے کو فارسی، اردو اور پنجابی یا دیگر زبانوں میں اس وقت موجود قلمی نسخوں اور کتابوں کے بارے میں کیا علم تھا؟ ایسی ہی احمقانہ باتیں ہم علاقائی زبانوں، خصوصاً پنجابی زبان کے بارے میں سنتے رہتے ہیں۔ انگریز دور کے جی ڈبلیو لیٹنر (G.W. Leitner) جن کا مجسمہ کسی زمانے میں پنجاب یونیورسٹی کے سامنے مال روڈ پر ہوا کرتا تھا جس نے مقامی تعلیم کے بارے میں ایک معرکہ آرا کتاب لکھی تھی، کو پڑھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ انگریز دور سے پہلے خواندہ مرد و خواتین کی تعداد ان کے بعد کے دور سے بہت زیادہ تھی اور ایک مربوط نظام پنجاب کے ہر کونے میں موجود تھا۔ اپنی آبائی زبانوں اور ثقافتوں سے دوری کا سلسلہ جو انگریزی جدیدیت سے شروع ہوا ابھی تک لوگوں کے ذہنوں میں گھر بنائے ہوئے ہے۔

سب سے زیادہ دکھ کی بات یہ ہے کہ پنجاب میں پنجابی کو وہ اہمیت، قبولیت اور اپنائیت نہیں مل سکی جو دیگر صوبوں میں مقامی زبانوں کو نصیب ہے۔ خوشی ہے کہ کچھ صوبوں میں ان کی زبانوں کو پذیرائی مل رہی ہے۔ خواہش ہے کہ پنجابی کو بھی وہی مقام ملے جسے نیا متوسط پنجابی طبقہ ترک کرتا ہوا نظر آ رہا ہے۔ آج اگر پنجابی ادب اور اس زبان کی تاریخی روایت زندہ ہے تو اس میں بنیادی کردار پنجاب کے صوبائی حکمرانوں اور ریاست کا نہیں بلکہ اس صوبے کے کاشت کاروں، شاعروں اور ادیبوں کا ہے۔ گزشتہ ماہ آبائی ضلع راجن پور میں دو تین دن گزارے تو ڈی سی شفقت اللہ مشتاق صاحب سے ملاقات ہوئی۔ وہ ہمارے قائد اعظم یونیورسٹی کے معلمی کے اولین دور میں وہاں طالب علم تھے جو ادبی محفلوں اور تقریری مقابلوں میں حصہ لینے اور علمی گفتگو کے حوالے سے اپنی پہچان بنا چکے تھے۔ خوشی کی بات ہے کہ افسری کے ساتھ انہوں نے مشق سخن جاری رکھی اور ادبی اور تخلیقی سرگرمیوں کی شمع بھی گل نہیں ہونے دی۔ ان کی پنجابی شاعری کی کتاب "سلن بار" پڑھی تو کئی غلط العام مفروضے جو پہلے ہی ہماری نظروں میں کوئی وقعت نہیں رکھتے تھے، مزید منہدم ہو گئے۔ پہلی بات یہ ہے کہ مشتاق صاحب جیسے اہل علم جس شعبے میں بھی ہیں، پنجابی زبان کو ذریعہ اظہار بنا کر "پنجاب کا مقدمہ" بہتر طریقے سے لڑ رہے ہیں۔ پنجاب کی قدیمی دھرتی کی تہذیب اور اس کی صوفی روایت میں رنگی ان کی شاعری پڑھ کر کئی روز سے میری روح بلھے شاہ، شاہ حسین، میاں محمد بخش، سلطان باہو، بابا فرید شکر گنج، وارث شاہ اور اپنے "گرائیں" خواجہ غلام فرید کے مزاروں کا تواتر سے طواف کر رہی ہے۔ اور ساتھ ہی اپنا سیاسی دھیان حنیف رامے صاحب کی کتاب "پنجاب کا مقدمہ" کی طرف بھی چلا گیا اور اس کا پہلا صفحہ ایک بار پھر پلٹ لیا۔ پیش لفظ کے چند جملے حاضر ہیں: "میرا ایمان ہے کہ اگر پنجاب نے پنجابیت اختیار نہ کی تو وہ پاکستان کو بھی لے ڈوبے گا" جیوے پنجاب"۔ یہ میرے دل کا نعرہ ہے۔

## سموگ کے زہر کی سالانہ آمد

لعل و گوہر — روشن لعل

پاکستان کا دل کہے جانے والے شہر لاہور میں "سموگ" کی سالانہ آمد کوئی نئی بات نہیں ہے مگر حکومت پنجاب کے ترجمانوں کی طرف سے ان دنوں جو بیانات سامنے آ رہے ہیں ان سے ایسے لگتا ہے جیسے سموگ یہاں پہلی مرتبہ ظاہر ہوا ہے۔ سموگ لاہور میں اس وقت بھی تھا جب شہباز شریف وزیر اعلیٰ تھے، سموگ یہاں پی ٹی آئی کے وزیر اعلیٰ عثمان بزدار کے دور میں بھی ظاہر ہوتا رہا، لاہور میں سموگ کا تدارک، نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی کے دور میں بھی نہ ہو سکا اور اہل لاہور، مریم نواز کے وزیر اعلیٰ بننے کے بعد بھی سموگ کے زہر میں سانس لینے پر مجبور ہیں۔

سموگ کا لفظ دنیا میں پہلی مرتبہ سال 1900ء میں دھوئیں اور دھند کے ملاپ سے بننے والی گہر کے لیے استعمال کیا گیا تھا جبکہ پاکستان میں اکثر لوگ سموگ کے نام سے اس وقت آشنا ہوئے جب عالمی میڈیا نے 2016ء میں سموگ کے سبب بھارتی دارالحکومت دہلی کو دنیا کا آلودہ ترین شہر کہا۔ اس کے بعد جب سال 2017ء کے دوران دہلی کو دوبارہ سموگ کی وجہ سے دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار دیا گیا تو اسی برس یہ انکشاف بھی ہوا کہ سموگ کی زد میں موجود لاہور کا شمار بھی دہلی کی طرح دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں ہوتا ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ لاہور میں سموگ قبل ازیں بھی وسعت پذیر تھا مگر 2017ء میں سوئٹزرلینڈ کی ایئر ٹیکنالوجی کمپنی نے صرف اس کی یہاں موجودگی کا انکشاف کیا۔ یہاں یہ بتایا جانا ضروری ہے کہ پنجاب میں 1975ء سے ماحولیاتی آلودگی کنٹرول کرنے کے لیے سرکاری سطح پر کام ہو رہا ہے۔ ماحولیاتی آلودگی کنٹرول کرنے کے تسلسل میں 1987ء کے دوران یہاں پہلے سے موجود محکموں میں ایک ایجنسی بنائی گئی جسے 1996ء میں اینوائرمینٹل پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے نام سے الگ محکمے کا درجہ دیا گیا۔ ہماری حکومتیں اور سرکاری ادارے تحفظ ماحول اور سموگ کو کنٹرول کرنے کے لیے کس قدر سنجیدہ ہیں اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ لاہور میں سموگ کے ظہور کی نشاندہی اینوائرمینٹل پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب نے نہیں بلکہ سوئٹزرلینڈ کی ایئر ٹیکنالوجی کمپنی نے کی تھی۔ شہر لاہور میں 2017ء کے بعد سے اب تک ہر سال زہریلے سموگ کا ظہور ہو رہا ہے۔ گزشتہ 9 برس کے دوران پنجاب میں شہباز شریف سے مریم نواز تک جتنے بھی وزیر اعلیٰ آئے انہوں نے ہر سال اکتوبر میں سموگ کی آمد کے موقع پر اس قسم کے دعوے کیے کہ وہ انتہائی سنجیدگی سے اس کے تدارک کے لیے کوششیں کر رہے ہیں۔ اس قسم کے دعووں کے باوجود ہر برس سموگ یہاں پہلے سے بھی زیادہ شدت کے ساتھ ظاہر ہوا۔ سموگ کے تدارک کے لیے سنجیدہ کوششیں کرنے کے دعویدار حکمران اس معاملے میں کس قدر غیر سنجیدہ ہیں اس کی مثال یہ ہے کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں اکتوبر 2021ء کے دوران جب سموگ کے زہر آلودہ اثرات میں روز بروز اضافہ ہونے لگا تو اس وقت تحفظ ماحول پنجاب کے وزیر باؤ محمد رضوان نے کسی میڈیا پرسن کے سوال پوچھنے پر یہ ماننے سے ہی انکار کر دیا تھا کہ لاہور یا پنجاب میں سموگ نام کی کوئی شے موجود ہے۔ یہ تو بھلا ہو لاہور ہائیکورٹ کا کہ جب وہاں سے وزیر اعلیٰ پنجاب کو یہ ہدایت نامہ جاری ہوا کہ وہ جلد از جلد ماحولیاتی تحفظ کونسل کا اجلاس بلا کر سموگ کے تدارک کا بندوبست کریں تو پھر وزیر موصوف اور ان کا محکمہ دکھاوے کی کارروائیاں کرنے کے لیے حرکت میں آیا۔

مختلف حکمرانوں کے اس رویے کو لیے کے علاوہ کچھ اور نہیں کہا جا سکتا کہ یہاں سموگ کے خاتمہ کے لیے گزشتہ نو برس کے دوران دکھاوے کی کارروائیوں سے زیادہ کچھ نہیں ہو سکا۔ فضا کو زہر آلود کرنے والے سموگ کا خاتمہ کیسے سنجیدہ اقدامات سے ممکن ہو سکتا ہے اس کی مثال چین قائم کر چکا ہے۔ اکیسویں صدی کے آغاز پر چین کے شہر بیجنگ میں انتہائی تیزی کے ساتھ سموگ کے مضر اثرات ظاہر ہونا شروع ہوئے۔ سموگ بیجنگ میں جتنی تیزی سے ظاہر ہوا اتنی ہی تیزی سے اس کے تدارک کے انتظامات بھی کیے گئے۔ سموگ کے خاتمہ کی کوششوں کے دوران چینی ماہرین نے سب سے پہلے سموگ کے ظہور اور اس میں اضافہ کی وجوہات پر غور کیا۔ چینی ماہرین نے اپنے کام کے دوران یہ اخذ کیا کہ جب کسی شہر میں صنعتی ترقی کی وجہ سے روزگار کے زیادہ مواقع پیدا ہوں تو اس کی جی ڈی پی بڑھنے کے ساتھ نہ صرف آبادی میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ وہاں موٹر گاڑیوں کی تعداد اور آمد و رفت بھی کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ جی ڈی پی، آبادی اور گاڑیوں میں اضافے کے برعکس جو اشیا کم ہوتی ہیں وہ وہاں کی زیر کاشت زمین، اس پر موجود درخت اور دیگر ماحول دوست اجزا ہوتے ہیں۔ ماحول دوست اجزا میں کمی اور ماحول کو آلودہ کرنے والے عوامل میں اضافے کے بعد شہر میں سموگ کا ظاہر ہونا لازمی ہو جاتا ہے۔ چین کے شہر بیجنگ میں بھی ایسا ہی کچھ ہوا تھا۔ بیجنگ میں ہونے والی صنعتی ترقی کی وجہ سے بیس برس کے دوران وہاں جی ڈی پی میں 10.78 فیصد، آبادی میں 74 فیصد اور شہر میں چلنے والی گاڑیوں کی تعداد میں 335 فیصد اضافہ ہوا۔ ان ماحول دشمن اجزا میں اضافے کے بعد بیجنگ کی فضا میں ہر طرف زہر آلود سموگ نظر آنے لگا۔ جو سموگ بیجنگ میں ہونے والی تیز رفتار صنعتی ترقی کی وجہ سے پیدا ہوا اسے سائنسی طریقہ کار اختیار کرتے ہوئے بہترین انتظامات کے تحت خطرناک حد سے نیچے لایا گیا۔ اس کام کے لیے حکومتی ایما پر سائنسدانوں نے تو صرف پالیسیاں بنائیں مگر ان پالیسیوں پر عمل کے دوران حکومتی انتظامیہ، صنعتکاروں اور عام شہریوں نے اس حد تک تعاون کیا کہ جو سموگ بیجنگ میں بیس برس کے دوران پھیلا وہ صرف پانچ برسوں میں بتدریج خطرناک حد سے نیچے چلا گیا۔ ہمارے حکمران اگر سموگ کا تدارک کرنے میں سنجیدہ ہوتے تو لاہور میں رئیل اسٹیٹ کے سرمایہ کاروں کے ہاتھوں یرغمال بن کر روڈا جیسے ماحول دشمن منصوبوں کا آغاز نہ کرتے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز نے سموگ کے خاتمہ کے لیے یہ کہتے ہوئے بھارتی پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت مان کو خط لکھنے کا اعلان کیا ہے کہ وہ ان سے مل کر سموگ کے خاتمہ کے لیے اقدامات کریں گی۔ کاش کہ مریم نواز کے مشیروں کو کوئی یہ بتائے کہ بھگونت مان بھارتی پنجاب کا وزیر اعلیٰ بننے سے پہلے بھارتی لوک سبھا کے رکن بھی رہ چکے۔ بھارت کی مرکزی حکومت بھارتی پنجاب سے سموگ کی خاتمہ لیے جو اقدامات کرنے کا مطالبہ کرتی ہے بھگونت مان نے لوک سبھا میں تقریر کے دوران ان اقدامات پر عمل درآمد سے انکار کیا تھا۔ بھگونت مان کی لوک سبھا میں کی گئی تقریر کو مدنظر رکھتے ہوئے صرف یہ کہا جا سکتا ہے

## معروف معالج ڈاکٹر محمد یوسف لونانی زہری کے انتقال پر تعزیت

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے صدر سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری آج شاہوانی آباد گھنڈ خضدار زہری ہاؤس میں معروف معالج ڈاکٹر محمد یوسف لونانی زہری کے حادثاتی انتقال پر انکے چچازاد بھائی بی این پی عوامی خضدار کے ضلعی آرگنائزر منیر احمد زہری، نذیر احمد زہری سے تعزیت کر رہے ہیں میر اسرار اللہ خان زہری کے ہمراہ بی این پی عوامی خضدار کے سابق ضلعی سینئر نائب صدر میر بیناخان زہری، بی این پی عوامی تحصیل خضدار کے آرگنائزر حافظ محمد صادق زہری و دیگر تھے۔

## کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات کا چمن کا ایک روزہ مختصر دورہ

### انسداد پولیو مہم، پولیو ٹیموں اور سیکیورٹی انتظامات اور کام کا جائزہ لیا

چمن (خ ن۔ نامہ نگار) کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے آج چمن کا ایک روزہ مختصر دورے کے دوران انسداد پولیو مہم کے پانچویں روز چمن و اطراف میں پولیو ٹیموں اور سیکیورٹی کی کارکردگی اور کام کا جائزہ لیا اس دوران ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی بھی انکے ہمراہ تھے کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے اس دوران بچوں کے فنگر پرنٹس دیکھیں اور بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے انہوں نے پولیو ٹیموں کے افسران و اہلکاران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کی ویکسین ضرور پلائی جائیں اور اس حوالے سے غفلت لاپرواہی اور سستی کا مظاہرہ نہ کیا جائے اور بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے کسی مصلحت اور نرمی کا مظاہرہ کرنے والے سٹاف کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی بعدازاں کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کی ایوننگ ریویو اجلاس منعقد کیا۔

## اسسٹنٹ کمشنر خضدار کا منی پیٹرول پمپس کا دورہ

خضدار (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر خضدار کے ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار کا منی پیٹرول پمپس کا دورہ فائر سیفٹی آگ بجھانے والے آلات کا جائزہ لیا غفلت برتنے والوں کو دو دن کے بعد سیل کیا جائیگا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی نے کچھ روز قبل تمام پیٹرول پمپس اور دکانوں کو فائر فائٹنگ و آگ بجھانے والے آلات ایس او پیز پر عملدرآمد کرنے کی ہدایت جاری کیا تھا اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ نے تمام منی پیٹرول پمپس کا دورہ کرتے ہو؟ آگ بجھانے والے آلات کی چیکنگ کی اکثر و بیشتر پیٹرول پمپس اور دکانداروں نے آگ بجھانے والے آلات نصب کیے تھے

# آسامیاں (عارضی) خالی ہیں

**ان آسامیوں کے لئے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 14 نومبر 2024 ہے۔**

**آسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہیں**

| نمبر شمار | نام ایم سی/یوسی | EST B-15 | | JET B-15 | | JET (Tec) B-15 | | JAT B-15 | | JDM B-15 | | JVT B-14 | | M.Q B-14 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | میل | فیمیل | میل | فیمیل | میل | فیمیل | میل | فیمیل | میل | فیمیل | میل | فیمیل | میل | فیمیل |
| 1 | آباد کرخ | 01 | | 01 | | 01 | | 01 | | 01 | | 01 | 01 | | |
| 2 | سن چکو کرخ | 01 | | 01 | | | | | | | | | | | |
| 3 | بھلوک کرخ | | | 01 | | | | 01 | | | | 01 | | | |
| 4 | ایم سی خضدار | 02 | | | | | | | | | | 02 | | | |
| 5 | تو تک | | | | | | | | | | | 02 | | | |
| 6 | ساسول | | | 01 | | | | | | | | | | | |
| 7 | خیالو مولہ | | | 01 | | | | | | | | 02 | | | |
| 8 | کیواں مولہ | | | | | | | | | | | | | 01 | |
| 9 | زیدی1 | | | | | | | | | | | 02 | | | |
| 10 | باغبانہ2 | | | | | | | | | | | 05 | 01 | | |
| 11 | باغبانہ1 | | | 01 | | | | | | | | 03 | 01 | | |
| 12 | باغبانہ3 | | | | 01 | | | | | | | | | | |
| 13 | کوڑاسک | | | 01 | | | | | | | | 01 | 01 | | |
| 14 | گونی گریشہ | 01 | | 01 | | | | | | | | | | 01 | |
| 15 | اورناچ | | | 04 | | | | | | | | | | | |
| 16 | ہزار گنجی | | | | | | | | | | | 02 | | | |
| 17 | کہن اورناچ | | | | | | | | | | | 01 | | | |
| 18 | کلی علم خان | | | | | | | | | | | 01 | | | |
| 19 | کراڑو | | | | | | | | | | | 01 | | | |
| 20 | ایم سی نال | | | | | | | | | | | 01 | | | |
| 21 | لغور زرد | | | | | | | | | | | 01 | | | |
| 22 | درنیلی نال | | | 01 | | | | | | | | | | | |
| 23 | سارونہ | | | 01 | | | | | | | | | | | |
| 24 | ایم سی وڈھ | 01 | | | | | | | 01 | 01 | | 02 | 01 | | |
| 25 | آڑنجی | | | | | | | 01 | | | | 02 | | | |
| 26 | بالینہ وہیر | | | | | | | | | | | 03 | | | |
| 27 | ڈراکھالہ | 01 | | | | | | | | | | 01 | | | |
| 28 | کلغلو | | | | | | | | | | | 01 | | | |
| 29 | تک | | | | | | | | | | | 01 | | | |
| 30 | شاہ نورانی | | | | | | | | | | | 01 | | | |
| 31 | لوپ وڈھ | | | | | | | | | 01 | | 01 | | | |
| 32 | گھٹ بلبل | 01 | | 02 | | | | | | | | 02 | | | |
| 33 | گزان | | | | 01 | | | | | | | 03 | 03 | | |
| 34 | دوگن | | | | 01 | | | | | | | 03 | | | |
| 35 | لاکھارو کرخ | | | | | | | | | | | | 01 | | |
| 36 | آبی تونے | | | | 01 | | | | | | | | 02 | | |
| 37 | چشمہ زہری | | | 02 | | | | | | | | 02 | 01 | | |
| 38 | ایم سی زہری | 01 | | 01 | | | | | | | | 01 | 01 | 01 | |
| 39 | ملک زہری | | | 03 | | | | | | | | 01 | 01 | | |
| | معذور کوٹہ | | | 01 | | | | | | | | 02 | 01 | | |
| | اقلیت کوٹہ | | | 01 | | | | | | | | 02 | 01 | | |
| | میزان | 09 | 00 | 24 | 04 | 01 | 00 | 03 | 01 | 03 | 00 | 54 | 16 | 03 | |

## معیار آسامیاں

| نمبر شمار | آسامی کا نام بمعہ گریڈ | بنیادی تعلیمی قابلیت |
|---|---|---|
| 1 | ایلمنٹری سکول ٹیچر EST (B-15) | بیچلر ڈگری (اونرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ/BS ایجوکیشن کسی مستند ادارے سے یا بیچلر ڈگری (ایجوکیشن) بمعہ بی ایڈ (B.Ed) کسی مستند ادارے سے۔ |
| 2 | جونیئر انگلش ٹیچر JET (B-15) | بیچلر ڈگری (اونرز) (ایجوکیشن میں) 4 سالہ/BS ایجوکیشن کسی مستند ادارے سے یا بیچلر ڈگری (ایجوکیشن) بمعہ بی ایڈ (B.Ed) کسی مستند ادارے سے۔ |
| 3 | جونیئر انگلش ٹیچر ٹیکنیکل JET (Tec) (B-15) | بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے اور ایک سالہ ٹریننگ ڈپلومہ گورنمنٹ ووکیشنل ٹیچرز ٹریننگ سینٹر۔ |
| 4 | جونیئر عربک ٹیچر JAT (B-15) | گریجویشن بمعہ عربی مضمون اور عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) کسی مستند ادارے سے یا شہادت العالیہ (مساوی بیچلر ڈگری) از وفاق المدارس بمعہ تنظیم المدارس یا HEC سے منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) کسی مستند ادارے سے یا سند درس نظامی از منظور شدہ ادارے سے بمعہ عربک ٹیچر ٹریننگ سرٹیفکیٹ (ATTC) کسی مستند ادارے سے۔ |
| 5 | ڈرائنگ ماسٹر DM (B-15) | بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے بمعہ ڈرائنگ ماسٹر سرٹیفکیٹ یا انٹرمیڈیٹ ڈرائنگ گریڈ سرٹیفکیٹ |
| 6 | جونیئر ورناکیولر ٹیچر JVT (B-14) | بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے بمعہ پرائمری ٹیچر سرٹیفکیٹ (PTC)/بیچلر آف ایجوکیشن (B.Ed) کسی مستند ادارے سے/ایسوسی ایٹ ڈگری (2 سالہ) ایجوکیشن میں (ADE)/بیچلر ڈگری (اونرز) ایجوکیشن (4 سالہ) کسی مستند ادارے سے۔ |
| 7 | معلم القرآن M.Q (B-14) | بیچلر ڈگری کسی مستند ادارے سے یا کسی مستند بورڈ سے اور سند (مساوی BA. B.Sc) وفاق المدارس و تنظیم المدارس (جید الجدین) کسی مستند ادارے سے۔ |

**نوٹ:۔** امیدواران کے لئے مطلوبہ پیشہ وارانہ کوائف کا حامل ہونا لازمی ہے۔ تاہم جن مخصوص یونین کونسل علاقوں میں پروفیشنل ڈگری رکھنے والے امیدواران دستیاب نہ ہوتو وہاں پر بغیر پروفیشنل والے دوسرے امیدواران کو زیر غور لایا جائے گا۔ **ضروری ہدایت شرائط وضوابط:۔** (1) ہر آسامی کے لئے صرف مطلوبہ تعلیمی قابلیت رکھنے والے امیدوار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ (2) صرف خضدار کے لوکل/ڈومیسائل کے حامل امیدوار درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے۔ (3) امیدوار کا گریجویٹ ہونا لازم اور عمر کی بالائی حد 55 سال سے زائد نہ ہو۔ (4) سرکاری ملازمین اپنے محکمے کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں۔ (5) تمام ریکروٹمنٹ خالصتاً حکومت بلوچستان سے منظور شدہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) کے تحت ہوگی۔ بلوچستان گورنمنٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے دیگر قوانین/پالیسی/نوٹیفکیشن جو ریکروٹمنٹ پالیسی 2024 (عارضی تعیناتی) سے متصادم ہوں، اس ریکروٹمنٹ پر قابل عمل نہ ہونگے۔ (6) آسامیاں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خضدار سے موصول شدہ معلومات کے مطابق مشتہر کی جارہی ہیں۔ لہٰذا صرف دفاتر سے موصول شدہ معلومات کے مطابق درخواست جمع کروائیں۔ (7) تصدیق شدہ خالی آسامیوں کی یونین کونسل فہرست محکمہ تعلیم اور حکومت بلوچستان کی ویب سائیڈ www.balochistan.gov.pk/www.emis.gob.pk پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (8) شہری علاقوں کی میرٹ لسٹ میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کی حدود کے مطابق ہوگی جبکہ دیہی علاقوں کی میرٹ لسٹ یونین کونسل وار مرتب ہوگی۔ (9) معذور کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ کی علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹ ضلع کی سطح پر مرتب ہوگی معذور افراد محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے جاری کردہ معذور سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کے اہل ہونگے اور کوئی ایسی معذوری قابل قبول نہ ہوگی جو تعلیمی عمل کو متاثر کرتی ہو۔ (10) میٹروپولیٹن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی یونین کونسل اور تحصیل کی حدود کا تعین محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مروجہ نوٹیفکیشن کے مطابق ہوگا۔ (11) فائنل میرٹ صرف تصدیق شدہ مشتہر خالی آسامیوں کے مطابق مرتب کی جائے گی۔ نیز آسامیوں میں کمی بیشی کا اختیار محکمہ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے پاس ہوگا۔ (12) 5% (پانچ فیصد) معذور اور 5% (پانچ فیصد) اقلیتی کوٹہ حکومتی قوانین کے مطابق ضلع وار عہدہ وار (میل فیمیل علیحدہ علیحدہ) آسامیوں کے مطابق مختص ہیں۔ محکمہ تعلیم اور حکومت بلوچستان کی سائٹس www.balochistan.gov.pk/www.emis.gob.pk پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ (13) سلیکشن کی صورت میں امیدوار کو ضلعی سلیکشن کمیٹی کے مطابق متعلقہ تعلیمی اداروں کے تصدیق شدہ اسناد کی تصدیق شدہ (04) کاپیاں اور ایک حلفیہ بیان کہ اس کے تعلیمی/دیگر اسناد و کاغذات بوگس، جعلی، HEC سے غیر منظور شدہ ادارے سے ہونے کی صورت میں نااہل تصور ہوگا۔ اور اسکی ملازمت بلا کسی نوٹس کے کسی بھی وقت برخاست کی جاسکے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اور اسکے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ (14) یہ میرٹ لسٹ صرف ایک مرتبہ ریکروٹمنٹ کیلئے موثر ہوگی۔ (15) شادی شدہ خواتین امیدوار صرف اپنے خاوند کے لوکل/ڈومیسائل کی بنیاد پر درخواست جمع کروانے کی اہل ہوگی۔ شادی شدہ خواتین امیدوار کے درخواست والد کے لوکل/ڈومیسائل پر کسی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔ خاوند کے لوکل/ڈومیسائل میں نام درج نہ ہونے کی صورت میں NADRA کا جاری شدہ کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ/شوہر کے نام سے منسوب شناختی کارڈ منسلک کرنا ہوگا۔ ورنہ غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت نااہل تصور ہوگی (16) امیدوار کی سکونت کا تعین (اول) اسکے لوکل/ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے ایڈریس (دوئم) CNIC پر درج مستقل پتہ کی بنیاد پر کیا جائیگا۔ (17) محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کسی ایک یا تمام آسامیوں پر منظوری یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

**Ranking Criteria or Weightage Formula for the post and preparation of final merit list**

| Merit | Marks |
|---|---|
| Weightage of prescribed Academic Qualification<br>Note<br>Marks are Eligible candidates shall be calculated as follows .<br>i. Matriculation =33%<br>ii. Intermadiate =33%<br>iii. Graduation (Bachelor's Degree ) =34% | 100% |
| **Total Merit Marks** | **100%** |

**نوٹ:۔** ☆ بنیادی اہلیت کیلئے امیدواروں کے مجموعی نمبر 50% ہونگے۔ ☆ 50% نمبر حاصل کرنیوالے امیدوار فائنل میرٹ کیلئے تصور شمار ہونگے۔ ☆ ADE/BS (Education)/B.Ed(Hons) ڈگری اکیڈمک اور پروفیشنل دونوں تصور کئے جائینگے۔ ☆ عارضی تعیناتیوں کو جلد از جلد پر کرنے اور میرٹ کو یقینی بنانے کیلئے کوئی ٹیسٹ اور انٹرویو نہیں لیا جائیگا۔ یہ عارضی تعیناتی 18 ماہ کیلئے ہوگی۔ 18 ماہ بعد بہتر کارکردگی کی بنیاد پر کنٹریکٹ کی مدت بڑھائی جاسکتی ہے۔ مذکورہ بالا تعیناتیوں کا جائے تعیناتی سے کسی دوسری جگہ منتقلی (ٹرانسفر) نہیں ہوسکے گا۔ امیدواران کے لئے مطلوبہ پیشہ وارانہ کوائف کا حامل ہونا لازمی ہے۔ تاہم جن مخصوص یونین کونسل علاقوں میں پروفیشنل ڈگری رکھنے والے امیدواران دستیاب نہ ہوتو وہاں پر بغیر پروفیشنل والے دوسرے امیدواران کو زیر غور لایا جائے گا۔ **درخواست دینے کا طریقہ کار:۔** (1) تمام خواہشمند امیدواران اپنی درخواست بمعہ تعلیمی اسناد/کاغذات ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خضدار کے دفتر میں جمع کروائیں گے (2) سرکاری/نیم سرکاری/خودمختار ادارے سے وابستہ ملازمین محکمانہ توسط سے درخواست ارسال کریں (3) کوئی بھی فارم آخری تاریخ گزرنے کے بعد قابل قبول نہ ہوگا اور نہ ہی محکمہ دیر سے جمع ہونے والے فارم کا ذمہ دار ہوگا۔ **درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ 14 نومبر 2024 ہے۔**

**ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر خضدار**

PRQ No1754/01-11-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

چمن، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## سپریم کورٹ بار انتخابات میں نومنتخب صدر میاں روف عطا کو مبارکباد

# قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر کوہلو

مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں امن وامان میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے

**ضلع کو جرائم پیشہ افراد کے لیے نوگو ایریا بنا کر دم لیں گے، دوران ڈیوٹی باوردی اور الرٹ رہیں، عقیل بلوچ**

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل احمد بلوچ کی زیر صدارت امن وامان کو برقرار رکھنے کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں افسران نے اپنے اپنے ایریاز کے متعلق امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لئے کئے گئے اقدامات و درپیش مسائل کے متعلق تفصیل کے ساتھ آگاہی فراہم کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوہلو عقیل احمد بلوچ نے کہا کہ امن وامان کو قائم رکھنے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں امن وامان میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے انہوں نے کہا کہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز نہ برتیں آپ کی بہتر انداز میں اپنے فرائض کی ادائیگی سے ہی علاقے میں امن قائم رکھا جاسکتا ہے اس لیے ہمہ وقت چاک و چوبند اور الرٹ رہیں تاکہ عوام بغیر کسی پریشانی کے اپنی روزمرہ کی زندگی کو گزار سکیں۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو نے تمام لیویز آفیسران اور انچارجز کو سختی سے تاکید کی کہ دوران ڈیوٹی باوردی اور الرٹ رہیں اس ضمن میں کسی قسم کی رعایت کی گنجائش باقی نہیں ہے۔ تمام اشتہاری ملزمان کی جلد گرفتاری کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کوہلو میں جرائم پیشہ افراد کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا اور ضلع کو جرائم پیشہ افراد کے لیے نوگو ایریا بنا کر دم لیں گے۔ انہوں نے تمام شرکا کو تاکید کی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر گشت اور سنیپ چیکنگ کا عمل جاری رکھیں اور جرائم پیشہ افراد کی گرفتاری کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی علاقے میں جرائم سرزد ہوں ان علاقوں کے متعلقہ انچارجز کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ایریا انچارجز ہر ماہ اپنی پروگریس رپورٹ جمع کریں۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر کاہان، تفتیشی آفیسران رسالدار ظریف مری، رسالدار داد محمد مری، نائب رسالدار اسلم مری، نائب رسالدار جعفر خان سمیت تینوں تحصیلوں کے لیویز انچارجز نے شرکت کی ہے۔

## گاڑیوں، موٹر سائیکلوں کی ویریفکیشن کا عمل جلد مکمل کیا جائیگا، اسماعیل ابراہیم

**ضلع میں جرائم کنٹرول کرنے کے لیے فول پروف سکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے**

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ اسماعیل ابراہیم کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایپلیکیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ ضلع کیچ نیکر گورگیج، نادرا آفس ضلع کیچ کے انچارج چنگیز ہوت، اینٹی کار برانچ کے انچارج ظہور احمد، سی ٹی ڈی کے انچارج ظریف احمد کے علاوہ دیگر متعلقہ اداروں نمائندوں نے شرکت کی اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نیکر گورگیج نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تربت سمیت ضلع کیچ کے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی صحیح طریقے سے ویری فکیشن نہ ہونے کی وجہ سے وارداتوں میں اضافہ ہورہا ہے لہذا اس حوالے سے اقدامات کیے جائیں اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کیچ نے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی ویریفکیشن کا عمل جلد مکمل کیا جائے اور اس حوالے سے ایک جامع رپورٹ مرتب کر کے جلد پیش کی جائے۔ تاکہ ضلع کیچ میں جرائم کو کنٹرول کرنے کے لیے فول پروف سکیورٹی کے انتظامات کیے جاسکیں انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ کیچ کی سیکورٹی کو مدنظر رکھ کر ضلع کیچ کے تمام موٹر سائیکل اور گاڑیوں کو باقاعدہ طریقے سے رجسٹرڈ کیا جائے اور ان کی صحیح طریقے سے ریکارڈ کیپنگ کی جائے اس حوالے سے نادرا ضلع انتظامیہ کیچ، ایکسائز اور دیگر قانون نافذ کرنیوالے اداروں کے ساتھ ملکر ایک میکنزم بنائیں میں نادرا افسر نے کہا ہے کہ جعلی شناختی کارڈ کی روک تھام اور ٹریکنگ کے حوالے سے اقدامات اٹھا کر ضلع انتظامیہ کو باقاعدہ طریقے سے آگاہ کیا جائے تاکہ جعلی شناختی کارڈز کو بلاک کیا جاسکے

## جمہوریت کے استحکام کے لیے عوام ضمنی انتخابات میں بھرپور حصہ لیں، نعیم شہزاد

...ہے کیونکہ وہ معاشرت میں ایک نمایاں کردار ادا کرتی ہیں اور ان کی آواز ہماری اجتماعی ترقی میں شامل ہونا ضروری ہے انہوں نے PB-08 کے تمام رجسٹرڈ ووٹرز، خصوصاً خواتین، سے اپیل کی کہ وہ اپنی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ووٹ ڈالیں اور اپنی آواز کو بلند کریں۔ "آپ کا ووٹ آپ کی طاقت ہے۔"

## تفتان، بابرکت فاؤنڈیشن کا تبلیغی اجتماع کے لئے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

**لوگوں کا مفت چیک اپ، ادویات کی فراہمی، ایمبولینس سروسز کی سہولت دستیاب ہوگی**

تفتان (پ ر) بابرکت فاؤنڈیشن والضحیٰ ضلع چاغی کے زیر اہتمام 30 اکتوبر سے شروع ہونے والے تبلیغی اجتماع میں بابرکت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے جو کہ ایران سے آنے والے تبلیغی اجتماع راؤنڈ جا رہے تھے اور تفتان والضحیٰ سے جانے والوں کے لئے فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا جس میں، ڈاکٹر شیزاد بلوچ، ڈاکٹر الٰہی بخش بلوچ، ڈاکٹر عبدالباقی لاشاری اور ڈاکٹر مشتاق احمد بلوچ نے لوگوں کا مفت چیک اپ اور ادویات فراہم کیں، ایمبولینس سروسز کی سہولت بھی دستیاب ہوگی، بابرکت فاؤنڈیشن کے رضاکار بھی اس موقع پر عوام الناس کی خدمت و نصرت کرنے میں بھرپور حصہ لیں گے۔

تمبو، صوبائی وزیر محمد صادق عمرانی سے سیکرٹری آبپاشی حافظ عبدالماجد اور بشیر ترین ملاقات کر رہے ہیں

# معصوم بچوں اور شہریوں کو نشانہ بنانیوالے انسان کہلانے کے لائق نہیں، محمد خان لہڑی

سیکورٹی فورسز، پولیس، لیویز کے جوانوں اور عام شہری وطن عزیز کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں

**مستونگ واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، بزدلانہ حملہ کرنیوالے انسانیت کے دشمن ہیں، پارلیمانی سیکرٹری**

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے رکن اسمبلی و صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی میر محمد خان لہڑی اور مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے اپنے ایک مشترکہ مذمتی بیان میں مستونگ میں بم دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی جانب سے سکول کے معصوم بچے بچیوں عام شہریوں اور پولیس اہلکاران کو نشانہ بنانے کے واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے مستونگ بم دھماکے میں شہادت نوش کرنے والے اور زخمی ہونے والے بچوں اور دیگر افراد کے واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے، انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں، پولیس اہلکاران اور شہریوں کو دہشتگردی کے ذریعے نشانہ بنانے والے انسانیت کہلانے کے لائق نہیں ہیں بزدلانہ دہشت گردانہ حملہ کرنیوالے انسانیت کے دشمن ہیں کیونکہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ جمعہ مبارک کے دن دہشتگردی کا واقعہ افسوسناک ہے جو کہ قیمتی انسانی جانوں کو خون میں نہلایا گیا انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی جو کہ ہمارے سیکورٹی فورسز، پولیس، لیویز کے جوانوں اور عام شہری وطن عزیز کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ شہداء کی مغفرت فرمائے انہوں نے کہا کہ شہید ہونے والے بچوں بچیوں اور پولیس اہلکاروں اور عام شہریوں کی لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں ہم اس غم کی گھڑی میں ان کے غم اور دکھ میں برابر کے شریک ہیں اللہ تعالیٰ شہداء کے لواحقین کو صبر و تحمل عطا فرمائیں۔

## مستونگ واقعہ دردناک اور ایک دل خراش ہے، سردار عبدالرشید پھورائی

**دہشت گردانہ کارروائیوں سے بلوچستان کے عوام کے حوصلے پست نہیں ہونگے**

لسبیلہ (خ ن) چیئرمین ضلع کونسل لسبیلہ سردار عبدالرشید پھورائی نے کہا ہے کہ مستونگ واقعہ دردناک اور ایک دل خراش واقعہ ہے دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیوں سے بلوچستان کے عوام کے حوصلے پست نہیں ہوں گے معصوم لوگوں کا قتل انسانیت کا قتل ہے جس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں دہشت گرد عناصر اس طرح کی کارروائیاں کر کے بلوچستان میں بے گناہ شہریوں، معصوم بچوں اور فورسز کو نشانہ بنا کر شہید کیا جارہا ہے ایسی حرکتیں کرنے والے مسلمان کہلانے کے بھی لائق نہیں ہیں چیئرمین ضلع کونسل نے کہا کہ مستونگ میں دہشت گردی کا واقعہ سوچی سمجھی سازش کا ایک حصہ ہے انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکاروں ڈاکٹرز عوام اور معصوم بچوں کو ٹارگٹ کرنا خوف ہراس پھیلا کر بلوچستان کے پرامن ماحول کو خراب کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسکول کے بے گناہ معصوم بچوں اور بچیوں اور بے گناہ معصوم شہریوں کی شہادتوں پر سخت افسوس ہوا ہے انہوں نے صوبائی حکومت کی جانب سے زخمیوں کو بروقت علاج کی بہترین سہولیات فراہمی سے قیمتی انسانی جانیں بچانا بہترین اقدام ہے۔ سردار عبدالرشید پھورائی نے کہا کہ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور زخمیوں کو جلد صحت یاب کرے۔

## تفتان، بابرکت فاؤنڈیشن کا تبلیغی اجتماع کے لئے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

**لوگوں کا مفت چیک اپ، ادویات کی فراہمی، ایمبولینس سروسز کی سہولت دستیاب ہوگی**

تفتان (پ ر) بابرکت فاؤنڈیشن والضحیٰ ضلع چاغی کے زیر اہتمام 30 اکتوبر سے شروع ہونے والے تبلیغی اجتماع میں بابرکت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے جو کہ ایران سے آنے والے تبلیغی اجتماع راؤنڈ جا رہے تھے اور تفتان والضحیٰ سے جانے والوں کے لئے فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا جس میں، ڈاکٹر شیزاد بلوچ، ڈاکٹر الٰہی بخش بلوچ، ڈاکٹر عبدالباقی لاشاری اور ڈاکٹر مشتاق احمد بلوچ نے لوگوں کا مفت چیک اپ اور ادویات فراہم کیں، ایمبولینس سروسز کی سہولت بھی دستیاب ہوگی، بابرکت فاؤنڈیشن کے رضاکار بھی اس موقع پر عوام الناس کی خدمت و نصرت کرنے میں بھرپور حصہ لیں گے۔

## اسلامی جمعیت طلبہ کا ڈگری کالج میں گرینڈ ٹیلنٹ ایوارڈ شو کا انعقاد

ژوب (آن لائن) اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام ڈگری کالج ہال میں طلبہ کیلئے گرینڈ ٹیلنٹ ایوارڈ شو کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خاص اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ (مرکزی صدر) حسن بلال ہاشمی، ناظم صوبہ (صوبائی صدر) بہادر خان کاکڑ، کالج پرنسپل طاہر شاہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان مولانا حافظ عبدالناصر شہابزئی، نومنتخب امیر جماعت اسلامی ژوب یم تل پاس ماہر معاشیات فہد خان مندوخیل، عبداللہ شاکر، ناظم اسلامی جمعیت طلبہ ژوب رفیع اللہ کاکڑ، ناظم ڈگری کالج معین الدین پی ایس او ضلعی سیکرٹری کلیم اللہ مندوخیل نے خطاب اور طلبہ میں ایوارڈ تقسیم کیے گئے مقررین نے کہا کہ اسلامی جمعیت طلبہ ہر وقت صلاحیت کے حامل افراد کی حوصلہ افزائی وقتاً فوقتاً کرا رہی ہے۔

## اوتھل، ریونیو کالونی اوتھل اور ملحقہ محلوں میں کتوں کی بہتات

اوتھل (این این آئی) ریونیو کالونی اوتھل اور اس سے ملحقہ محلوں میں کتوں کی بہتات، رات کو کتوں کے غول اہل محلہ اور راہگیروں کے لیے وبال جان بن گئے، اگر میونسپل کمیٹی اوتھل نے کتا مار مہم شروع نہ کی تو سگ گزیدگی کے واقعات رونما ہوسکتے ہیں، تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی اوتھل سے چند فرلانگ دور ہی ریونیو کالونی اور اس سے ملحقہ محلوں میں آوارہ کتوں کی بہتات نے اہل محلہ اور شہریوں کو پریشان کردیا ہے۔ سورج ڈھلتے ہی کتوں کے غول نکل آتے ہیں اور شہریوں اور راہگیروں پر بھونکنا شروع کردیتے ہیں۔ جس سے محلے میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ اور راہگیروں کو راستہ بدلنے پر مجبور کردیتے ہیں۔ جب کہ معصوم بچے گھروں میں محصور ہوجاتے ہیں۔ اگر میونسپل کمیٹی اوتھل نے کتا مار مہم شروع نہ کی تو سگ گزیدگی کا واقعہ رونما ہوسکتا ہے۔



تمبو، فاروق خان جمالی مختلف لوگوں کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

# افیون کی کاشت، سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں کیخلاف آل پارٹیز کا احتجاجی مظاہرہ

سیاسی کارکنوں کے خلاف تھری ایم پی او نفاذ اور گرفتاری سماج دشمن عناصر کی حوصلہ افزائی اور سہولت کاری کی جا رہی ہے

**افیون کی کاشت کی اجازت دیکر غیر مقامی اور ڈرگ مافیا کو ایک منظم پلان کے تحت بسا کر وطن دشمنی کی جا رہی ہے، مقررین**

... جماعت اسلامی پاکستان کے عبدالحمید ناصر، آزاد پینل کے کمانڈر شاہ محمد زخپیل، جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے مفتی شفیع الدین، جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مولوی اقبال، انجمن تاجران کے میر صابر کدیزئی، زمیندار ایسوسی ایشن کے مولوی سیف اللہ، اسرار شہید فلاحی کمیٹی کے سردار فرحت اتمانخیل اور امین اللہ طالب نے خطاب کیا مقررین نے کہا کہ لورالائی کی ڈویژنل، ضلعی سول اور پولیس انتظامیہ اپنی ذمہ داری سے غافل ہوکر رشوت خوری اور کمیشن خوری کی بنیاد پر ضلع اور ڈویژن میں کو کنار افیون کی کاشت کی کھلی اجازت دیکر غیر مقامی اور ڈرگ مافیا کو لورالائی میں ایک منظم پلان کے تحت بسا کر وطن اور پشتون دشمنی کے مرتکب ہوئے ہیں جبکہ لورالائی کے سیاسی پارٹیاں، سول سوسائٹی اور عوام قطعاً اجازت نہیں دینگے، انہوں نے مزید کہا کہ کہ ناکام ضلعی سول اور پولیس انتظامیہ سماج دشمن عناصر، منشیات فروشوں اور 302 کے مقدمات میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کی بجائے سیاسی کارکنوں کے خلاف غیر قانونی 3MPO کی نفاذ اور کارکنوں کی گرفتاری کر کے سماج دشمن عناصر کی بھرپور حوصلہ افزائی اور سہولت کاری کر رہے ہیں جو کہ انتہائی قابل افسوس اور شرمناک عمل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اعلیٰ انتظامیہ کی آشیرباد سے لینڈ مافیا پبلک پراپرٹی پر دن دھاڑے قبضے جاری و ساری ہے اور شہر میں منشیات فروشی سرعام سرکاری سرپرستی میں ہورہی ہے اور دوسری طرف ڈویژن میں دہشتگردی سرعام اور مسلسل واقعات انتظامیہ اور سیکورٹی اداروں کے ناک کے نیچے باقاعدہ زور شور سے جاری ہے جو کہ سیکورٹی اداروں کی کارکردگی اور عملداری پر اہم سوال ہے جن کی غفلت اور خاموشی انتہائی قابل گرفت اور مجرمانہ عمل ہے جو کہ آخر کار غیر قانونی فوجی آپریشن منتج ہوگی جسکا ہمارا علاقہ متحمل نہیں ہوسکتا۔

## عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ بے ہودہ ورڈنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

### اعلان لاتعلقی

منکہ مسمی محمد منصور ولد منظور احمد شناختی کارڈ نمبر 5440031665071 مکان نمبر 146/B ریلوے کالونی کوئٹہ یہ کہ میں اپنے حقیقی بیٹے شاہ زیب منصور قومی شناختی کارڈ نمبر 5440187447529 کو بوجہ نافرمانی گھر والوں سے لڑائی جھگڑا کی وجہ سے اعلان لاتعلقی کرتا ہوں یہ کہ آج کے بعد میرا شاہ زیب سے کسی قسم کا کوئی تعلق یا واسطہ نہ ہوگا جو شخص یا ادارہ اس سے لین دین یا کاروبار کرے گا وہ اپنے نفع نقصان کا ذمہ دار خود ہوگا مشتہر محمد منصور ولد منظور احمد

سندس ADVT............

### اطلاع عام

رہائشی پلاٹ A-1 رقبہ 3600 مربع فٹ واقع شین فرہاؤسنگ اسکیم مشرقی بائی پاس کوئٹہ جو کہ اس وقت نصیب اللہ ولد امیر محمد کے نام پر الاٹ ہیں اب اس پلاٹ کو محمد ابراہیم ولد محمد رحیم کے نام پر ٹرانسفر کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں سات یوم کے اندر اندر اسٹیٹ سیل بی ڈی اے سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا مشتہر محمد ابراہیم ولد محمد رحیم

STAFF............

### گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5440041538845 بنام سید محمد الیاء ولد سید ناصر علی شاہ بازار میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03112121996 پر مطلع کریں

عام سبک........

## آن گوئنگ پروجیکٹس میں ناقص کارکردگی کی گنجائش نہیں ہے کمشنر سبی

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) کمشنر سبی ڈویژن سید زاہد شاہ نے کہا ہے کہ تمام محکموں کے ایکسین حضرات پی سی ون کے مطابق کام کے معیار کو یقینی بنائیں آن گوئنگ پروجیکٹس میں ناقص کارکردگی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ انہوں نے یہ گفتگو ڈیرہ بگٹی میں چار روزہ دورے کے دوسرے دن مختلف جاری پروجیکٹس کے وزٹ کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کی ...

# بابر اعظم کپتانی بھول جائیں صرف کرکٹ کھیلنے پر توجہ دیں، وسیم اکرم

محسن نقوی پاکستان میں کرکٹ کے لئے بہت اچھا کام کر رہے ہیں، بھارتی ٹیم کو بہرصورت پاکستان آنا چاہیے، شائقین کو بھارتی ٹیم کے آنے کا انتظار ہے

[illegible]

کنڈیشنز مشکل ہوتی ہیں، پاکستان کی یہاں سیریز آسان نہیں ہوگی، ایک بھی ون ڈے جیت جاتے ہیں تو یہ بہت بڑی کامیابی ہے جبکہ ٹی ٹوئنٹی سیریز اچھی ہو گی۔ وسیم اکرم نے کہا کہ فخر زمان امپیکٹ پلیئر ہے، مجھے یقین ہے کہ سوشل میڈیا بیان فخر زمان نے نہیں لکھا، جس نے بھی لکھا اسے بتانا چاہیے تھا کہ سینٹرل کنٹریکٹ کی وجہ سے آپ کو مسئلہ ہو سکتا ہے۔

## محمد رضوان کو کپتان مقرر کرنا اچھا قدم ہے، شاداب خان

قومی ٹیم اب کامیابیاں سمیٹے گی، تقریب کے دوران بات چیت

[illegible]

## ورلڈ اسنوکر چیمپئن شپ، آصف نے فیصلہ کن راؤنڈ میں جگہ بنالی

احسن اور اسجد کوالیفائرز کے دونوں مراحل میں ٹاپ 8 میں نہ آسکے

کراچی (این این آئی) محمد آصف نے ورلڈ اسنوکر چیمپئن شپ کے فیصلہ کن راؤنڈ میں جگہ بنالی ہے۔ ورلڈ اسنوکر چیمپئن شپ میں احسن رمضان اور اسجد اقبال کوالیفائرز کے دونوں مراحل میں ٹاپ 8 میں نہ آسکے۔ محمد آصف نے ہم وطن اسجد اقبال کو چار۔ دو سے ہرا کر فیصلہ کن راؤنڈ میں جگہ بنائی۔ احسن رمضان کو کوالیفائرز کے راؤنڈ آف 16 میں سری لنکن پلیئر نے ہرایا۔ پاکستان کے اویس منیر اور نسیم اختر کو براہ راست فیصلہ کن راؤنڈ میں جگہ ملی تھی۔ واضح رہے کہ ورلڈ اسنوکر چیمپئن شپ کا فیصلہ کن راؤنڈ 2 نومبر سے شروع ہوگا۔

لاہور، پولو کپ2024 کے چوتھے روز ایف جی اور ریباس کے درمیان میچ کا منظر

## 'کامن ویلتھ گیمز 2026 سے 9 مشہور کھیل نکال دیے گئے

اب 19 کے بجائے صرف 10 کھیلوں کے مقابلے ہوں گے، منتظمین

گلاسکو (این این آئی) دولت مشترکہ کھیل (کامن ویلتھ گیمز) 2026 میں گلاسگو میں ہوں گے جس میں دنیا کے 9 مشہور کھیلوں کو ختم کردیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کامن ویلتھ گیمز 2026 سے کرکٹ، ہاکی سمیت 9 مختلف کھیلوں کا اخراج کر دیا گیا ہے تاہم 2022 کے برمنگھم میں ہونے والے گیمز کے مقابلے میں اس بار 19 کے بجائے صرف 10 کھیلوں کے مقابلے ہی منعقد ہوں گے۔ گلاسکو گیمز میں جو کھیل شامل نہیں کیے گئے ہیں۔ ان میں کرکٹ، ہاکی، اسکواش، بیڈمنٹن، رگبی سیونز، ڈائیونگ اور ٹرائی تھیلون شامل ہیں۔ واضح رہے کہ کامن ویلتھ گیمز کی اصل میزبان آسٹریلیا کی ریاست وکٹوریہ تھی جس نے اخراجات کے باعث گزشتہ برس ہی اس ایونٹ سے دستبرداری کا اعلان کر دیا تھا۔

## ابوظہبی ایچ ایس بی سی اوپن گالف ٹورنامنٹ سات نومبر سے شروع ہوگا

تمام تیاریاں مکمل ہو، دنیائے گالف کے نامور کھلاڑی اہم ایونٹ کا حصہ ہوں گے

ابوظہبی (آن لائن) ابوظہبی ایچ ایس بی سی اوپن گالف ٹورنامنٹ کا 19 واں ایڈیشن 7 نومبر سے متحدہ عرب امارات (یو اے ای) میں شروع ہوگا، یورپین ٹور گالف کے زیر اہتمام ہونے والے ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد کیلئے تیاریاں عروج پر ہیں۔ ٹورنامنٹ 72 ہولز پر کھیلا جائے گا، ٹورنامنٹ میں دنیائے گالف کے نامور کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے، ایونٹ میں فرانسیسی گالفر وکٹر پیریز اپنے اعزاز کا دفاع کریں گے۔ ٹورنامنٹ کے لئے 90 لاکھ امریکی ڈالر کی انعامی رقم مختص کی گئی ہے، 7 نومبر سے شروع ہونے والا یہ ٹورنامنٹ 4 روز تک جاری رہنے کے بعد 10 نومبر کو اختتام پذیر ہوگا۔

ممبئی: انڈیا اور نیوزی لینڈ کے درمیان تیسرے ٹیسٹ میچ میں انڈین بیٹر کا کلین بولڈ کا منظر

## نیوزی لینڈ کے خلاف مسلسل ناکامی، بمراہ کو تیسرے ٹیسٹ سے باہر کردیا گیا

تیسرا ٹیسٹ آج شروع، بھارت کو وائٹ واش سے بچنے کا چیلنج درپیش ہے

نئی دہلی (آن لائن) نیوزی لینڈ کے خلاف مسلسل دو ٹیسٹ میچز میں ناکام رہنے والے بھارتی اسٹار فاسٹ بولر جسپریت بمراہ کی تیسرے ٹیسٹ سے چھٹی کردی گئی۔ بھارت اور نیوزی لینڈ کے خلاف تیسرا ٹیسٹ آج سے ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم میں شروع ہو رہا ہے جہاں میزبان کو سیریز میں وائٹ واش ہونے سے بچنے کا چیلنج درپیش ہے، ایسے میں بھارتی ٹیم نے ٹیسٹ الیون میں اکھاڑ پچھاڑ کرتے ہوئے جسپریت بمراہ کو ٹیم سے باہر کردیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق بمراہ کو آسٹریلیا کے خلاف آئندہ ہونے والے گواسکر بارڈر ٹیسٹ سیریز کے سلسلے میں آرام دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ بھارت کو نومبر میں ٹیسٹ سیریز کے لیے آسٹریلیا کا دورہ کرنا ہے جہاں پہلا مقابلہ 22 نومبر سے شیڈول ہے، بمراہ چونکہ پچھلے ماہ بنگلہ دیش کے خلاف سیریز سے کھیل رہے ہیں اس لیے انھیں کیویز کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میں نہ کھلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ پونے میں بھارتی ٹیم کی نیوزی لینڈ کے ہاتھوں رسوائی کے بعد ممبئی کے فل فلیش ٹریننگ سیشن میں بمراہ بھی شریک تھے تاہم وہ گزشتہ رات فلائٹ سے اپنے گھر احمد آباد روانہ ہوچکے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق بھارتی کوچ گمبھیر اور کپتان چاہتے تھے کہ جسپریت بمراہ کو نیوزی لینڈ کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میں آرام دیا جائے مگر پہلے میچ میں شکست کے بعد پلان تبدیل کیا گیا۔

# ورلڈ بلائنڈ کرکٹ کونسل نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے چوتھے ایڈیشن کا شیڈول جاری کر دیا

[illegible]

## ظہیر عباس کو پی سی بی میں اہم ذمے داری ملنے کا امکان

[illegible]

## ویمن فٹبال ٹیم کو فرینڈلی میچ کے لیے سعودی فیڈریشن سے دعوت آگئی

اخراجات سعودی فیڈریشن برداشت کرے گی، تربیتی کیمپ بھی قطر میں منعقد ہوگا

ریاض، اسلام آباد (آن لائن) سعودی عرب فٹبال فیڈریشن نے پاکستان ویمن فٹبال ٹیم کو فرینڈلی میچ کے لیے دعوت دے دی۔ سعودی عرب نے اس ماہ فیفا ونڈو میں خواتین فرینڈلی میچ کے لیے پی ایف ایف سے رابطہ کرلیا ہے۔ سعودی عرب نے قطر میں پاکستان سے ویمن فٹبال میچ کھیلنے کی پیشکش کی ہے۔ خواتین کی فیفا فرینڈلی ونڈو 25 نومبر سے 7 دسمبر کے درمیان ہے۔ اس حوالے سے پاکستان فٹ بال فیڈریشن نے سعودی عرب سے میچ کھیلنے پر دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔

قازقستان میں ہونے والی چیمپئن شپ میں پاکستان نمائندہ ایم ایم کی ٹیم کے صدر طاہر حسین سروری اور دیگر آفیشلز کا کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

## محسن نقوی کی سکھ برادری کو چیمپئنز ٹرافی میچز دیکھنے پاکستان آنے کی دعوت

سو بسم اللہ آپ پاکستان آئیں، چیئرمین پی سی بی کی سکھ یاتریوں سے گفتگو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ اور چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سکھ برادری کو چیمپئنز ٹرافی کے میچز دیکھنے کیلئے پاکستان آنے کی دعوت دے دی۔ لاہور میں امریکا سے آئے ہوئے سکھ یاتریوں سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ سو بسم اللہ آپ پاکستان کرکٹ میچز دیکھنے آئیں اور چیمپئنز ٹرافی کے لیے آئیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی میں پاک بھارت میچ دیکھیں، اس کے لیے ہم خصوصی کوٹہ رکھ رہے ہیں، کیونکہ بھارت سے بھی بہت سے لوگوں نے میچز دیکھنے آنا ہے۔ چیئرمین پی سی بی کا کہنا تھا کہ چیمپئنز ٹرافی کے لیے خصوصی انتظامات کررہے ہیں، آپ کو آدھے گھنٹے میں ویزہ فراہم کیا جائیگا، آپ سال میں 10 مرتبہ آئیں آپ کو کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔

## ہانگ کانگ سکسز، پاکستان کے ہاتھوں بھارت کو شکست کا سامنا

قومی ٹیم نے بھارت کی جانب سے دیا گیا ہدف بہ آسانی حاصل کرلیا

ہانگ کانگ (آئی این پی) ہانگ کانگ سپر سکسز میں پاکستان نے روایتی حریف بھارت کو آؤٹ کلاس کرتے ہوئے کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔ ہانگ کانگ میں کھیلے گئے میچ میں بھارت نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں 119 رنز بنائے اور گرین کیپس کو جیت کے لیے 120 رنز کا ہدف دیا۔ پاکستان کی جانب سے اننگز کا آغاز آصف علی اور اخلاق احمد نے کیا اور دونوں کھلاڑیوں نے بھارتی بولرز کی درگت بناتے ہوئے ہدف بغیر کسی وکٹ کے نقصان کے پورا کرلیا۔

### محمد حسنین کو آسٹریلیا کیخلاف پہلا ون ڈے کھلانے کا امکان

میلبرن (این این آئی) فاسٹ بولر محمد حسنین کو آسٹریلیا کے خلاف پہلے ون ڈے میچ کی پلیئنگ الیون میں شامل کرنے کا امکان ہے۔ پاکستان وائٹ بال کرکٹ ٹیم نے میلبرن میں ٹریننگ سیشن کیا جہاں کھلاڑیوں نے فزیکل اور فیلڈنگ ڈرلز کے بعد نیٹ پر بھرپور پریکٹس کی۔ فاسٹ بولر شاہین آفریدی، حارث رؤف اور عامر جمال نے بھی نیٹ پر بولنگ کی۔ سلیکٹر اسد شفیق بھی پریکٹس سیشن کے دوران موجود تھے جنہوں نے کوچ جیسن گلیسپی اور کپتان محمد رضوان سے تفصیلی مشاورت کی۔

### شعیب ملک اور ثانیہ مرزا نے اذہان کی چھٹی سالگرہ الگ الگ منائی

لاہور (این این آئی) پاکستانی کرکٹر شعیب ملک اور بھارتی ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا نے اپنے بیٹے اذہان کی چھٹی سالگرہ الگ الگ منائی۔ دونوں نے بیٹے کی سالگرہ منانے کی پوسٹس بھی سوشل میڈیا پر شیئر کیں۔ اپنے پیغام میں شعیب ملک نے تحریر کیا کہ سالگرہ مبارک چیمپئن، دعا ہے کہ آنے والے سال خوشیوں سے بھرے ہوں، آپ ہمارے لیے باعث فخر ہو۔ شعیب ملک بیٹے کی سالگرہ منانے کے بعد ایونٹ میں شرکت کیلئے ریاض چلے گئے۔

### پشین، انٹر سکولز کرکٹ ٹورنامنٹ کی تیاریاں مکمل

پشین (نامہ نگار) پشین میں انٹر سکولز کرکٹ ٹورنامنٹ کی تیاریاں مکمل کرلی گئیں، کل تک ٹیم انٹری کرائی جاسکے گی آٹھواں آل پشین ماڈل انٹر سکولز ڈی سی اے ٹیلنٹ ہنٹ کرکٹ ٹورنامنٹ 2024 ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن پشین اور ماڈل ہائی اسکول پشین کی اشتراک سے آٹھواں انٹر سکولز کرکٹ ٹورنامنٹ ماڈل ہائی سکول کے گراونڈ پر شروع ہوگا اس ٹورنامنٹ میں پشین بھر سے 16 ہائی سکولز کے ٹیموں کو انٹر کیا جائے گا ٹورنامنٹ میں انٹری کی تاریخ 3 نومبر 2024 کی شام بجے تک ہے جبکہ ڈرا 4 نومبر کو نکالی جائے گی۔

# نوشکی آل بلوچستان ڈسٹرکٹ فٹبال ٹورنامنٹ کا فائنل سورج کلب پنجگور نے جیت لیا

اسفند شاہ کلب خاران اور سورج کلب نوشکی کے مابین سنسنی خیز میچ کا واحد گول عبدالغفار نے میچ کے بیسویں منٹ میں کیا اور آخری لمحے تک برتری برقرار رہی

ڈپٹی کمشنر امجد حسین سومرو فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل میچ ڈپٹی کمشنر سمیت دیگر اعلیٰ سرکاری افسران، قبائلی و سیاسی رہنماؤں کی شرکت، کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم

نوشکی (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر امجد حسین سومرو فٹبال ٹورنامنٹ کا شاندار فائنل میچ سورج کلب پنجگور اور اسفند شاہ کلب خاران کے ٹیموں کے مابین کھیلا گیا دونوں ٹیموں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے خوبصورت موومنٹ بنائے کھیل کے 20 ویں منٹ میں سورج کلب کے کھلاڑی عبدالغفار نے خوبصورت گول کرکے ٹیم کو برتری دلادی پہلے ہاف کے آخری لمحات میں اسفند شاہ کلب خاران کے کھلاڑی نے پلنٹی مس کردیا کھیل کے دوسرے ہاف میں اسفند شاہ کلب خاران کے کھلاڑیوں نے گول کرنے کی سرتوڑ کوشش کی لیکن کامیابی حاصل نہ کرسکے اور اس سورج کلب پنجگور نے صفر کے مقابلے میں ایک گول سے فائنل اپنے نام کرلیا ریفری کے فرائض مدیر احمد جمالدینی یار جان بادینی زاہد حسین میچ کمشنر وارث شاہ فورتھ آفیشل صدام حسین اناونسر سلیم ساحل تھے میچ کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر امجد حسین سومرو تھے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر امجد حسین سومرو نے ونر رنر ٹیموں اور ورکروں کے لیے ایک لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا اسسٹنٹ کمشنر ظہور احمد بلوچ نے سورج کلب پنجگور کے ٹیم کے لیے 20 ہزار روپے گول کرنے والے کھلاڑی عبدالغفار کے لیے 5 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا الحسن بلڈنگ ظہور احمد سیاہ پاد نے دونوں ٹیموں کے اعزاز میں ڈنر دینے کا اعلان کیا نوشکی کے قبائلی اور سماجی رہنما حاجی میر امان اللہ جمالدینی نے 15 نومبر سے نوشکی میں آل سندھ بلوچستان حاجی امان اللہ جمالدینی فٹبال ٹورنامنٹ کے انعقاد کا اعلان کیا گول کرنے والے کھلاڑی عبدالغفار کے لیے 5 ہزار روپے دینے کا بھی اعلان کیا سابق ایم پی اے بابو میر محمد رحیم مینگل ڈی ایس پی محمد شریف بزنجو حاجی میر امان اللہ جمالدینی عزیز ظہور اور دیگر نے کھلاڑیوں اور آفیشلز میں انعامات تقسیم کیے سردار زادہ میر حاکم علی مینگل بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی صدر میر عبدالرحمان لانگو چیئرمین یونین کونسل خیصار عزیز احمد مینگل سپورٹس آفیسر خاران حبیب الرحمان کبدانی پٹواری سید حبیب شاہ کلاتی پی ایس ڈپٹی کمشنر نجیب اللہ مینگل ڈی ایف اے کے صدر شکیل احمد جمالدینی نائب صدر محمد رفیق بادینی قدرت اللہ جمالدینی سپورٹس آفیسر محمد صادق مینگل عبدالستار جمالدینی اور 20 ہزار سے زائد شائقین نے فائنل میچ دیکھا لیویز اور پولیس کے ٹیموں کے مابین رسہ کشی کے مقابلے میں لیویز نے کامیابی حاصل کی۔

## ورلڈ کپ 2026 کے لئے کوالیفائی کرنا ٹارگٹ ہے، طاہر زمان

ایشیا کپ پر نظریں جمائی ہیں، ہیڈ کوچ پاکستان ہاکی ٹیم کی بات چیت

لاہور (آن لائن) ہیڈ کوچ پاکستان ہاکی ٹیم طاہر زمان کا کہنا ہے کہ ورلڈ کپ 2026 کے لیے کوالیفائی کرنا ٹارگٹ ہے، اس کے لیے ہماری نظریں نومبر 2025 میں ہونے والے ایشیا کپ پر ہیں۔ طاہر زمان نے لاہور میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت چین میں ہونے والے ایک ایونٹ میں ٹیم بھیجنے کا پلان ہے، چین کا ایک ٹاپ لیول ڈومیسٹک ٹورنامنٹ 11 سے 22 نومبر تک ہو رہا ہے، اس میں پی ایچ ایف ڈویلپمنٹ ٹیم بھیج رہے ہیں۔ ہیڈ کوچ پاکستان ہاکی ٹیم کا کہنا تھا کہ ہماری کوشش ہے کہ ایک شارٹ کیمپ لگا کر پی ایچ ایف ڈویلپمنٹ ٹیم بنائیں، ٹیم کو 9 تاریخ تک چین بھجوانے کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ طاہر زمان نے کہا کہ فنڈز کے بغیر کوئی کام نہیں ہوسکتا، ہائی پرفارمنس پروگرام کو شروع کرنے کیلئے فنڈز کی ضرورت ہے، ہائی پرفارمنس پروگرام نہیں ہوتا تو ورلڈ کپ کی کوالیفکیشن کے لیے درست انداز میں تیاری نہیں ہو سکتی، ہمارا ایک سال میں 25 میچز یورپ میں کھیلنے کا پلان ہے، حکومت سے درخواست ہے فنڈز دے، پرائیویٹ سیکٹر سے ہم خود کوشش کررہے ہیں۔ ہیڈ کوچ نے مزید کہا کہ کھلاڑیوں کا ایک پول تیار کر رہے ہیں تاکہ ان کے آف سیزن میں کیمپ لگا کر کیمپ میں اسکلز کو بہتر بنانے کی کوشش کی جائیگی۔

## عوام انسداد پولیو مہم ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، جواد زہری

ضلع گوادر کو پولیو فری بنانا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، اسسٹنٹ کمشنر گوادر

گوادر (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر میر جواد احمد زہری نے ڈی ایس او ڈاکٹر ظفر اقبال کے ہمراہ انسداد پولیو مہم کے چھٹے دن کے موقع پر گوادر کے دور دراز علاقوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے انسداد پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا اور انہیں مہم کی مکمل کامیابی کے لیے مستعدی اور ذمہ داری سے کام کرنے کی ہدایت دی۔ اس دوران اسسٹنٹ کمشنر نے انسداد پولیو ٹیموں کی مہم کے مختلف مراحل کا معائنہ کیا، جن میں ڈور پرنٹ اور فنگر پرنٹ کے ذریعے پولیو ویکسین کی فراہمی کو یقینی بنانا شامل تھا۔ انہوں نے مہم کے بنیادی انتظامات اور درپیش مسائل کا بھی بغور جائزہ لیا اور علاقے کی آبادی تک ویکسین پہنچانے کے عمل کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر میر جواد احمد زہری نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ انسداد پولیو مہم ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لیے ویکسین لازمی دلائیں

تمبو، پیپلز پارٹی کے محمد بلال عمرانی آچر خان چندرانی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## بلاتفریق لوگوں کے خدمت پر یقین رکھتا ہوں، میر عبدالودود

ہمارا مقصد تعصب سے بالاتر ہوکر لوگوں کے خدمت کرنا ہے، ڈسٹرکٹ

دالبندین نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ چیئرمین چاغی میر عبدالودود خان سنجرانی اپنے آفس میں ملاقات کرنے والے قبائلی عمائدین، اور شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا میرا آفس ہر وقت لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کے لیئے کھلا رہتا ہے بلاتفریق لوگوں کے خدمت کرنے پر یقین رکھتا ہوں انھوں نے کہاں ہمارا مقصد تعصب سے بالاتر ہوکر لوگوں کے خدمت کرنا ہے صحت، تعلیم، آبنوشی ہمارے ترجیحات میں شامل ہے ضلع کے اندر بے روزگاری کے خاتمے کے لئے بھی ہم کوشاں ہیں میرٹ کے مطابق علاقے کے بیروزگار نوجوانوں کو روزگار میسر ہوں انھوں نے مزید کہاں معاشرے میں اگر ترقی لانا ہے تو ہم سب کو ملکر تعلیم کے اوپر توجہ دلانے کی ضرورت ہیں دنیا کے ساتھ مقابلہ ہم صرف تعلیمی میدان میں کر سکتے ہیں ہمیں زیادہ تر تعلیم پر توجہ دینے کی ضرورت ہیں انھوں نے مزید کہاں جب تعلیم اہم ہوگا تو صحت، بیروزگاری جیسے مسائل خود بخود حل ہو نگے انھوں نے مزید کہاں سابق چیئرمین سینٹ حاجی محمد صادق خان سنجرانی، سابق مشیر میر اعجاز خان سنجرانی کی کوشش یہی ہے ضلع بھر میں یکساں ترقی ہوں انشاء اللہ بہت جلد ضلع چاغی کے عوام ترقی محسوس کریگے ہمارے دور اقتدار میں بلاتفریق سیاست سے بالاتر ہوکر ہم لوگوں کے خدمت پر یقین رکھتے ہیں ضلع کونسل آفس ہمیشہ لوگوں کے لیئے کھلا رہتا ہے لوگ اپنے مسائل یہاں لاتے ہیں ہم حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں

### بے گناہ معصوم لوگوں کی نشانہ بنانے والے انسانیت کے دشمن ہیں، سلیم کھوسہ

نصیر آباد (نامہ نگار) مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے مستونگ دھماکہ میں اسکول کے معصوم بچے بچیوں اور پولیس اہلکار کی شہادت اور دیگر بچوں کی زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقع کی سخت الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ بے گناہ معصوم لوگوں کی جانیں لینا وحشیانہ عمل ہے دہشتگردوں کے خلاف پوری قوم یکجا ہے سکول جانے والے معصوم بچوں کو شہید کرنے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں وہ درندے ہیں مستونگ واقعہ کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے حکومت تمام زخمیوں بالخصوص اسکولوں کی طلبہ و طالبات کو بہتر علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرے گی انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں اور شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں ہے شہید ہونے والے بچوں بچیوں اور پولیس اہلکار کو لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس غم کی گھڑی میں ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اللہ پاک سے دعا کرتے ہیں کہ اس واقعہ میں جتنے معصوم لوگ شہید ہوئے ہیں ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے اور زخمیوں کو اللہ پاک جلد صحت یاب کرے

### صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے وفد کی ملاقات

خاران (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے سرکٹ ہاؤس خاران میں میونسپل کمیٹی خاران کے کونسلرز نے میونسپل کمیٹی خاران کے چیئرمین میر نورالدین نوشیروانی و وائس چیئرمین سردار امین اللہ درانی کی سربراہی میں نے ملاقات کی، اس موقع پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی خاران طاہر حبیب بھی موجود تھے۔ ملاقات میں صوبائی وزیر میر شعیب جان نوشیروانی کو چیئرمین میونسپل کمیٹی نے میونسپل کمیٹی کی کارکردگی و مشینری وسائل اور مسائل سے متعلق متعلق بریف کیا گیا صوبائی وزیر میر شعیب جان نوشیروانی نے کہا کہ سیاست سے ہٹ کر ہمیں علاقے کی مفاد پر ایک ساتھ ہوکر کام کرنا ہے میونسپل کمیٹی میں پارٹی بازی نہیں ہونا چاہیے

## چیئرمین میونسپل کمیٹی کا گورنمنٹ گرلز انٹر کالج تسپ پنجگور کا دورہ

کالج کی صفائی ستھرائی، سمیت اساتذہ اور عملے کی حاضری کا بھی جائزہ لیا

پنجگور (خ ن) چیئرمین میونسپل کمیٹی تسپ پنجگور میر عبدالرحمٰن کا گورنمنٹ گرلز انٹر کالج تسپ پنجگور کا دورہ کیا جہاں پر چیئرمین نے گورنمنٹ گرلز انٹر کالج کے مختلف حصوں کا دورہ کیا جائزہ لیا کلاس رومز میں جاکر تدریسی عمل کا جائزہ لیا طالبات سے کورس متعلق سوالات کیے انہوں نے کالج کی صفائی ستھرائی، سمیت اساتذہ اور عملے کی حاضری کا بھی جائزہ لیا۔ طالبات سے تدریسی سہولیات اور دستیاب وسائل کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے کالج کے کلاس رومز، صفائی اور دیگر تدریسی سہولیات کا بھی معائنہ کیا اور طالبات کو بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ پرنسپل پروفیسر مشتاق کچھی نے کالج کی بہتری میں دلچسپی لینے پر معزز مہمان کا شکریہ ادا کیا۔ کالج کے پرنسپل نے کہا، "ہم چیئرمین میر عبدالرحمٰن کی طرف سے اپنے ادارے کی حمایت کے لیے آمادگی کو سراہتے ہیں۔" "ان کے دورے سے ہمارے طلباء اور عملے کے حوصلے بلند ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ یہ دورہ کالج میں تعلیم کو بڑھانے کے لیے میونسپل کمیٹی کی لگن کو اجاگر کرتا ہے پرنسپل نے چیئرمین کو کالج سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی اور اب تک کارکردگی کے پیش رفت سے انہیں آگاہ کیا۔

## ضمنی الیکشن، ملک محمد رفیق سیلاچی کا سبی لہڑی اتحاد کی حمایت کا اعلان

تلی میں پیپلز پارٹی کے امیدوار سردار کوہیار خان ڈومکی کے اعزاز میں کارنر میٹنگ

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) ضمنی الیکشن میں بڑی ہلچل، ملک محمد رفیق سیلاچی کا سبی لہڑی اتحاد کی حمایت کا اعلان، گاؤں تلی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار سردار کوہیار خان ڈومکی کے اعزاز میں کارنر میٹنگ کا انعقاد، کارنر میٹنگ میں سینکڑوں افراد کی شرکت۔ تفصیلات کے مطابق گاؤں تلی کے معروف سیاسی و قبائلی شخصیت چیف آف سیلاچی ملک محمد رفیق سیلاچی نے اپنی برادری وڈیرہ سلطان سیلاچی، ملک لیاقت سیلاچی، ملک محمد نواز سیلاچی، اللہ رکھیہ سیلاچی، میر ہزار سیلاچی، وڈیرہ محمد جان سیلاچی، ملک غفار سیلاچی و دیگر اقوام سیلاچی سمیت حلقہ پی بی 08 سبی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار چیف آف ڈومکی سردار کوہیار خان ڈومکی کی مکمل حمایت کا اعلان کردیا۔ اس حمایت سے سردار کوہیار خان ڈومکی کی پوزیشن مضبوط ہوگی۔ چیف آف اقوام سیلاچی ملک محمد رفیق سیلاچی نے کہا کہ الیکشن میں ہم سردار کوہیار خان ڈومکی کی جانی و مالی مدد کریں گے۔

## شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین محمد رحیم لہڑی کا نئی کابینہ کا باقاعدہ اعلان

عبدالرزاق ہنگورئی جنرل سیکریٹری، علامہ عبدالحکیم انقلابی سینئر نائب صدر ہوگئے

نصیرآباد (نامہ نگار) شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین محمد رحیم لہڑی نے اپنی نئی کابینہ کا باقاعدہ اعلان کرتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس کے مطابق استاد عبدالرزاق ہنگورئی جنرل سیکریٹری، علامہ عبدالحکیم انقلابی سینئر نائب صدر، محمد شریف ابڑو وائس چیئرمین، منیر احمد نائب صدر اول، ذاکر علی رند نائب صدر دوئم، مولانا علی گل لانگھو ڈپٹی جنرل سیکریٹری، امداد علی سمالانی جوائنٹ سیکریٹری، سید قادر شاہ فنانس سیکریٹری، محبوب کھوسہ پریس سیکریٹری اور شبیر احمد ابڑو آفس سیکریٹری ہیں جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران میں وڈیرہ عاشق علی عمرانی، میر محمد وارث ابڑو، حافظ سعید احمد ہنگورئی، کامریڈ تاج بلوچ، اور لکھی مانک لال شامل ہیں

# معشوق ڈرگھ کے قاتل کی عدم گرفتاری کیخلاف مقتول کے ورثاء سراپا احتجاج

احتجاجی ریلی، پولیس انتظامیہ کے خلاف شدید نعرہ بازی، سٹی پولیس تھانہ کے سامنے دھرنا، قاتل کی فوری گرفتاری کا مطالبہ

جنگل کا قانون ہے غریب عوام کو انصاف میسر نہیں، قاتل اب تک گرفتار نہیں ہو رہا ہے غریب عوام کا کوئی پرسان حال نہیں

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) معشوق ڈرگھ کے قاتل کی عدم گرفتاری کے خلاف مقتول کے ورثہ و شہری پولیس انتظامیہ کے خلاف سراپا احتجاج میں ریلی و سٹی پولیس تھانہ کے سامنے دھرنا قاتل کی فوری گرفتاری کا مطالبہ معشوق ڈرگھ کو قتل ہوئے تقریباً دس سے گیارہ دن ہوچکے ہیں ان کے قاتل تاحال گرفتار نہ ہوسکے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مقتول معشوق ڈرگھ کے بھائی عاشق ڈرگھ اور اس کے کزن شاہد حسین ڈرگھ کی قیادت میں ملزم کی عدم گرفتاری کے خلاف مچھلی پل جناح روڈ سے سٹی پولیس تھانہ تک احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکا کے ہاتھوں پلے کارڈز اور بینر اٹھا رکھے تھے جن پر مختلف نعرے درج تھے ریلی کے شرکا کے پولیس انتظامیہ کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے رہے ریلی کے شرکا نے سٹی پولیس تھانہ اوستہ محمد کے سامنے دھرنا دے کر بیٹھ گئے تاہم پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما سید بلاول شاہ اور ذوالفقار علی ابڑو نے احتجاجی ریلی میں شرکت کرکے مقتول کے ورثاء سے اظہار ہمدردی کی اور قاتل کی گرفتاری کے لئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ریلی سے عاشق علی ڈرگھ شاہد حسین ڈرگھ سید بلاول شاہ اور ذوالفقار علی ابڑو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اوستہ محمد شہر میں جنگل کا قانون نافذ ہے غریب عوام کو انصاف میسر نہیں ہورہا ہے ایک غریب انسان کو سرعام فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا قاتل اب تک گرفتار نہیں ہورہا ہے غریب عوام کا کوئی پرسان حال نہیں انہوں نے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ اوستہ محمد کی پولیس انتظامیہ قاتل کے سامنے بے بس نظر آرہے ہیں پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بلاول شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگر اوستہ محمد پولیس نے اپنی روش تبدیل نہیں کی تو عوام کی طاقت سے قاتل کی گرفتاری کے لیے شٹر ڈاون ہڑتال کیا جائے گا

## محکمہ خزانہ کچھی کی ناقص کارکردگی ملازمین تنخواہوں سے محروم

گزشتہ ماہ ملازمین کو تنخواہیں مقررہ وقت پر نہ مل سکیں، جو نااہلی کی انتہا ہے

بھاگ (نامہ نگار) محکمہ خزانہ کچھی کی ناقص کارکردگی ملازمین تنخواہوں سے محروم گزشتہ ماہ ملازمین کی تنخواہیں مقررہ وقت پر نہ ہوسکیں اس ماہ یکم تاریخ میں بھی ملازمین تنخواہوں سے محروم ہیں حاجی محمد الیاس کلواڑ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع کچھی کے جنرل سیکریٹری حاجی محمد الیاس کلواڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ یکم تاریخ کو اساتذہ و ملازمین کی تنخواہیں جاری نہ ہونا خزانہ آفس ڈھاڈر کی نااہلی کی انتہا ہے افسوس کیساتھ گزشتہ ماہ بھی ملازمین یکم تاریخ کو مستقل طور پر خزانہ آفیسر کے نہ ہونے کی وجہ سے تنخواہوں سے محروم رہے لیکن اس بار پھر یکم تاریخ ماہ اکتوبر کی تنخواہوں نہ ہونے کی وجہ سے ملازمین بینکوں کے چکر لگانے پر مجبور ہیں محکمہ خزانہ کچھی کی طرف سے ملازمین سے آئی بی این نمبر اے جی آفس کے لئے طلب کئے کہ ملازمین کی تنخواہیں اے جی آفس سے ان کے اکاونٹ پر منتقل کی جائیں گی تاکہ پریشانی کم ہو سکے آئی بی نمبر سے پریشانی کم ہونے کے بجائے بڑھا دی گئی ہے

**TENDER NOTICE**

The Executive Engineer (Building) CW, PP&H Department District Gwadar invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates, 2023 G.O.B amended up to date from interested contractors/firms for the work listed below: **Earnest Money 2%**, **Tender Fee Rs.1500/-** (in shape of green challan from deposited in head of Account C-02716) and Time limit 24 Months

| S.No | Name of work | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | CONSTRUCTION OF OPD PORTION FOR DHQ HOSPITAL AT GWADAR PSDP- 2425/ Z2024.0801. **TSE-242510580373** | **36633600** |

The tender process would be carried out under B-PPRA rule 2014. The earnest money in shape of only call deposit or bank guarantee from schedule bank in favour of Executive Engineer (Building) CW, PP&H Department District Gwadar should accompany the bids. **ELIGIBILITY:** The bidders shall be registered with Pakistan Engineering Council must have fresh valid registration up to 30th June 2025 in relevant category with specialized codes of **(CE-01& CE-10),** and registration with Taxation Department (BRA) and who are on Active Taxpayers List (ATL) of FBR, registration with income tax, are mandatory for eligible to apply. Affidavit of no litigation history where decision went against the firm further an affidavit of no Blacklisting from any Agency. **METHOD OF PROCUREMENT:** single stage one envelope procedure. **EVALUATION CRITERIA:** The First Lowest Evaluated Bid will be recommended for award of contract, who fulfilling the basic eligibility criteria. **TENDER DOCUMENTS:** The Documents can be obtained from office of the undersigned on non-refundable payment duly deposited through green Challan in NBP under head C.02716 as mentioned against each category. **DATE FOR ISSUANCE:** The tender form will be issued from the date of Publication up **18-11-2024** from the office/BPPRA website. **SUBMISSION & OPENING OF TENDER:** The tenders will be received on **18-11-2024** at **12:00 P.M** and will be opened on the same day at **01:00 P.M** in presence of participating bidders and procurement committee members. **ADDRESS:** Executive Engineer (Building) CW, PP&H Department fish harbor Near Civil Hospital road at Gwadar. Contact, Ph. 0864-210534, Email: xen2provincialgwadar@gmail.com.

**Executive Engineer (Building) CW, PP&H Department District Gwadar**

PRQ No. 1753/01-11-2024

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

### بعدالت سینئر سول جج اسریاب کوئٹہ

مثل نمبر 123/023 آئندہ تاریخ پیشی 15/11/24

ریاض نوشیروانی وغیرہ بنام نواب زادہ حبیب اللہ خان وغیرہ

اشتہار بنام تحصیلدار خاران / تحصیلدار بسیمہ / تحصیلدار واشک / تحصیلدار ماشکیل / ڈپٹی کمشنر خاران

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہ مندرجہ بالا تعمیل نوٹس سے دیدہ دانستہ طور پر گریزاں ہیں اور روپوش ہیں لہذا اشتہار ہذا مذکورہ مسئول علیہ شائع کیا جاتا ہے اگر مذکورہ مسئول علیہ آئندہ تاریخ ساعت مقررہ 15/11/24 پر بمقام کوئٹہ حاضر عدالت نہیں ہوگا تو اس کے خلاف یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے آج مورخہ 28/10/2024 کو بدستخط میرے ومہر عدالت سے جاری ہوا

عام رنگ........

### بعدالت جناب امین اللہ اچکزئی صاحب کوئٹہ سول جج VII بااختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

درخواست جانشینی نمبر ______ جانشینی آئندہ تاریخ پیشی 14/11/24

1۔ نور جہاں بیوہ عبدالواحد مرحوم 2۔ عبدالواحد 3۔ بی بی شبانہ 4۔ شکیلہ 5۔ بی بی مریم 6۔ بی بی تاقیہ 7۔ محمد ذاکر پسران ودختران عبدالواحد مرحوم ساکنان کچی بیگ کلی غلام جان کوئٹہ مسئول علیہ 6 تا 7 مسئول علیہ نمبر 1 مقام حال کلی ترخہ کوئٹہ بنام عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس ہر عام وخاص :۔ ہرگاہ درخواست مندرجہ بالا عنوان میں سائل / سائلان نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بابت متوفی عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی آئندہ تاریخ ساعت 14/11/24 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی آج تاریخ 30/10/24 کو بدستخط میرے ومہر عدالت سے جاری ہوا

عام رنگ........

### بعدالت نائب تحصیلدار بالاناڑی درجہ دوئم بمقام حاجی شہر

عوام الناس

درج کرنے وارثت انتقال :۔ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی شیر دل ولد عبدالغفور قوم لاشاری بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے مسمی محمد شریف ولد شیر دل قوم لاشاری ایک شرعی فتویٰ پیش کر کے زرعی جائیداد کے ورثاء، ایک بیوہ وسمانہ اور ایک بیٹا درخواست گزار محمد شریف دعویدار ہیں اشتہار ہذا کے شائع ہونے سے ایک ہفتہ کے اندر اندر زیر دستخطی کو عذر و اعتراض تحریری پیش کرے ورنہ بعدازیں تاریخ قابل قبول نہ ہوگا آج اشتہار 29/10/2024 مہر عدالت ودستخط سے جاری ہوا

نمائندہ ڈھاڈر........

### دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مکان نمبر 53 شہباز ٹاؤن فیز I کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق ظفر اللہ خان درانی ولد نصر اللہ خان کی ملکیت ہے اور اب مذکورہ جائیداد کو بذریعہ سیل ڈیڈ ڈاکٹر سکینہ علی زوجہ محمد حنیف پر منتقل کرنے کے لئے درخواست دفتر ہذا میں جمع کروائی ہے لہذا اس پراپرٹی کے بارے میں کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے معیاد گزرنے کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئی اعتراض قبول نہیں کریگا

المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر کوئٹہ چھاؤنی

R.No.......60426

### بعدالت تحصیلدار سیٹلمنٹ / اسسٹنٹ کلکٹر I کوئٹہ

اطلاع برائے عوام الناس

عوام الناس کو تاکید کی جاتی ہے کہ موضع سام خیل اور موضع تالہ حیدرزئی بحکم عدالت سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو بلوچستان فریز کیے جا چکے ہیں کسی بھی قسم کی فردات یا دوسری دستاویزات جاری نہیں کئے جارہے ہیں لہذا اس سلسلے میں عدالتی حکم آنے تک ریونیو عملہ کو کوئی دستاویز جاری کرنے کی اجازت نہیں ہے اور نہ ہی اس طرح کی کسی دستاویز کو مستند سمجھا جائے

R.No.......60425

### بعدالت جناب عبدالرزاق میانی صاحب تحصیلدار چمن

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ مسمی الکوزئی بیوہ محمد علی قوم اچکزئی ملیزئی ایک عدد حلفیہ بیان درخواست شرعی فتویٰ پیش کیا بروئے شرعی فتویٰ محمد علی ولد محمد نائب قوم اچکزئی ملیزئی بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ جائز وارث / وارثان الکوزئی بیوہ، بی بی حاجانی، بی بی طاہرہ، بی بی شافیہ دختران محمد علی قوم اچکزئی ملیزئی ان کے علاوہ کوئی جائز وارث / وارثان نہیں ہے اگر کسی محکمہ تعلق دار حق دار ذمہ دار کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو ایک ہفتہ کے اندر اندر زیر دستخطی کے ہاں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر عذر یا اعتراض کرے معیاد گزرنے پر کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا جائیداد / محال وموضع خشکابہ روغانی حلقہ صدر واقع ہے آج یہ اشتہار مورخہ 31/10/24 کو میرے دستخط ومہر سے جاری ہوا

نمائندہ چمن........

**بقیہ 1 — وزیراعلیٰ**

وترقی کے اعلیٰ مواقع دینا چاہتے ہیں چالیس روز قبل ہم نے طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کا اعلان کیا تھا آج اس وعدے کی تکمیل ہورہی ہے پروفیسر ناظرہ طالب سے منسوب فیکلٹی بلاک کی تعمیر پر بھی جلد کام شروع کردیا جائے گا اور یہ ایک سال کے اندر اندر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا، ہماری خواہش ہے کہ یہ ادارہ صوبے کا مثالی تعلیمی ادارہ بنے اس مقصد کیلئے عملی حکومتی سرپرستی کریں گے طالبات محنت کریں اور پوری لگن سے اپنے روشن مستقبل کی تگ و دو کرتے ہوئے پوری دنیا میں پاکستان اور بلوچستان کا نام روشن کریں، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم اپنے نوجوانوں کو تعلیم یافتہ اور معاشرے کا باوقار فرد بنانا چاہتے ہیں دوسری جانب دہشت گرد نوجوانوں کو ورغلا کر ریاست کے خلاف زہر بھر رہے ہیں اور انہیں خودکش بنا رہے ہیں فیصلہ بلوچستان کی عوام اور نوجوانوں نے کرنا ہے کہ وہ کیسا مستقبل چاہتے ہیں ہم تعلیم اور شعور کے ذریعے دہشت گردوں کو شکست دیں گے مستونگ واقعہ کے رد میں ہر طالب واضح پیغام دے کہ بلوچستان کے نوجوان دہشت گردی کو مسترد کرتے ہوئے ایسی ہر تخریبی سرگرمیوں کی مذمت کرتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ باہر بیٹھے دہشت گرد نوجوانوں کو بلوچستان کی پسماندگی کے نام پر ورغلاتے ہیں اور سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کے حربے استعمال ہوتے ہیں ریاست کے خلاف منظم مہم چلائی جاتی ہے جس کی ایک مثال گزشتہ دنوں شنگھائی تعاون تنظیم کی عالمی کانفرنس کے دوران ایک طالبہ سے مبینہ زیادتی کا بے بنیاد سوشل میڈیا پروپیگنڈا بھی ہے جس کا عملاً کوئی وجود نہیں تھا یہ صرف ملک کو بدنام کرنے کی ایک سازش تھی، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں تعلیمی ترقی کے لئے پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کے تحت میٹرک تا پی ایچ ڈی طالب علموں کو اعلیٰ تعلیم کے بھرپور مواقع فراہم کیے جارہے ہیں اس پروگرام میں سولین شہداء اور اقلیتوں کے لئے بھی غیر معمولی کوٹہ مختص کیا گیا ہے سولہ سال بعد ہم اپنے عہدوں پر نہیں ہوں گے لیکن اقلیتوں سمیت بلوچستان کے سینکڑوں طالب علم دنیا بھر کے تعلیمی اداروں میں زیور تعلیم سے آراستہ ہورہے ہوں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ کرپشن کا ہے ہمیں رشوت خوری اور کرپشن کو روک کر ترقی کے ثمرات عام بلوچستانی تک پہنچانے ہوں گے گڈ گورننس کے ذریعے سرکاری اداروں پر عوام کا اعتماد بحال کرکے ہی مسائل کا پائیدار حل ممکن ہے روز اول ہم نے اسمبلی فلور پر واضح کیا تھا کہ بلوچستان میں اب کوئی نوکری نہیں بکے گی الحمدللہ ہم اپنی اس کمٹمنٹ پر قائم ہیں اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ کرپشن کی روک تھام کیلئے اقدامات کو بار آور بنایا جائے، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمیں اپنی طالبات سے روشن مستقبل کی بہت سی امیدیں وابستہ ہیں اور ہم اپنی بچیوں کو با اختیار دیکھنا چاہتے ہیں اس وقت بلوچستان میں پانچ ڈپٹی کمشنر اور ایک اسسٹنٹ کمشنر انتظامی امور کی انجام دہی کررہی ہیں اور اپنی صلاحیتوں سے انہوں نے اچھی ایڈمنسٹریٹرز ہونے کا عملی ثبوت دیا ہے وہ دن بھی آئے گا جب بلوچستان کی وزیراعلیٰ ایک خاتون ہوں گی تقریب میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بلوچستان میں تعلیمی ترقی اور اصلاحات کے لیے جاری اقدامات کو سراہا اور گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کے تدریسی اسٹاف اور طالبات کے لئے لیپ ٹاپ کی فراہمی اور ادارے کی ترقی کے لئے مختلف ترقیاتی منصوبوں کے قیام کے اعلان پر مسرت کا اظہار کیا تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے پوزیشن ہولڈر طالبات کو لیپ ٹاپ دیئے جبکہ ادارے کی سابق سربراہ راحیلہ رمضان کی طویل تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں بھی لیپ ٹاپ دیا تقریب میں طالبات نے لیپ ٹاپ کی فراہمی پنک اسکوٹیز کی فراہمی کے اعلان اور کالج میں ترقیاتی منصوبوں پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا اور ان اقدامات کو تعلیم نسواں کی ترویج کی جانب تاریخی اور غیر معمولی اقدام قرار دیا۔

**بقیہ 2 — مستونگ دھماکہ**

قریب موٹرسائیکل میں نصب بم کے ذریعے پولیس کی گاڑی کو نشانہ بنایا دھماکے کی زد میں آکر 1 پولیس اہلکار اور 5 بچیوں سمیت 9 افراد پولیس اہلکار محمد حفیظ ذوکی، محمد حبیب ولد محمد انور، سمیع اللہ ولد امان اللہ، صفی اللہ ولد امان اللہ، بی بی خیر النساء ولد عبدالرحمن شہید جبکہ بچیوں سمیت 34 افراد زارہ وہنگر، ملک حمزہ ولد ڈاکٹر محمد حسین، عبدالرزاق ولد حاجی محمد بخش، شاہد علی ولد محمد شفیع، نیرہ ولد امین اللہ، عبدالرزاق، رمیسہ، امان اللہ ولد شکر خان، حاجی محمد، محمد عرفان، اختر علی، ولدار احمد ولد محمد رمضان، انیس الرحمن ولد محمد حیات، نثار احمد ولد عبدالکریم، محمد حسنین ولد محمد علی، بی بی صفا دختر محمد اسماعیل، ایان علی ولد محمد حنیف، نور اللہ ولد شاہ اللہ، محمد اقبال ولد سومر خان، عبدالقدیر ولد غلام مصطفیٰ، بی بی زنیرہ دختر عزیز اللہ، بی بی عمیرہ دختر عزیز اللہ، بی بی رمیہ دختر حاجی میر احمد، بی بی ارم دختر شبیر احمد ترین، امجد شبیر ولد احمد ترین، عائشہ دختر یاسر آئمہ، ہانیہ، ام ارم، تنویر ولد حاجی عبدالقیوم، حبیب ولد محمد انور، سمیع اللہ ولد امان اللہ، صفیع اللہ ولد امان اللہ، خیر النساء دختر عبدالمنان، حاکم علی ولد مولا بخش میں سے 11 زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویشناک حالت میں ٹراما سینٹر کوئٹہ منتقل کردیا گیا جن میں سے 4 کو بعد ازاں سی ایم ایچ منتقل کردیا گیا۔ دھماکے سے پولیس موبائل سمیت متعدد گاڑیوں، رکشوں اور اسکول کی عمارت کو نقصان پہنچا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لیکر زخمیوں اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس اور بم ڈسپوزل کے عملے نے مزید تحقیقات شروع کردی ہیں۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے سول ہسپتال کوئٹہ اور بولان میڈیکل ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کرکے ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کو ڈیوٹیوں پر طلب کرلیا گیا۔

**بقیہ 3 — چیف جسٹس**

کے ایڈمنسٹریٹو جج سے بھی ملاقات کی تھی، چیف جسٹس سے مداخلت کا خط لکھنے والے اسلام آباد ہائیکورٹ کے 6 ججز نے حلف اٹھانے کے اگلے دن ملاقات کی۔

**بقیہ 4 — مسلح افواج**

ملکی سلامتی، دفاع اور امن وعامہ سے متعلق جرائم پر سیکورٹی ادارے کسی بھی شخص کو 3 ماہ تک حراست میں رکھ سکیں گے، بھتہ خوری، ٹارگٹ کلنگ اور اغوا سے متعلق جرم پر بھی 3 ماہ زیر حراست رکھا جاسکے گا جبکہ جرائم میں ملوث شخص کی 3 ماہ سے زائد حراست یا نظر بندی میں شفاف ٹرائل کا حق دیا جائے گا، 3 ماہ سے زائد نظر بندی آرٹیکل 10 اے کے تحت ہوگی جہاں مسلح افواج یا سول مسلح افواج کسی شخص کو زیر حراست رکھنے کے حکم دیں وہاں الزامات پر تحقیقات جے آئی ٹی کرے گی۔

**بقیہ 5 — دورہ قطر**

کیا، وزیراعظم شہباز شریف نے پرتپاک استقبال اور فراخدلی سے مہمان نوازی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور موجودہ تعاون کو بڑے پیمانے پر فروغ دینے کی خواہش کا اظہار کیا، شہباز شریف نے مختلف شعبوں میں قطری ریاست کی جانب سے پاکستان کو فراہم کی جانے والی مسلسل معاونت کو سراہتے ہوئے پاکستان میں اہم اقتصادی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع پر روشنی ڈالی، دورہ قطر پر جاری مشترکہ اعلامیے کے مطابق ملاقات میں دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی جس میں سرمایہ کاری اور تجارت پر خصوصی زور دیا گیا اور دیگر شعبوں میں تعاون پر بات چیت کی گئی، اعلامیے کے مطابق دونوں فریقین نے گزشتہ سرمایہ کاری کے وعدوں کے تناظر میں پاکستان کے متعدد شعبوں میں اہم مواقع پر تبادلہ خیال کیا، باہمی دلچسپی کی اہم علاقائی اور عالمی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی نے دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات کی اہمیت اور اقتصادی شراکت داری کو بڑھانے، تجارتی تبادلے میں اضافے اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی دونوں فریقین کی خواہش پر زور دیا، قطر کے وزیراعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمان الثانی نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں دونوں فریقوں نے دوطرفہ تعلقات کو بڑھانے، معیشت سمیت تجارت، سرمایہ کاری اور ثقافتی تبادلوں میں تعاون کی مختلف راہیں تلاش کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

**بقیہ 6 — عطا تارڑ**

کی عزت میں اضافہ ہوا، پاکستان 24 سال بعد فسکل سرپلس میں گیا، وزیراعظم کا دورہ سعودی عرب اور قطر انتہائی کامیاب رہا، وزیراعظم اپنا دورہ مکمل کرکے وطن واپس آگئے، بالخصوص دورہ سعودی عرب میں ہونے والی ملاقاتیں نتیجہ خیز رہیں، دہشت گردی کا خاتمہ حکومت کی ذمہ داری ہے، خیبرپختونخوا میں غیر سنجیدہ وزیراعلیٰ حکومت چلانے کے لائق نہیں، صحت، تعلیم، اصلاحات کیلئے انہوں نے کیا اصلاحات کیں؟ بہت جلد عوام گریبان پکڑیں گے، اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا معیشت بحالی کی جانب گامزن ہے، حالات میں بتدریج بہتری آرہی ہے، اصلاحات کے مرحلے سے استحکام کی جانب بڑھ رہے ہیں، دورہ سعودی عرب میں ہونے والی ملاقاتیں نتیجہ خیز رہیں بلکہ معیشت کی بحالی اور استحکام میں سعودی عرب کا اہم کردار ہے، حال ہی میں سعودی وزیر سرمایہ کاری پاکستان آئے، 27 مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط ہوئے تھے جن کی مالیت 2.2 ارب ڈالر تھی، انوسٹمنٹ کانفرنس کی سائیڈ لائنز پر سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے وزیراعظم کی انتہائی خوشگوار ماحول میں ملاقات ہوئی، سعودی عرب کے ساتھ مزید معاہدے ہوئے، 5 ایم او یوز پر کام شروع ہو چکا، وزیر اطلاعات نے کہا 600 ملین ڈالر کی اضافی سرمایہ کاری سے معیشت پر مثبت اثر پڑے گا۔

**بقیہ 7 — عادل خان**

لکھ دیا، نواز شریف نے آرٹیکل 63 اے کے تحت عادل بازئی کو نااہل کرنے کا ریفرنس اسپیکر کو بھجوایا تھا، قومی اسمبلی نے عادل بازئی کو نااہل کرکے نشست خالی قرار دینے کا مطالبہ کیا، عادل بازئی آزاد حیثیت سے این اے 262 سے رکن قومی اسمبلی منتخب ہوئے تھے، کامیابی کے بعد عادل بازئی نے مسلم لیگ (ن) کا حلف نامہ جمع کراکر شمولیت اختیار کی تھی، عادل بازئی نے پارٹی قیادت کی ہدایات کے برعکس بجٹ اور 26 ویں آئینی ترمیم میں ووٹ نہیں دیا تھا۔

**بقیہ 8 — چیف جسٹس**

کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے کی، دوران سماعت وکیل درخواست گزار نے استدعا کی سپریم کورٹ تحریری حکم میں متعلقہ فورم سے رجوع کرنے کی ہدایت کردے، کیس کو طویل عرصہ گزر گیا ہے متعلق چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا میں رجسٹرار آفس کے اعتراضات کے خلاف ایک اپیل سن رہا تھا، وکیل نے استدعا کی سپریم کورٹ متعلقہ فورم سے رجوع کرنے کی ہدایت جاری کرے، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ ابھی بھی سپریم کورٹ کے ایک جملہ لکھنے سے 18،18 سال کیسز چلتے رہتے ہیں، حکم میں ایسا کچھ نہیں لکھیں گے جس سے دوبارہ سول کورٹ میں کیس شروع ہو جائے جسٹس شاہد بلال نے وکیل درخواست گزار سے کہا سپریم کورٹ کے لکھے بغیر بھی متعلقہ فورم سے رجوع کرسکتے ہیں، سپریم کورٹ نے متعلقہ فورم سے رجوع کرنے کی ہدایت جاری کرنے کی درخواست گزار کی استدعا مسترد کردی۔

**بقیہ 9 — عبدالعلیم خان**

وفاقی وزراء سعودی حکام سے معاہدوں کو عملی شکل دینے کیلئے سرگرم ہیں اسی سلسلے میں سعودی عرب اور پاکستان کے وزرائے سرمایہ کاری کا ریاض میں اعلیٰ سطح اجلاس ہوا جس میں سعودی وزیر خالد بن عبدالعزیز اور وفاقی وزراء عبدالعلیم خان و مصدق ملک شریک ہوئے، سرمایہ کاری کیلئے وزراء کے درمیان فالو اپ جاری رکھنے اور کام کی رفتار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا

**بقیہ 10 — بشریٰ**

سے چیک کرایا تھا، معالج کے کہنے پر بشریٰ نے لاہور میں قیام بڑھایا، کسی پارٹی رہنما سے ملاقات شیڈول نہیں، مختصر قیام کے بعد واپس خیبرپختونخوا روانہ ہوجائیں گی۔

**بقیہ 11 — بلاول بھٹو**

شتی تاریخیں اور شیڈول طے ہورہا تھا تاہم اب پیر میں چوٹ آنے کے باعث معاملہ التوا کا شکار ہوگیا، دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے فون کرکے خیریت پوچھی، صدر کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

**بقیہ 12 — ہندو برادری**

ہونے والوں کے لواحقین کے ساتھ دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہندو برادری لواحقین کے اس دکھ کی گھڑی میں برابر کی شریک ہے اور برادری آج دیوالی کی ساری تقریبات منسوخ کرنے کا اعلان کرتی ہے۔

**بقیہ 13 — صوبائی بجٹ**

، میر سلیم کھوسہ، رکن صوبائی اسمبلی میرز امدر یکی بھی موجود تھے، اقلیتی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ محب وطن اقلیتی برادری نے ہمیشہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا کلیدی کردار ادا کیا ہے بلوچستان میں تمام اقلیتیں مقامی افراد کے ساتھ کئی نسلوں سے غم و خوشی اور معاشرتی رہن و سہن میں برابر کی شریک رہتی ہیں ہم اقلیتوں کو خود سے الگ نہیں سمجھتے انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے صوبائی بجٹ میں غیر معمولی وسائل مختص کیے گئے ہیں، بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار شروع کیے گئے بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام میں سالانہ 100 نشستیں اقلیتوں کیلئے مختص کی گئی ہیں اس کے علاوہ تاریخی ہنگلاج مندر سمیت اقلیتوں کی مذہبی عبادت گاہوں اور کمیونٹی ہالز کی تعمیر و مرمت کے منصوبے ترقیاتی منصوبوں کا حصہ ہیں اقلیتی وفد نے وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے تشکیل دیے گئے اقدامات پر اطمینان و مسرت کا اظہار کیا اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہندو کمیونٹی کو ان کے مذہبی تہوار دیوالی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ میری طرف سے دنیا بھر کے ہندوؤں کو مذہبی تہوار کی خوشیاں مبارک ہوں۔

**بقیہ 14 — ڈسٹرکٹ ہسپتال**

داخل ہیں، 2 زخمیوں کو طبی امداد کے بعد فارغ کردیا گیا 4 زخمی سی ایم ایچ میں، 12 زخمی نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال مستونگ ڈسٹرکٹ ہسپتال میں 10، ٹراما سینٹر میں 7 زخمی جن میں زارہ، ملک حمزہ، عبدالرزاق، شاہد علی، زنیرہ، عبدالرزاق، رمیسہ سی ایم ایچ میں 4 زخمی محمد عرفان، اختر علی، ولدار احمد، انیس الرحمان، نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال میں نثار احمد، محمد حسنین، بی بی صفا، ایان علی، نور اللہ، محمد اقبال، عبدالقدیر، بی بی زنیرہ، بی بی عمیرہ، بی بی رمیہ، بی بی ارم، امجد شبیر، مستونگ ڈسٹرکٹ ہسپتال میں عائشہ، آئمہ، ہانیہ، ام ارم، تنویر، حبیب، سمیع اللہ، صفیع اللہ، خیر النساء، حاکم علی زیر علاج ہیں۔

**بقیہ 15 — جی ایچ کیو**

نقول فراہم کردیں تاہم سابق وزیراعظم نے فرد جرم صحت سے انکار کردیا، بانی پی ٹی آئی کو نقول فراہمی کیلئے انسداد دہشتگردی عدالت کے جج امجد علی شاہ اڈیالہ جیل آئے، فرد جرم 8 نومبر کو عائد کی جائے گی، فرد جرم صحت سے انکار کرتے ہوئے عمران خان نے کہا میرا کیس سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ میں تو گرفتار تھا، دوسری جانب شاہ محمود قریشی کو لاہور جیل ہونے کے باعث چالان کی نقول تقسیم نہ ہوسکیں، سابق وزیرخارجہ کو چالان کی نقول تقسیم کا معاملہ کل تک مؤخر، ملزمان کو انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی میں چالان کی نقول تقسیم کی جائیں گی، بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سمیت ملزموں پر مجموعی طور پر 27 سنگین دفعات عائد کی گئی ہیں، چالان کے مطابق ملزمان نے سابق صوبائی وزیر قانون راجہ بشارت قیادت میں جی ایچ کیو پر حملہ کیا، جی ایچ کیو گیٹ پر دھاوا بولا گیا اور گیٹ توڑ دیا، فوجی جوانوں نے منع کیا مگر باز نہیں آئے اور توڑ پھوڑ کرتے رہے، حساس عسکری املاک توڑی اور آگ لگائی گئی

**بقیہ 16 — توشہ خانہ ٹو کیس**

پیر کو کیس سماعت کے لیے مقرر کرنے کی ہدایت کردی، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کیس پر سماعت کی، بانی پی ٹی آئی کی جانب سے عائشہ خالد، شاہینہ شہاب و دیگر وکلاء عدالت پیش ہوئے، بانی کی توشہ خانہ کیس میں ضمانت کی درخواست پر عدالت نے درخواستگزار کے وکیل سے استفسار کیا یہ کیا ہے؟

**بقیہ 17 — ریفرنس**

نہ ہوسکی، احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے عمران خان، بشریٰ کیخلاف 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس پر سماعت کی، بانی پی ٹی آئی کو کمرہ عدالت میں پیش کیا گیا لیکن بشریٰ عدالت پیش نہ ہوئیں، سابق خاتون اول کے وکیل عثمان گل نے بشریٰ کی طبی بنیادوں پر حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کرتے ہوئے موقف اپنایا کیس کی سماعت بدھ تک ملتوی کی جائے، نیب پراسیکیوٹر نے وکیل صفائی کی درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے کہا جان بوجھ کر کیس کو طول دینے کی کوشش کی جارہی ہے، 35 سماعتیں ہوچکیں کیس کے آخری گواہ پر جرح مکمل نہیں کی جارہی۔

**بقیہ 18 — عمر ایوب**

لیے دہشت گردی کا جڑ سے خاتمہ ناگزیر ہے، وطن کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان فخر ہیں، اپنے بیان میں عمر ایوب نے کہا ہمیں 8 دہشتگرد ہلاک کرنے پر جوانوں کو جذبہ اور اصل کرنا جوانوں کی بہادری و عزم کا ثبوت ہے

**بقیہ 19 — صوبائی وزراء**

رکن صوبائی وزیر حاجی میر علی مدد جتک پارلیمانی سیکرٹری سردار مسعود خان لونی اراکین اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل حاجی محمد خان طور اوتمان خیل نے مستونگ سانحہ کو دلخراش اور افسوسناک واقعہ قرار دیتے ہوئے سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اسکول کے طلباء کو نشانہ بنانا تعلیم اور قوم دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے انہوں نے کہا کہ قبائلی روایات میں خواتین اور بچوں کو کسی صورت نشانہ نہیں بنایا جاتا یہ ہماری روایات کے برعکس ہے دشمن عناصر اپنے بیرونی آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے جو گھناؤنا کھیل کھیل رہے ہیں انہیں ہر فورم پر ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا اور وہ قانون کی گرفت سے کسی صورت نہیں بچ پائیں گے انہوں نے شہید ہونے والے بچے بچیوں اور پولیس اہلکار کے لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس غم کی گھڑی میں ان کے ساتھ شریک ہیں انہوں نے ہسپتال کے عملہ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ زخمیوں کے علاج ومعالجہ میں کسی بھی قسم کی کمی نہ رہنے دی جائے ان شاء اللہ جلد دہشت گردوں کو گرفتار کرکے دم لیں گے دریں اثناء صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے مستونگ میں سکول کے قریب بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دھماکے کے نتیجے میں طلبہ ودیگر لوگوں کی شہادت پر افسوس ہوا انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں اور شہریوں کو قتل کرنے والے دہشت گرد انسان کہلانے کے لائق ہی نہیں۔

**بقیہ 20 — گنڈاپور**

کورہائی کے بعد ملاقات کیلئے وزیراعلیٰ ہاؤس کے پی بلایا، رہائی پانے والے ریسکیو اہلکاروں میں فائر فائٹرز، ڈرائیورز، میڈیکل ٹیکنیشنز اور دیگر عملہ شامل ہے، وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور اور ایم پی اے فیصل امین گنڈاپور نے ریسکیو اہلکاروں کا استقبال کیا، گل پاشی کی، ویڈیو بھی بنائی گئی۔

**بقیہ 21 — بم موٹر سائیکل**

کے مطابق بم موٹرسائیکل میں نصب کیا گیا تھا، دھماکے میں 10 کلو وزنی بارودی مواد استعمال کیا گیا۔

**بقیہ 22 — عرفان صدیقی**

سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا پی ٹی آئی سیاسی فائدے کے حصول کیلئے پروپیگنڈے اور سازشی نظریوں کو بروئے کار لانے کا ماضی رکھتی ہے، قانون کا اطلاق تمام قیدیوں پر یکساں طور پر کیا جائے گا، کوئی رعایت نہیں کی جائے گی

**بقیہ 23 — ٹراما سینٹر**

کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اپنی نگرانی میں زخمیوں کو فوری اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایات جاری کیں اس موقع پر انہوں نے ٹراما سینٹر کے ایم ڈی ارباب کامران کو ہدایت دی کہ زخمیوں کے علاج میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے اور انہیں بروقت سہولیات فراہم کی جائیں

**بقیہ 24 — علیمہ خان**

کردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا یہ لوگ نالائق ہیں اس طرح ایف آئی آرز کاٹ رہے ہیں، نظام بوسیدہ ہوچکا ان لوگوں کا مذاق بنا رکھا ہے، عمران خان اس بوسیدہ نظام کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں

**بقیہ 25 — تین روزہ سوگ**

کے دلخراش واقعہ پر غم و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ میں 7 افراد کی شہادت اور 35 سے زائد افراد جن میں طلباء و طالبات بھی شامل ہیں کا زخمی ہونا کسی المیہ سے کم نہیں جس کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے اس دلخراش واقعہ میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے حکومتی ارباب و اختیار کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے تک پہنچائے بیان میں سانحہ مستونگ کے بعد آج 2 نومبر کو پہیہ جام ہڑتال منسوخ اور 3 روزہ سوگ کا اعلان کیا گیا ہے پارٹی بیان میں پارٹی رہنماؤں و کارکنوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ زخمیوں کی جس حد تک ممکن ہو سکے مدد کریں اور جاں بحق افراد کے لواحقین کے غم میں شریک ہو کر مشکل وقت میں ان کا ساتھ دیں پارٹی بیان میں مزید کہا گیا کہ پہیہ جام ہڑتال کے حوالے سے شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائیگا دریں اثناء

**بقیہ 26 — شیر افضل**

کمیں رکھنا چاہ گو ازیں پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل بیرسٹر سلمان اکرم راجہ نے کہا شیر افضل مروت کا اپنا نکتہ نظر ہے ہم دیوار سے سر نہیں پھوڑنا چاہتے، شیر افضل مروت کو موقع دے رہے ہیں، انہوں نے ڈسپلن کا مظاہرہ نہ کیا تو کارروائی کریں گے۔

**بقیہ 27 — وزیر قانون**

دیکھتے ہیں، کن اراکین کے نام ای سی ایل میں ہیں یا نہیں لسٹ کی سکروٹنی کریں گے، اعظم نذیر تارڑ نے مزید کہا ایک مرتبہ ای سی ایل میں نام شامل ہو جائے تو پھر ریویو میں جانا پڑتا ہے، ریویو کا اختیار وفاقی حکومت کے پاس ہے، ذیلی کمیٹی ہوتی ہے جس کی سربراہی مجھے سونپی گئی جو ریویو بھی کرتے ہیں پوری توجہ کیساتھ سنتے ہیں

**بقیہ 28 — امریکی سفارتخانے**

کے تحت گرفتار اسیر ملزمان سے ملاقات کی جیل ذرائع کا کہنا ہے امریکی سفارتخانے کے وفد کو ملزمان سے ملاقات ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ جیل کے آفس میں کرائی گئی، امریکی سفارتخانے کے وفد نے ایک گھنٹے تک قیدیوں سے ملاقات کی جیل ذرائع کا بتانا ہے وفد کو امریکی شہریوں عابد ملک، صدیقہ سعید، ایلکس پلیڈو تک قونصلر رسائی دی گئی، امریکی سفارتخانے کے وفد میں عرفان جان، مائیکل مرفی اور راحیل جاوید شامل تھے۔

**بقیہ 29 — پریکٹس**

آرڈیننس پیش کیا، سینیٹ نے پریکٹس اینڈ پروسیجر ترمیمی آرڈیننس متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا، پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کے سیکشن 2 میں ایک ذیلی شق شامل کی گئی ہے جس کے تحت کمیٹی میں چیف جسٹس پاکستان کے علاوہ سینئر ترین جج اور ایک جج چیف جسٹس پاکستان کا نامزد کردہ جج شامل ہوگا سیکشن 3 کی ذیلی شق 2 کے تحت اور آرٹیکل 184 کی شق 3 کے تحت معاملے پر سماعت سے قبل مفاد عامہ کی وجوہات دینا ہوں گی، آرڈیننس میں سیکشن 7 اے اور 7 بی کو شامل کیا گیا، 7 اے کے تحت ایسے مقدمات جو پہلے دائر ہوں گے انہیں پہلے سنا جائے گا اور اگر کوئی عدالتی بینچ اپنی باری کے برخلاف کیس سنے گا تو اسے اس کی وجوہات دینا ہوں گی۔

**بقیہ 30 — حج اخراجات**

کابینہ دے گی، عازمین سے اخراجات کی اقساط میں وصولی کی تجویز حج پالیسی میں شامل ہیں، حاجیوں سے 11 لاکھ روپے 3 قسطوں میں وصول کرنے کی تجویز ہے، حج پر جانے کے خواہشمند افراد 2 لاکھ روپے دے کر درخواست دے سکیں گے، پیش کردہ تجویز کے مطابق قرعہ اندازی میں نام آنے پر مزید 4 لاکھ روپے جمع کرانا ہوں گے، باقی رقم حج پر روانگی سے قبل جمع کرانا لازم ہوگی۔

**بقیہ 31 — قائمہ کمیٹی سینٹ**

پی ٹی آئی، جے یو آئی نے سپریم کورٹ کے ججز کی تعداد بڑھانے کی مخالفت کردی، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف نے کہا 25 ججز میں ایک چیف جسٹس اور 24 ججز شامل ہوں گے، تحریک انصاف کے سینیٹر حامد خان نے کہا اس طرح قانون سازی میں اختلاف ہے، ججز تعیناتی کا ایسا طریقہ کار عدلیہ کی آزادی پر حملہ ہے، 26 ویں ترمیم سے عدلیہ کو بہت سخت نقصان پہنچایا ہے، جب کسی ملک کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو ججز کی تعداد بڑھا دی جاتی ہے کیونکہ مرضی کے فیصلے نہیں آرہے ہوتے، آپ بتائیں آپ کی حکومت کیا کرنا چاہ رہی ہے

**بقیہ 32 — اداکارہ نرگس**

رات تھانے آئیں لیکن ابھی تک کوئی درخواست نہیں دی، اداکارہ نرگس نے چند برس پہلے انسپکٹر ماجد بشیر سے شادی کی تھی، نرگس شادی کے بعد شوبز کی دنیا کو خیر باد کہہ کر بیوٹی سیلون چلا رہی ہیں، نرگس کے بھائی کے مطابق انسپکٹر ماجد بشیر روانہ میری بہن پر تشدد کرتا ہے

**بقیہ 33 — فلور ملز**

اوپن میں 1800 روپے من میں ملنے والے بیس کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 1940 تک جا پہنچی فلور ملز مالکان کا کہنا ہے کہ پنجاب اور سندھ سے گندم بلوچستان آنے نہیں دی جارہی ہے جبکہ صوبے کے گندم سندھ جارہی ہے بلوچستان کے محکمہ خوراک نے رواں سال گندم خریدی ہی نہیں ہے

**بقیہ 34 — خیبرپختونخوا حکومت**

کرنا چاہتے ہیں، خیبرپختونخوا بورڈ آف انوسٹمنٹ کی جانب سے وفاقی وزارت تجارت کو خط میں کہا گیا پی آئی اے قومی اثاثہ ملکی پہچان ہے

**بقیہ 35 — گورنر بلوچ**

ہے عوام کے ٹیکس ہی حکومتوں کو ضروری بنیادی ڈھانچے، ترقیاتی منصوبوں اور سماجی بہبود کے پروگراموں پر خرچ ہوتی ہے اس ضمن میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) نے صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 27 بلین ٹیکس جمع کر کے ایک نئی تاریخ رقم کی ہے جس کیلئے چیئرمین بی آر اے نور الحق بلوچ اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کی مستحق ہے بلاشبہ ان کی انتھک کوششوں نے ہمیں اپنے ترقیاتی اہداف کے قریب لایا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج گورنر ہاؤس کوئٹہ میں چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نور الحق بلوچ کے ساتھ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا

**بقیہ 36 — دنیش کمار**

دیوالی سرکاری سطح پر منائی گئی، گنڈاپور نے کہیں خیبرپختونخوا میں بھی منائیں گے، بلوچستان میں مذہبی ہم آہنگی ہے وہ آپ کو پوری دنیا میں نہیں ملے گی، بہت خوشی ہوئی مریم نواز نے ہندو برادری کے ساتھ مل کر دیوالی منائی۔

**بقیہ 37 — علیمہ، عظمیٰ خان**

عرفان حیدر نے تھانہ شفیق آباد اور لاڑی اڈا میں درج مقدمات جبکہ ایڈمن جج مظفر علی گل نے ستی گیٹ تھانہ کیس پر سماعت کی۔

**بقیہ 38 — ایف بی آر**

کے پہلے 4 مہینوں میں 3631 ارب 40 کروڑ روپے کے محصولات اکٹھے کرنا تھے لیکن 4 مہینوں میں 3442 ارب 60 کروڑ روپے اکٹھے کیے گئے، رواں مالی سال کے پہلے 4 ماہ کے دوران 169 ارب روپے زیادہ ریفنڈ کیا اور اکتوبر کے مہینے میں 879 ارب روپے کے محصولات اکٹھے کیے، ذرائع ایف بی آر کے مطابق ایف بی آر نے اکتوبر میں 980 ارب روپے ٹیکس اکٹھا کرنا تھا۔

**بقیہ 39 — زہری**

کی گہرے پانی میں گر کر جاں بحق ہوگئی۔ جس کی نعش نکال کر ورثا کے حوالے کی گئی۔

**بقیہ 40 — شمس کرد**

پولیس افسران اور سیکورٹی اداروں کی حفاظت پر خرچ کی جارہی ہے عام آدمی سڑکوں پر محفوظ ہے نہ ہی گھروں میں سانحہ مستونگ نے ایک بار پھر حکومت کے قیام امن کے دعوؤں کی حقیقت بے نقاب کردی ہے۔

**بقیہ 41 — سیدال**

میں مقامی افراد کو بھی دہشت گردوں پر نظر رکھنی ہوگی مل جل کر ہی دہشت گردی کے عفریت کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔

**بقیہ 42 — سینیٹ ہال**

رہنماؤں اختر حسین اور شفیع محمد کیخلاف کیس پر سماعت کی، 2 روز کا جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے کے بعد عدالت میں پیش کیا، سماعت کے دوران تفتیشی افسر کی جانب سے اسلحہ برآمدگی کیلئے مزید ریمانڈ مانگنے پر عدالت نے سوال کیا گزشتہ 2 روز ریمانڈ میں کیا کیا؟ کون سا اسلحہ برآمد کرانا ہے؟ کسی نے بیان دیا؟ جج طاہر عباس سپرا نے سوال کیا سینٹ ہاؤس کی سکیورٹی کا سربراہ کون ہے؟ سکیورٹی سے پوچھنا چاہیے کوئی کارروائی ہوئی؟

**بقیہ 43 — اوستہ محمد**

وڈی آئی جی نصیرآباد رینج ایاز احمد بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ایس پی اوستہ محمد محمد انور بادینی کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد خادم حسین مگسی کی زیر نگرانی میں انسپکٹر محمل خان جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ گنداخہ نے دوران اسپیشل مہم گرفتاری قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم میانداد ولد اسماعیل قوم جمالی کو گرفتار کیا ہے جبکہ اسکے۔ قبضہ سے وقوعہ میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کرالیا گیا جبکہ انسپکٹر محمد علی جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ باغ ہیڈ نے بھاری پولیس نفری کے ہمراہ دوران اسپیشل گرفتاری مہم میں روپوش ملزمان 1۔ عبدالعزیز 2۔ محمد شریف 3۔ غلام نبی پسران ولی محمد 4۔ محمد خان ولد اللہ داد اقوام مگسی ساکنان نزد جوان چوک کو گرفتار کرلیا مزید کارروائی مقامی پولیس کررہی ہے۔

**بقیہ 44 — بارڈر سکیورٹی**

اشتہاری و مطلوب ملزموں کی اندرون اور بیرون ملک سفر کرنا ناممکن ہوگا، بائیو میٹرک مشینیں ایئر پورٹس انٹیگریٹڈ امیگریشن کاؤنٹرز پر لگائی جائیں جس سے مسافروں کی مؤثر جانچ پڑتال کو یقینی بنایا جائے گا، اقدام کا مقصد سکیورٹی کو مزید بہتر اور بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانا ہے۔

**بقیہ 45 — نواب اسلم رئیسانی**

، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف آف سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ کا دورہ کیا۔ مستونگ کے دلخراش واقعے کے مریض جو ہسپتال میں داخل تھے ان کی عیادت کی۔ ہسپتال کے سی ای او ڈاکٹر سعید احمد میروانی نے ممبر صوبائی اسمبلی، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف آف سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی کو ہسپتال میں آج کی ایمرجنسی صورتحال کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ ایم پی اے مستونگ، نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے آج کے واقعے پر انتہائی برہمی اور افسوس کا اظہار کیا اور آج کے واقعے میں شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ کی انتظامیہ اور ڈاکٹرز و دیگر اسٹاف کی خدمات کو سراہا

**بقیہ 46 — جام کمال خان**

کو کیفر کردار تک پہنچانا ضروری ہے، قوم کے عزم کو کمزور نہیں ہونے دیں گے، دہشت گردی کے خلاف مشترکہ اقدامات کو مؤثر بنانے کی ضرورت ہے خیال رہے کہ آج مستونگ میں گرلز ہائی اسکول سول اسپتال چوک پر بم دھماکا ہوا ہے، جس کے نتیجے میں 8 افراد جاں بحق اور 30 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق افراد میں 5 اسکول کے بچے، 1 پولیس اہلکار اور 1 راہ گیر شامل ہے جبکہ زخمیوں میں بھی زیادہ تر اسکول کے بچے شامل ہیں، جن کی عمریں 10 سے 13 سال ہیں۔ زخمیوں کو مقامی اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ریموٹ کنٹرول دھماکا خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب تھا۔

**بقیہ 47 — چیئرمین**

کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں پی اے سی ممبران فضل قادر مندوخیل، اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نصراللہ جان، ڈی جی آڈٹ شجاع علی، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال، محکمہ خزانہ کے ایڈیشنل سیکرٹری محمد عارف، ڈی جی خزانہ سیف اللہ مینگل و دیگر نے شرکت کی اجلاس میں سیکرٹری خزانہ شریک نہ ہی محکمہ کی جانب سے آن لائن پی اے سی پورٹل پر پیراز کے جواب اپ لوڈ کیے گئے کمیٹی نے اجلاس میں سیکرٹری خزانہ کی عدم شرکت پر محکمہ کے خلاف کارروائی کیلئے چیف سیکرٹری کو مراسلہ بھیجنے کا فیصلہ کیا اور کہا گیا کہ محکمہ خزانہ کے خلاف کارروائی نہ ہونے تک پی اے سی محکمہ خزانہ کی کوئی میٹنگ نہیں بلائیگی کیونکہ محکمہ خزانہ ڈیپارٹمنٹ کے آڈٹ پیراز پر کوئی جوابدہی کے لئے تیار نہیں۔

**بقیہ 48 — خضدار**

دینے کے بعد مزید ایمبولینس کے ذریعے زخمیوں کو باغبانہ سے خضدار ٹراما سینٹر منتقل کیا گیا جہاں زخمیوں کی باقاعدگی سے علاج معالجہ شروع کردیا۔

**بقیہ 49 — ممتاز زہری**

اور نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ عمل ہے۔ انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں واقعے میں معصوم جانوں کے ضیاع پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مستونگ دھماکے میں معصوم بچوں، پولیس اہلکار اور دیگر کی شہادت انتہائی افسوسناک ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ معصوم بچوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور واقعے میں ملوث دہشت گرد عناصر کو جلد جہنم واصل کردیا جائے گا۔ انہوں نے شہید ہونے والے بچوں و دیگر افراد کے لواحقین کے ساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم شہداء اور زخمیوں کے لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ معصوم شہریوں اور بچوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا بزدلانہ و مکروہ حرکت ہے۔

**بقیہ 50 — مہنگائی**

68 پیسے مہنگا ہوا، جلانے کی لکڑی، تازہ دودھ، دہی، بیف بھی مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہے، ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر کی کلو 16 روپے 43 پیسے سستے ہوئے، گزشتہ ہفتے چکن فی کلو 45 روپے 86 پیسے سستی ہوئی، چینی، پیاز، گڑ، 20 کلو آٹے کا تھیلا بھی سستی ہونیوالی اشیا میں شامل ہے۔

**بقیہ 51 — پشتونخوامیپ**

عہد بیدار ملک اور صوبے میں مسلط فارم 47 کے نام نہاد وفاقی پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلی اور ان کے ذریعے غیر نمائندہ حکومتوں کے خلاف اپنا قومی سیاسی جمہوری کردار ادا کرتے ہوئے ان سے نجات کے لیے ملک کے سیاسی جمہوری قوتوں کا

**بقیہ 52 — چیف سیکرٹری**

ساتھ دے گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ نام نہاد پارلیمنٹ سے 26 ویں آئینی ترمیم میں زور زبردستی، دھونس، دھمکیوں اور پارلیمنٹ ممبران کے اغوا کی صورت میں اس کی منظوری دراصل عدلیہ اور آئین پر حملے کے مترادف ہے۔

پرائیڈیشنل چیف سیکرٹری بلوچستان نے کہا کہ بم دھماکے کے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر چھوڑ نہ رکھی جائے۔ حکومت زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کرے گی انہوں نے زخمیوں کی عیادت کی اور فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کی اس موقع پر انہوں نے زخمیوں کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

**بقیہ 53 — ایف بی آر**

روپے اکٹھے کرنے ہیں لیکن ابھی تک صرف 775 ارب اکٹھے ہوسکے ہیں، دوسری جانب چیئرمین ایف بی آر کی ہدایت پر ایڈوانس اسٹاک رجسٹر سسٹم لانچ کر دیا گیا، ایف بی آر کے مطابق جدید سسٹم سے افسران کو رجسٹرڈ افراد کے ڈیٹا تک مکمل رسائی ہوگی، ٹیکس افسران تفصیلی ڈیٹا حاصل کرکے ٹیکس کا درست تخمینہ لگا سکیں گے، ایف بی آر کے مطابق نئے سسٹم کے تحت مرکزی اور شفاف ڈیٹا ایکو سسٹم کے ذریعے ٹیکس قوانین کی پیروی یقینی بنائی جاسکے گی۔

**بقیہ 54 — اسلامی نظریاتی کونسل**

سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ زیر تربیت ججز نے ڈاکٹر عطاء اللہ خلجی، ڈائریکٹر شریعہ اکیڈمی کی سربراہی میں اسلامی نظریاتی کونسل کا دورہ کیا چیئرمین نے مزید کہا کہ کونسل ایک اجتہادی ادارہ ہے جو قانون ساز اداروں کو قانون سازی کے مختلف مراحل میں سفارشات پیش کرتا ہے انہوں نے کہا کہ احوال شخصیہ کے اعتبار سے کونسل کی سفارشات پر مبنی قانون سازی تنسیخ نکاح، طلاق اور خلع جیسے معاملات اور عدالتی فیصلوں کو برطابق شریعت بنانے کے ہے انہوں نے خصوصیت کیساتھ تین طلاقیں اکٹھی دینے پر تعزیری سزا کے نفاذ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس سے ملک میں طلاق کی شرح یقینی طور پر کم ہوجائے گی چیئرمین کونسل نے کہا کہ دوسرا نکاح ثالثی کونسل سے اجازت کے بغیر کئے جانے پر سزا غیر شرعی ہے اس حوالے سے ملکی قانون کو شریعت کے مطابق تشکیل دیا جائے اور قرآنی حکم کے مابین ازواج انصاف کیلئے ہی تفصیلات متعین کی جاسکتی ہیں

**بقیہ 55 — میر ظہور بلیدی**

سخت حفاظتی اقدامات کرکے لوگوں کی جان ومال کی حفاظت کو یقینی بنائے گی۔

**بقیہ 56 — دھماکے**

اور ہسپتال کے ایمولینسز کو بھی الرٹ رہنے کی تاکید کی تاکہ زخمیوں کو بروقت ابتدائی طبی امداد فراہم کی جاسکے۔ ہسپتال میں زخمیوں کے آنے سے قبل ہی ہسپتال کا عملہ ڈاکٹرز، سرجنز، انستھیلٹس اور دیگر عملہ ہسپتال میں موجود اور الرٹ تھا۔ ہسپتال میں دیگر عملے کے علاوہ ڈاکٹرز کی تعداد 18 تھی۔ جن میں 1,3 میڈیکل آفیسرز (ڈاکٹرز) 4 سرجنز و انستھیٹکس اور ہسپتال کے آر ایم او موجود تھے۔ مستونگ سٹی کے افسوسناک واقعے کے زخمیوں کو ہسپتال لایا گیا۔ ہسپتال میں لائے جانیوالے زخمیوں کی تعداد 21 تھی۔

**بقیہ 57 — کوئٹہ**

۔بلوچستان کے سیکرٹری اربن ڈویلپمنٹ امید علی کھوکھر نے بتایا کہ صوبائی حکومت نے صوبے کے شہروں کے ماسٹر پلان بنانے پر کام تیز کردیا ہے کوئٹہ کا ماسٹر پلان لاہور کی ایک فرم بنارہی ہے جس نے تقریباً 50 فیصد کام مکمل کرلیا ہے توقع ہے کہ کوئٹہ کا ماسٹر پلان آئندہ سال جون تک بن جائے گا، سیکرٹری اربن ڈویلپمنٹ نے بتایا کہ بلوچستان کے دیگر 32 شہروں کے ماسٹر کوئٹہ کا ایک ادارہ بنا رہا ہے تاہم ان 32 شہروں کے ماسٹر پلان آئندہ سال دسمبر تک مکمل ہونے کا امکان ہے

**بقیہ 58 — کلرک**

جائے تاکہ آئندہ کوئی ایسی گھنونی حرکت نہ کر سکے۔ ترجمان صدر آصف علی زرداری و مشیر صنعت و حرفت بلوچستان میر علی حسن زہری نے ذاتی حیثیت میں 25 لاکھ روپے فیس ادا کرنے کا اعلان کر دیا۔ یاد رہے کہ ژوب میں اسکول کلرک نے سینکڑوں طالبات کی امتحانی فیس کے لاکھوں روپے خرد برد کیے تھے جس کے بعد گھمبیر صورتحال پیدا ہوگئی تھی۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ وہ نہیں چاہتے کہ 878 طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں میں خلل آئے انہوں نے کہا کہ وہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے اور طلبہ وطالبات کی بہتر تعلیم کے لئے ہر ممکن اقدامات کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ طلباء کے مستقبل سے کھیلنے والے افراد کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں اور جو بھی عناصر اس مکروہ عمل کا حصہ ہیں ان کے خلاف سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ اس طرح کے واقعات کی حوصلہ شکنی ہو سکے اور کسی ایک فرد کی نااہلی کی وجہ سے ہم اپنے بچوں کے مستقبل کو خراب نہیں ہونے دیں گے۔

**بقیہ 59 — بی ایس او**

تصاویر اٹھا رکھی تھی مظاہرے میں ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ، چو بلوچ، ڈاکٹر صبیحہ بلوچ، سمی بلوچ، سمیت دیگر بھی موجود تھے احتجاجی مظاہرین سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے نوجوانوں کو تعلیمی اداروں سے لاپتہ کیا جارہا ہے آج دولاپتہ ہوئے ہیں تو کل پتہ نہیں کتنے لاپتہ ہوں گے طاقت ور قوتوں اور ریاست نے ہمیں ڈرایا ہے جب بھی بلوچ اپنے حقوق کیلئے آواز بلند کرتے ہیں انہیں ڈرانے کی کوشش کی جاتی ہے چھوٹے بچے بھائی احتجاج کرتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ ہمارا کیا قصور ہے ہمارا قصور صرف بلوچستان کی سرزمین کا وارث اور بلوچ ہونا ہے ہم اپنے وسائل اور حقوق کے حصول کی بات کرتے ہیں جیسے سیہل اور فصیح بلوچ کرتے ہیں۔

**بقیہ 60 — مولانا واسع**

حکومت اور پولیس کی ناکامی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں ہے انہوں نے شہید ہونے والے بچوں بچیوں اور پولیس اہلکار کی لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس سانحہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ بلوچستان میں خراب امن وامان کی صورتحال پر گزشتہ روز جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی مجلس عاملہ کے اجلاس میں بھی تشویش کی گئی اور حکومت کی غفلت کی مذمت کی گئی۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ملوث عناصر کی فوری گرفتاری کے لیے احکامات جاری کریں۔ انہوں نے کہا کہ زخمی ہونے والے بچوں کے علاج معالجے میں خاص خیال رکھا جائے۔ مولانا عبدالواسع، آغا محمود شاہ اور مجلس عاملہ کے اراکین نے شہداء کے ایصال ثواب اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی ہے۔

**بقیہ 61 — ہدایت الرحمان**

[illegible]

**بقیہ 62 — جمال رئیسانی**

[illegible]

**بقیہ 63 — سکول**

[illegible]

**بقیہ 64 — اشوک کمار**

[illegible]

**بقیہ 65 — جمعہ**

[illegible]

**بقیہ 66 — مستونگ**

[illegible]

**بقیہ 67 — صحت کا نظام**

[illegible]

**بقیہ 68 — نیشنل پارٹی**

[illegible]

**بقیہ 69 — پی آئی اے**

[illegible]

**بقیہ 70 — جمعیت**

[illegible]

**بقیہ 71 — اسلم بلوچ**

[illegible]

**بقیہ 72 — ثناء اللہ زہری**

[illegible]

**بقیہ 73 — جے یو آئی**

[illegible]

**بقیہ 74 — سینیٹر قادر**

[illegible]

**بقیہ 75 — وزیراعظم**

[illegible]

**بقیہ 76 — سینیٹر کہدہ بابر**

[illegible]

**بقیہ 77 — عبدالرحمٰن رفیق**

[illegible]

**بقیہ 78 — احسن اقبال**

[illegible]

**بقیہ 79 — پارٹی**

[illegible]

**بقیہ 80 — حکومت**

[illegible]

# محکمہ خزانہ کا رویہ متکبرانہ، اسمبلی میں سیکرٹری کیخلاف تحریک استحقاق جمع کرادی، پی اے سی

اجلاس میں سیکرٹری خزانہ شریک نہ ہی پیراز کے جوابات دیئے گئے کارروائی کیلئے چیف سیکرٹری کو مراسلہ ارسال کر دیا' چیئرمین پی اے سی

اصغر علی ترین اجلاس میں سیکرٹری خزانہ کی عدم شرکت پر برہم' محکمے کیخلاف کارروائی نہ ہونے تک ڈیپارٹمنٹ کی کوئی میٹنگ نہ بلانے کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اصغر علی ترین نے سیکرٹری خزانہ کے پی اے سی اجلاس میں عدم حاضری پر غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ محکمے کا رویہ متکبرانہ ہے اور پی اے سی کے لئے احترام نہ ہونے کو ظاہر کرتا ہے، پی اے سی ممبران نے سیکرٹری خزانہ بلوچستان کے خلاف صوبائی اسمبلی میں تحریک استحقاق جمع کرادی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس جمعہ کو چیئرمین......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

سابق وزیراعلیٰ نواب محمد اسلم رئیسانی شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ میں دھماکے میں زخمی ہونیوالے مریضوں کی عیادت کررہے ہیں

## تحصیل زہری میں خاتون پانی کے تالاب میں گر کر جاں بحق

خضدار (آن لائن) تحصیل زہری میں خاتون پانی کے تالاب میں گر کر جاں بحق ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل زہری کے علاقہ آر ینچی کے ایریا میں ایک عورت تالاب کے کنارے برتن دھو رہی تھی کہ سلپ ہوکر تالاب......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

## بدقسمتی کی انتہا اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود عوام غیر محفوظ، شس کرد

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی ترجمان میر شس کرد نے سانحہ مستونگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدقسمتی کی انتہا ہے اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود عوام غیر محفوظ ہیں سیکورٹی کی خطیر رقم گورنر وزیراعلیٰ وزراء اعلیٰ بیوروکریٹ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

## خضدار، تیز رفتار مسافر کوچ حادثے کا شکار ڈرائیور جاں بحق 8 زخمی

طبی امداد دینے کے بعد زخمیوں کو باغبانہ سے خضدار ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار باغبانہ میں تیز رفتار مسافر کوچ حادثے کا شکار ڈرائیور جاں بحق 8 مسافر شدید زخمی تفصیلات کے مطابق خضدار قومی شاہراہ پر کراچی سے کوئٹہ جانے والی الحمود کوچ باغبانہ کو رگ کے خطرناک موڑ پر تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر الٹ گئی۔ حادثے کے نتیجے میں ڈرائیور رچنا موقع پر جاں بحق اور 8 مسافر شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور لیویز باغبانہ اور مرکز 1122 باغبانہ کے عملہ نے بروقت ریسکیو کر کے طبی امداد......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

## دہشت گرد انسانیت سے عاری ہیں، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

بچوں سمیت متعدد افراد کی شہادت کی مذمت کرتے ہیں، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مستونگ میں دہشت گردانہ کارروائی میں بچوں سمیت متعدد افراد کی شہادت پر غم و غصے اور رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ واقعے میں ملوث دہشت گردوں کا کوئی مذہب اور قوم نہیں ہوتی۔ دہشت گرد انسانیت سے عاری ہیں۔ معصوم بچوں کو نشانہ بنانا کسی بھی طرح بہادری نہیں۔ دہشت گرد بزدل ہیں......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج آمد پر طالبات پھول پیش کررہی ہیں

## معصوم بچوں کو نشانہ بنانا انسانیت سوز واقعہ ہے، سیدال خان ناصر

بچوں اور بے گناہ افراد کے خون کا حساب لیں گے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (اے این این) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کی مستونگ میں دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شہید پولیس اہلکار اور معصوم بچوں کے ورثاء سے اظہار افسوس کیا دہشتگردوں نے غریب مزدوروں کے ساتھ اب معصوم بچوں کو نشانہ بنایا انسانیت سوز واقعہ قابل مذمت ہے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا کہنا تھا کہ دہشتگردوں نے سافٹ ٹارگٹ میں اب معصوم بچوں کو نشانہ بنایا معصوم بچوں اور بے گناہ افراد کے خون کا حساب لیں گے شہری آبادی......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

## سینٹ ہال میں اسلحہ لیجانے کا کیس، بی این پی کے 2 رہنما جیل منتقل

مسلح لوگ اندر گئے تو ذمہ دار سینٹ سیکورٹی ہے، جج طاہر عباس سپرا کے ریمارکس

جج طاہر عباس سپرا نے سوال کیا سینٹ ہاؤس کی سیکورٹی کا سربراہ کون ہے؟

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشتگردی عدالت نے سینٹ ہال میں اسلحہ لے جانے کے کیس میں بی این پی مینگل کے 2 رہنماؤں کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا، جج طاہر عباس سپرا نے سینٹ ہال میں اسلحہ لیجانے پر بی این پی مینگل کے......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

# مہنگائی کی اڑان دودھ، دہی، لہسن، انڈوں سمیت 12 اشیاء کے نرخ بڑھ گئے

ایک ہفتے کے دوران مہنگائی 0.10 فیصد بڑھی، سالانہ شرح 14.45 ریکارڈ، 12 اشیاء سستی، 27 کے نرخ مستحکم رہے

سستی ہونے والی اشیاء میں ٹماٹر، چکن، پیاز، گڑ، 20 کلو آٹے کا تھیلا و دیگر شامل ہیں، ادارہ شماریات کی ہفتہ وار رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح بڑھ گئی، سالانہ شرح 14.45 ریکارڈ کی گئی، ایک ہفتے کے دوران 12 اشیا مہنگی، 12 سستی، 27 کے نرخ مستحکم رہے، مہنگائی کی شرح 0.10 فیصد بڑھ گئی، وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے انڈے فی درجن 10 روپے 47 پیسے مہنگے ہوئے، لہسن فی کلو 17 روپے 56 پیسے مہنگا ہوا، گزشتہ ہفتے ایل پی جی گھریلو سلنڈر 60 روپے......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

# بارڈر سکیورٹی مزید سخت، تمام ایئرپورٹس پر بائیو میٹرک مشینیں نصب کرنیکا فیصلہ

بین الاقوامی مسافروں کیلئے بائیو میٹرک تصدیق لازمی، اشتہاری و مطلوب ملزموں کا اندرون اور بیرون ملک سفر کرنا ناممکن ہوگا

بائیو میٹرک مشینیں ایئرپورٹس انٹرنیشنل امیگریشن کاؤنٹرز پر لگائی جائیں، مقصد سکیورٹی بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانا ہے، وزارت داخلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے بارڈر سکیورٹی مزید سخت کرتے ہوئے ملک بھر کے تمام ایئرپورٹس پر بائیو میٹرک مشینیں نصب کرنے کا فیصلہ کرلیا، وزارت داخلہ کی جانب سے ایف آئی اے کو فوری اقدامات اٹھانے کا مراسلہ جاری کیا گیا، وزارت داخلہ نے بین الاقوامی مسافروں کے لیے بائیو میٹرک تصدیق لازمی قرار دے دی، وزارت داخلہ کے مطابق بائیو میٹرک تصدیق کے باعث......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اراکین اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات امور نجے کمارو دیگر دیوالی کا کیک کاٹ رہے ہیں

## اوستہ محمد، پولیس تھانہ گنداخہ اور باغ ہیڈ کی کامیاب کارروائیاں، پانچ ملزمان گرفتار

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) ایس پی اوستہ محمد انور بادینی کی ہدایات پر پولیس تھانہ گنداخہ اور باغ ہیڈ کی کامیاب کارروائیاں۔ قتل و ضرر کے مقدمات میں اشتہاری و روپوش پانچ ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

## مستونگ دھماکہ بزدلانہ اور وحشیانہ فعل ہے، جام کمال خان

کوئٹہ / اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے مستونگ دھماکے کو بزدلانہ اور وحشیانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ مستونگ دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہیں مستونگ دھماکا ایک بزدلانہ اور وحشیانہ فعل ہے، معصوم جانوں کا ضیاع ناقابل معافی جرم ہے ان کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

## نواب اسلم رئیسانی کا شہید غوث بخش ہسپتال مستونگ کا دورہ

مریضوں کی عیادت کی، واقعے پر انتہائی برہمی اور افسوس کا اظہار

مستونگ (پ ر) ممبر صوبائی اسمبلی، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف آف سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے مستونگ سٹی میں آج ہونیوالے دلخراش واقعے کے بعد شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ کا دورہ کیا شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ کے پبلک ریلیشن آفیسر نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ مستونگ سٹی میں آج ہونیوالے دلخراش اور افسوسناک واقعے کے بعد ممبر صوبائی اسمبلی......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

## پشتونخوا میپ کی نیشنل پارٹی کی نو منتخب کابینہ کو مبارکباد

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں نیشنل پارٹی کے قومی کانگریس میں ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو صدر اور کبیر محمد شہی کو جنرل سیکرٹری اور دیگر تمام عہدیداروں کے انتخاب پر انہیں مبارکباد پیش کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ نیشنل پارٹی کے نو منتخب......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

## ایڈیشنل چیف سیکرٹری اور ڈی سی کوئٹہ نے زخمیوں کی عیادت

زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر چھوڑ نہ رکھی جائے، شہاب علی

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل چیف سیکرٹری بلوچستان شہاب علی خان نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد اور اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) عبداللہ بن عارف کے ہمراہ سول ہسپتال ٹراما سینٹر کوئٹہ میں مستونگ دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اس دوران ایم ڈی ٹراما سینٹر ارباب کامران نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری بلوچستان اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو زخمیوں کے علاج و معالجہ اور دیگر سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی اس موقع......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

# ایف بی آر کو ٹیکس وصولی میں کمی کا سامنا، ہدف پورا کرنے کیلئے منی بجٹ لازم ہوگیا

رواں مالی سال کے پہلے 4 مہینوں میں ایف بی آر کو 980 ارب اکٹھے کرنے ہیں لیکن ابھی تک صرف 775 ارب اکٹھے ہو سکے

دسمبر تک کا ہدف پورا نہ ہوا تو پاکستان کو آئی ایم ایف سے اگلی قسط کی وصولی میں مشکلات ہوں گی، ذرائع فیڈرل بورڈ آف ریونیو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو ٹیکس وصولیوں میں 130 ارب روپے کی کمی کا سامنا ہوگا، ہدف پورا کرنے کیلئے ہر حال میں منی بجٹ لانا ہوگا، ایف بی آر ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کیلئے مقررہ دسمبر تک کا ہدف پورا نہ ہوا تو پاکستان کو آئی ایم ایف سے اگلی قسط کی وصولی میں مشکلات ہوں گی، رواں مالی سال کے پہلے 4 مہینوں میں ایف بی آر کو 980 ارب......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، رکن بلوچستان اسمبلی پرنس آغا عمر احمد زئی سول ہسپتال کوئٹہ میں مستونگ بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کررہے ہیں

## مستونگ دہشت گردی کی مذمت کرتا ہوں، میر ظہور بلیدی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلیدی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ مستونگ میں معصوم سکول کے بچوں، شہریوں اور پولیس پر دہشت گردوں کی جانب سے بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ شہداء کیلئے سکون اور زخمیوں کو جلد صحت یاب کرے حکومت......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

## کلرک کے طالبات کی امتحانی فیس جوئے میں ہارنے کے واقعہ کا نوٹس

فیس بروقت جمع نہ ہونے کی وجہ سے طالبات کا مستقبل خراب نہیں ہونا چاہئے، صوبائی مشیر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و صوبائی مشیر برائے صنعت و حرفت میر علی حسن زہری نے گزشتہ دنوں ژوب میں ایک سکول کلرک کی جانب سے 878 طالبات کی امتحانی فیس جوئے میں ہار جانے کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ فیس بروقت جمع نہ ہونے کی وجہ سے طالبات کا مستقبل خراب نہیں ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ واقعہ میں ملوث کلرک کو قرار واقعی سزا دی......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

## بی ایس او کا لاپتہ سہیل اور فصیح بلوچ کی عدم بازیابی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچ اسٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام 3 سال سے جبری طور پر لاپتہ سہیل اور فصیح بلوچ کی عدم بازیابی کے خلاف بلوچستان یونیورسٹی چوک سے احتجاجی ریلی نکالی اور کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا ریلی میں بلوچ یکجہتی کمیٹی اور لاپتہ افراد کے لواحقین بھی شریک تھے مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اور لاپتہ افراد کی......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

## مستونگ دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، مولانا واسع

بزدلانہ کارروائیوں میں ملوث عناصر انسان کہلانے کے لائق نہیں، صوبائی امیر جے یو آئی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، سیکرٹری جنرل سابق ایم این اے سید آغا محمود شاہ، صوبائی مجلس عاملہ کے اراکین کی مستونگ میں دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس قسم کی بزدلانہ کارروائیوں میں ملوث عناصر انسان کہلانے کے بھی لائق نہیں ہے انہوں نے اسکول کے معصوم بچے بچیوں اور پولیس اہلکار کی شہادت اور دیگر بچوں کی زخمی ہونے پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی نورالحق بلوچ ملاقات کررہے ہیں

## دھماکے کے بعد شہید غوث بخش رئیسانی ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ

چیف ایگزیکٹو آفیسر ہسپتال میں موجود، صورتحال کی خود نگرانی کرتے رہے

مستونگ (پ ر) شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ کے پبلک ریلیشن آفیسر نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ مستونگ سٹی کے افسوسناک واقعے کی اطلاع ملتے ہی ہسپتال کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر سعید احمد میروانی نے ہسپتال میں ہائی الرٹ جاری کیا۔ ہسپتال میں موجود ڈیوٹی ڈاکٹرز اور دیگر اسٹاف کے علاوہ مزید ڈاکٹرز اسٹاف......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

## بلوچستان ویران وریگستان بن گیا ہے، ہدایت الرحمان

حکمرانوں نے ملک کو نیلام، بدنام اور لوٹ لیا ہے، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ حکمرانوں نے ملک کو نیلام، بدنام اور لوٹ لیا ہے پی آئی اے و دیگر ادارے بیچ رہے ہیں ان اداروں کو لوٹنے والے انہی حکمرانوں میں شامل ہیں بدقسمتی......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

## جمال رئیسانی کی سکول کے قریب بم دھماکے کی مذمت

دہشت گردوں کا سکول اور معصوم بچوں پر حملہ شرم ناک ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے مستونگ میں سکول کے قریب بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے بے گناہ قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کے سکول اور معصوم بچوں پر حملہ قابل شرم ہیں، اور سکول کے قریب حملے میں نئی نسل کو تعلیم سے......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، سیکرٹری صالح ناصر، ملک رشید کاکڑ مستونگ دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کررہے ہیں

# دور از نکاح، ثالثی کونسل سے اجازت کے بغیر کیے جانے پر ازغیر شرعی، اسلامی نظریاتی کونسل

قانون کو شریعت کے مطابق تشکیل دیا جائے اور قرآنی حکم کے مابین ازواج میں انصاف کئے جانے کی تفصیلات متعین کی جاسکتی ہیں

نکاح، طلاق، خلع اور تنسیخ نکاح کے عدالتی فیصلے شریعت کے مطابق ہونے چاہیے، چیئرمین ڈاکٹر راغب حسین نعیمی

اسلام آباد (م ڈ) اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ عدالتی نظام اور نظام انصاف معتبر اور باثر ہونا چاہیے انہوں نے کہا کہ نکاح، طلاق، خلع اور تنسیخ نکاح کے عدالتی فیصلے شریعت کے مطابق ہونے چاہیئں تاہم دوسرا نکاح، ثالثی کونسل سے اجازت کے بغیر کئے جانے پر سزا غیر شرعی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے شریعہ اکیڈمی کے زیر انتظام ججز کے تربیتی کورس کے شرکاء......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، ڈاکٹر نوراللہ موسیٰ خیل، ڈاکٹر ارباب کامران کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

## کوئٹہ کا ماسٹر پلان آئندہ سال جون تک ہو جائے گا، امید علی کھوکھر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کو صوبے کا درجہ ملے 54 سال ہو گئے مگر کوئٹہ سمیت صوبے کے کسی شہر کا ماسٹر پلان نہیں بن سکا ہے اب کوئٹہ سمیت بلوچستان کے 33 شہروں کے ماسٹر پلان بنانے کا کام جاری ہے جو اگلے سال دسمبر تک مکمل ہونے کا امکان ہے......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

## 678 اسکولوں میں سے 149 کے غیر فعال ہونے کا انکشاف

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ میں قائم محکمہ تعلیم کے 678 اسکولوں میں سے 149 اسکولوں کے غیر فعال ہونے اور 25 اساتذہ کا پچھلے 2 سالوں سے مسلسل غیر حاضر رہنے کا انکشاف ہوا ہے اس بات کا انکشاف ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

## صوبائی دارالحکومت نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کے سخت انتظامات

مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز تعینات سخت تلاشی لی گئی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کے سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

## مستونگ بم دھماکہ کی مذمت کرتے ہیں، اشوک کمار

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے اقلیتی رکن اسمبلی اشوک کمار نے مستونگ بم دھماکے میں پولیس اہلکار، بچیوں سمیت دیگر افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اقلیتی برادری جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

## مستونگ دھماکہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، مولانا رمضان مینگل

بے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں، سربراہ سنی علماء کونسل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے سربراہ مولانا محمد رمضان مینگل نے مستونگ دھماکے میں معصوم بچوں پولیس اہلکار اور شہریوں سمیت 8 افراد کی شہادت اور 30 افراد کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعی کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے بے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں ہماری بلوچ پشتون روایات کے علاوہ اسلام بھی اس طرح کی دہشت گردانہ کارروائیوں......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

# سینی ضمنی انتخابات کیلئے کمیٹیاں تشکیل، عوام پارٹی کے حق میں اپنا فیصلہ دے، پشتونخوا میپ

پشتونخوا میپ روز اول سے ملک میں حقیقی جمہوریت کی بحالی، آئین کی بالادستی کیلئے جدوجہد جاری رکھی ہوئی ہے' عبدالرحیم زیارتوال' کبیر افغان

سبی میں صحت کا نظام نہ ہونے کے برابر' ہسپتالوں' آر ایچ سیز، ڈسپنسریوں میں ڈاکٹرز و سٹاف کا غیر حاضر رہنا معمول بن چکا ہے' اجلاس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع سبی کے زیر اہتمام حلقہ پی بی 8 سبی کے ضمنی الیکشن کی تیاریوں کے سلسلے میں پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی صدارت میں اجلاس کا انعقاد کیا گیا اجلاس میں انتخابی حلقے کی تمام صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا انتخابات کی تیاریوں کے سلسلے میں مختلف کمیٹیاں تشکیل دے دی گئیں جس میں مختلف کلیوں میں جرگوں کا انعقاد گھر گھر......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پیپلز لائرز فورم بلوچستان کے سینئر وکلاء 26 ویں آئینی ترمیم منظور ہونے کی خوشی میں ریلی نکال رہے ہیں

## مولانا فضل الرحمن پر تنقید سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف، جمعیت

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء و سابق سینیٹر مولانا حافظ حمد اللہ نے وزیراعلیٰ خیبر پشتونخوا علی امین گنڈاپور کے مولانا فضل الرحمن پر تنقید پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ مولانا فضل رحمن سیاست کی دنیا کے چاند ہے علی امین گنڈاپور کا ان پر تنقید اپنی......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

## جے یو آئی کی مجلس شوریٰ کا اجلاس آج طلب، اہم فیصلے متوقع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام پاکستان نے 26 ویں آئینی ترمیم کے محرکات اور اثرات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیلئے مرکزی مجلس شوریٰ کا اہم اجلاس آج طلب کرلیا، ترجمان جمعیت علمائے اسلام اسلم غوری کی جانب سے جاری اعلامیے کے......... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

## معصوم بچوں کو شہید کرنا انتہائی بزدلانہ فعل ہے، نواب ثناء اللہ خان زہری

مستونگ واقعہ کھلی دہشتگردی ہے ملوث عناصر انسان کہلائے جانے کے قابل نہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے مستونگ میں ہونیوالے بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کو شہید کرنا انتہائی بزدلانہ فعال ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں حالیہ دہشتگردی کی لہر قابل تشویش ہے کیونکہ ماضی میں دہشت گرد قانون نافذ کرنیوالے اداروں کو نشانہ بناتے تھے تاہم حالیہ......... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

## سپریم کورٹ بار انتخابات 2024-25 کے حتمی نتائج کا اعلان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ بار انتخابات 2024-25 کے کامیاب امیدواروں کے حتمی نتائج جاری کر دیئے گئے، نوٹیفکیشن کے مطابق سپریم کورٹ بار کے منتخب عہدیداروں اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین نے یکم نومبر سے کام شروع کر دیا، نائب صدر (سندھ) کا معاملہ تاحال عدالت میں زیر سماعت ہے

## منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی کی جائے، عبدالرحمن رفیق

نسل نو کی تباہی کے باعث تباہ کن مستقبل ہمارے معاشرے کا مقدر بن چکا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، مولانا خدائے دوست، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، الحاج مولانا عبدالبصیر، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حافظ مسعود احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، سالار حافظ سید سعد اللہ آغا حافظ بشیر احمد، مفتی رشید احمد حقانی، مولانا خلیل احمد آخوندزادہ، کوآرڈینیٹر ڈیجیٹل......... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سرویز اکیڈمی کے زیر تربیت آفیسران (ریسرچ گروپ تو) سوشلیشن ایکسرسائز کے حوالے سے سروے کر رہے ہیں

# پارٹی کو نظریاتی بنیادوں پر آگے بڑھانے کیلئے مزید جدوجہد درکار ہے، پشتونخوا نیپ

سیاسی کارکن کا مقصد تشہیر و خود نمائی نہیں فلسفہ اور نظریات ہونا چاہئے' چیئرمین خوشحال خان کاکڑ

اس وقت پشتونخوا نیپ تنظیمی طور پر مزید فعال اور آگے بڑھ رہی ہے' ضلعی کمیٹی کوئٹہ کے ماہانہ اجلاس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ سیاسی کارکن کا مقصد تشہیر اور خود نمائی کی بجائے قومی مقاصد فلسفہ اور نظریات ہونا چاہئے۔ پارٹی ضلع کوئٹہ نے ہمیشہ پارٹی کی تنظیمی اور سیاسی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے اور بجا طور پر تمام پارٹی کو اس پر فخر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوا نیپ ضلع کوئٹہ کے ضلعی کمیٹی کے ماہانہ اجلاس سے خطاب......... بقیہ 79 صفحہ نمبر 7 پر

## نیشنل پارٹی کی نو منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، اے این پی

قیادت پشتون بلوچ اقوام کے تاریخی رشتوں کو مزید مستحکم کرے گی، بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں نیشنل پارٹی کے نو منتخب مرکزی قیادت سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو مرکزی صدر سینیٹر کبیر محمد شہی کو سیکرٹری جنرل جبکہ اسلم بلوچ کو بلوچستان وحدت کے صدر اور چنگیز حئی ایڈوکیٹ کو جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ نیشنل پارٹی اور اس کی قیادت وفاقی پارلیمانی جمہوری نظام کی مضبوطی، عدل و انصاف کی فراہمی، امن کے قیام وسائل پر اختیار محکوم اقوام......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

## سانحہ مستونگ انسانیت سوز واقعہ ہے، اسلم بلوچ

دہشت گرد واقعات مسلط شدہ حکومتوں اور اداروں کی ناکامی کی عکاسی کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ اور جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ ایڈوکیٹ نے اپنے بیان میں سانحہ مستونگ کو انسانیت سوز قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا کہ یہ دہشت گرد واقعات مسلط شدہ حکومتوں اور ان ریاستی اداروں کی ناکامی کی عکاسی کرتے ہیں حکومتی اور سیکورٹی اداروں کی رٹ قائم کرنے کے نام پر عوام کا پیٹ کاٹ کر جو کھربوں روپے خرچ کیے جا رہے ہیں مگر بدقسمتی سے بلوچستان کی عوام کے لیے......... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

## سپریم کورٹ ججز کی تعداد بڑھانے سے متعلق بل پر حکومت کی حمایت، سینیٹر قادر

قومی اسمبلی جلد اس بل کو منظور کرلے گی فی الفور انصاف کی فراہمی کا خواب شرمندہ تعبیر ہوگا

جب تک انصاف کی فراہمی یقینی نہیں ہوگی ملک میں رول آف لاء کی بالادستی نہیں ہوسکتی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر عبدالقادر نے سپریم کورٹ ججز کی تعداد بڑھانے سے متعلق بل پر حکومتی حمایت پر تشکر کا اظہار کیا، سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ملکی آبادی میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے جس سے انصاف کی فراہمی کا نظام بھی دن بدن مفلوج ہوتا جا رہا ہے، سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد کم جبکہ ماہانہ ایک......... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

# کوشش ہے ٹیکس نیٹ میں اضافہ کریں، مفت میں حکومت نہیں چلا سکتے، احسن اقبال

بلوچستان میں پی ایس ڈی پی کے 1429 ارب کے 200 منصوبے جاری ہیں، 30 جون 2024 تک 381.2 ارب کے اخراجات ہوئے

اپنی قومی ذمہ داری سمجھتے بلوچستان کو حصے سے زیادہ دیا جائے، صوبے کا کوئی منصوبہ کمیشن میں آتا ہے تو تیزی سے منظور کرتے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کوشش ہے ٹیکس نیٹ میں اضافہ کیا جائے کیونکہ مفت میں حکومت نہیں چلا سکتے، سینٹ اجلاس میں وزارت منصوبہ بندی کی جانب سے پیش کیے گئے تحریری جواب میں بتایا گیا بلوچستان میں پی ایس ڈی پی کے 1429 ارب روپے کے 200 منصوبے جاری ہیں، 30 جون 2024 تک 381.2 ارب روپے کے اخراجات ہوئے......... بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

## مستونگ دھماکہ ایک سوچی سمجھی سازش ہے، سردار یار محمد رند

مستونگ کے عوام اپنے پیاروں کے لاشیں اٹھا اٹھا کر تھک چکے ہیں

بولان (این این آئی) سردار یار محمد رند نے اپنے جاری کردہ مذمتی بیان میں مستونگ دھماکہ میں معصوم طلباء و طالبات بے گناہ شہریوں کے شہادت اور زخمی ہونے پر شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مستونگ دھماکہ ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت مستونگ میں پے در پے بڑے بڑے سانحات کے رونما ہونے سے ظاہر ہوتا ہے مستونگ میں 2008 سے لیکر 2013 والے دور حکومت کے مظالم کو دہرایا جا رہا ہے مستونگ کے عوام اپنے پیاروں کے لاشیں اٹھا اٹھا کر تھک چکے ہیں ضلع میں ناقص سیکورٹی انتظامات ہیں

صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

# پی آئی اے اور قومی اداروں کی لوٹ سیل کی مزاحمت کرینگے، حافظ نعیم

پٹرولیم لیوی اور قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ کر کے معیشت میں بہتری کے دعوے جھوٹ ہیں، پوری حکومت ہی جھوٹ پر کھڑی ہے

اداروں کو تباہ کرنے والوں کو حق نہیں کہ عوام اور ریاست کے اثاثے اونے پونے داموں فروخت کریں، امیر جماعت اسلامی

لاہور (آن لائن) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی 26 آئینی ترمیم کو عدالت میں چیلنج کرے گی، وکلاء سے مشاورت حتمی مراحل میں ہے۔ حکومت نے آئینی ترمیم سے عدلیہ پر قبضہ جمانے کی کوشش کی، یقین ہے یہ قبضہ آج نہیں تو کل ختم ہوجائے گا، 27 ویں ترمیم کا شوشہ عوام کی توجہ ہٹانے کے لیے ہے۔ پٹرولیم لیوی اور قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ کر کے......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری و دیگر سینئر پولیس افسران مستونگ دھماکے میں شہید ہونیوالے پولیس اہلکار کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

## میر کبیر کا سانحہ مستونگ کے زخمیوں کی عیادت

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی نے ٹراما سینٹر کوئٹہ میں سانحہ مستونگ کے زخمی افراد کی عیادت کی اس موقع پر بی ایس او پجار کے مرکزی سیکرٹری جنرل ابرار برکت بلوچ بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## وزیراعظم شہباز شریف کی قطر کا دورہ مکمل کر کے وطن واپسی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف قطر کا 2 روزہ دورہ مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے، دوحہ کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر قطر کے وزیر مملکت برائے ثالثی عزت مآب محمد بن عبد العزیز بن صالح الخلیفی، قطر میں تعینات پاکستانی سفیر اور دیگر......... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

## مستونگ بم دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس ہے، سینیٹر کہدہ بابر

ایسے انسان دشمن، سماج دشمن عناصر کا قلع قمع کرنا وقت کی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ترجمان سینیٹر کہدہ بابر نے مستونگ بم دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسکول کے بچوں کو نشانہ بنانے والے تعلیم کے دشمن ہیں جو کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ مستونگ بم دھماکے میں بچیوں سمیت دیگر افراد کی شہادت پر دلی دکھ ہوا ہے۔ جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں......... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

## مستونگ میں معصوم بچوں اور شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں، میر شفیق الرحمن مینگل

دہشتگرد اللہ تعالیٰ کی پکڑ سے نہیں بچ سکتے کیونکہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا

کوئٹہ (یو این اے) جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمن مینگل نے مستونگ میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے معصوم بچے اور بچیوں عام شہری اور پولیس جوانوں کی شہادت اور زخمی ہونے والوں سے دلی افسوس کا اظہار کیا ہے میر شفیق الرحمن مینگل نے کہا ہے کہ معصوم بچوں اور عام شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں ہے دہشت گردانہ حملہ کرنے والے انسانیت کے دشمن ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی پکڑ سے نہیں بچ سکتے کیونکہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# معصوم بچوں پر حملے زندگی کی انتہا، حالات ابتر ہوتے جارہے ہیں، جمعیت نظریاتی

سیکورٹی ادارے مزید قانون کا راگ نہ الاپیں' حکومت بدامنی کا مسئلہ سنجیدگی سے لے' مولانا عبدالقادر لونی' مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی

نام نہاد دہشتگردی کی آڑ میں حکمران آپریشن سے خیبر پشتونخوا اور بلوچستان کو میدان جنگ بنانا چاہتے ہیں' مولانا عبدالرؤف' سید عبدالستار شاہ چشتی' مفتی فدا محمد

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نائب امیر مفتی فدا محمد صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی عبداللطیف مجاہد صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی......... بقیہ 80 صفحہ نمبر 7 پر